سا تو یں مُہر

جیفر سن ویل انڈیا نا۔ یو ایس اے

مارچ 24, 1963

1 525-1بھائی صاحب آپ کا شکریہ ۔آئیے ذرا کھڑے رہ کر دعا کریں۔قادر مطلق خدا ، ہماری زندگی کے مصنف اور تمام اچھی روحانی نعمتوں کے دینے والے ،ہم درحقیقت اس عظیم موقع کے لئے تیرے بڑے شکرگزار ہیں کہ ہمیں تیری حضوری میں اچھی رفاقت کے لئے وقت ملا ہے۔یہ ہماری زندگیوں میں سب سے نما یاں واقعہ ہے خداوند،ہم جتنا طویل عرصہ بھی زندہ رہیں اسے کسی قیمت پرفراموش نہیں کر سکتے ۔

جبکہ آج رات ہمارا اس سلسلہ کا آخری پرواگرم ہے۔۔۔۔۔۔ ہم کلام کے اس حصہ کو دیکھ رہے ہیں جو ضیافت کے آخری دن سے متعلق ہے،یسوع نے ان کے درمیان کھڑے ہو کر بلند آواز سے کہا ،،اگر کوئی پیاسا ہو تو میرے پاس آئے ،،۔۔۔۔۔۔اور آسمانی باپ ،میری دعا ہے کہ آج وہ الفاظ پھر دہرائے جائیں تاکہ ہم اپنے خداوند کی آواز سن سکیں جو ہمیں پکاررہاہو،جو ہمیں گہری رفاقت کے ساتھ اپنی خدمت کے لئے بلا رہا ہو ۔ہم محسوس کرتے ہیں کہ ان مہروں کے کھلنے سے پہلے ہی ہم اس کی آواز سن چکے ہیں ،وہ کہہ رہا ہے کہ یہ آخری وقت ہے ،اور وقت نزدیک ہے۔باپ جو کچھ ہم نے مانگا ہے یسوع مسیح کے نام میں اور اس کے جلال کی خاطر بحش دے ۔آمین۔تشریف رکھئے۔

2 میں یہ اضافہ کرنا پسند کروں گا کہ میری خدمت کی زندگی میں جتنی بھی عبادات ہوئی ہیں ،یہ ہفتہ ان سب سے زیادہ پر جلال گزراہے ۔بیشک اس سے پہلے میں نے شفائیہ عبادات میں بڑے بڑے معجزے وقوع میں آتے دیکھے ہیں ،مگر یہ اس سے کہیں بالاتر ہے ۔یہ عظیم واقعات میں سے ہے یہ میری زندگی کا نمایاں ترین واقعہ ہے اور اس مختلف موقع پر اس چھوٹے مقدس کو دیکھا ہے ۔یہی نہیں بلکہ اندر سے بھی مختلف نظارہ دیکھنے کو ملا ہے۔ اب میں بلی سے پوچھ رہا تھا ۔۔۔۔اس نے مجھے لے کر آنے میں بڑی دیر کر دی تھی اس نے بتایا کہ اس ہفتہ میں ایک اور گروپ نے بپتسمہ لیا ہے (ان کی تعداد ایک سو سے زیادہ تھی)ان لوگوں نے ہمارے خداوند یسوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لیا ہے اس لئے ہم شکرادا کرتے ہیں اور خدا آپ کو برکت دے۔ اگر آپ کے پاس گرجا گھر نہ ہو تو ہم دعوت دیتے ہیں کہ آئیے اور ہمارے ساتھ رفاقت قائم رکھے ۔یاد رکھئے یہ گرجا گھر آپ کیلئے کھلا ہے ۔ہم کوئی تنظیم نہیں ہیں اور مجھے امید ہے اور میں بھروسا رکھتا ہوں کہ یہ کبھی تنظیم نہیں بنے گی یہ محض ایک رفاقت ہے جہاں مرد اور عورتیں ،لڑکے اور لڑکیاں خدا کی میز پر اکٹھے ہوتے ہیں اور کلام کے گرد رفاقت کرتے ہیں اور ہماری سب چیزیں مشترک ہیں۔

3 526-1ہمارے پادری صاحب بھی حیرت انگیز آدمی اور حقیقی مرد خدا ہیں اور میں اس کے لئے شکر گزار ہوں اور اگر آپ کو ایک سال پہلے کی رویایاد ہو کہ جس میں خوراک ایک جگہ ذخیرہ کی گئی تھی اور وہ بالکل سچ ہے ۔اب ہمارے پاس ہر عمر کے لوگوں کی سنڈے سکول کلاسوں کے لئے مناسب جگہ ہے اور ہم اس موقع کے لئے نہایت شکر گزار ہیں ایک بار کسی نے کہا تھا کہ کاش ا ن کے پاس سنڈے سکول کی کلاسیں ہوں جہاں ہم اپنے بچوں کو بھیج سکیں ۔اب یہ انتظام مو جود ہے اور اگر آپ کے پاس گرجا گھر نہ ہو تو آپ ہمارے ساتھ آکر شامل ہو سکتے ہیں۔لیکن اگر آپ کے پاس کوئی اچھا گرجا ہو جہاں آپ جا سکیں اور وہاں انجیل کی منادی کی جاتی ہو تو کسی اور جگہ ہمارا دوسرا گروپ بھی ہوسکتا ہے لیکن اگر آپ کے پاس گرجا نہ ہو۔۔۔

4 526-2میں جانتا ہوں کہ ملک کے مختلف حصوں سے لوگوں نے آکر اس کو اپنا گرجا گھر بنایا ہے اور ہم بھی خدواند کے کلام کی طرف یقیناًآپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔مجھے یاد ہے کہ میں جب یہاں سے روانہ ہونے لگا تو میں نے کہا تھا کہ جن عبادات میں میری ضرورت ہو گی میں اس مقدس میں حاضر ہو جاؤں گا۔ ابھی تک مجھے علم نہیں کہ مستقبل میں خدا میرے لئے کیا منصوبہ رکھتا ہے اور مجھے اس کے ہاتھ کا بھروسا ہے (کسی بدعت یا اور چیز کا نہیں)اور میں روز بروز انتظار کروں گا کہ خدا کسی جگہ کی طرف میری رہنمائی کرے جہاں میں اس کی خدمت بہتر طور پر کر سکوں ۔اور جب میرے ساتھ اس کے کام مکمل ہوئے تو مجھے بھروسا ہے کہ وہ اپنے گھر میں مجھے سلامتی کے ساتھ قبول کرے گا۔

5 526-3اور اب میں مقدس کے لوگوں کے تعاون کیلئے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔جیسا کہ بلی مجھے بتا رہا تھا کہ اس ہفتہ میں جتنے گھر اس مقدس سے ملحقہ ہیں انکا ایک نہ ایک فرد موجود ہے۔ جن لوگوں کے پاس رہنے کو جگہ نہ ہو ان کیلئے وہ اپنے گھروں کے دروازے کھلے رکھتے ہیں ۔یہ ایک حقیقی مسیحی طریقہ ہے۔ سمجھے؟ اور کچھ گھروں نے تو جہاں تک ہوسکا ہے سب لوگوں کو ہی کسی نہ کسی کونے میں ٹھہرنے کیلئے جگہ دینے کی کوشش کی ہے کیونکہ اس لحاظ سے بڑا مشکل وقت ثابت ہوا ہے۔یہ کچھ اس قسم کا موقع بن گیا تھا جیسے کھیلوں کی دینا میں کسی میچ کے موقع پر ہوتا ہے ۔بہت سے لوگوں نے تو پہلے ہی جگہیں محفوظ کرا لی تھیں۔ میرا خیال ہے کہ اس چھوٹے سے گرجا میں اٹھائیس یا تیس ریاستوں سے لوگ آئے ہیں انکے علاوہ دو بیرونی ممالک کے لوگ بھی اس بیداری میں شامل ہونے یہاں آئے ہیں اسلئے کچھ جگہ ان کیلئے بھی ضروری تھی ۔آج میں کچھ لوگوں سے کہہ رہا تھا،،میں سمجھ گیا ہوں کہ اس عبادت میں جیفر سن ویل کے زیادہ لوگ نہیں تھے،،۔

6 2-527کسی شخص نے کہا ،،ہم اندر نہیں آسکتے ،،۔اس کی یہ وجہ تھی۔ کچھ پولیس والے اور دوسرے لوگ اندر عبادت میں آنا چاہتے تھے ،میں ان سے باہر باتیں کرتا رہا تھا، لیکن انہوں نے بتایا کہ وہ اندر نہیں آ سکے ۔یہ جگہ وقت سے بھی پہلے بھر چکی تھی اور وہ اندر داخل نہ ہو سکے اور شاید انہوں نے بعد میں وقت خرچ کیا ہو لیکن وہ نہ آ سکے ۔اب دوسری جگہوں سے لوگ آ رہے ہیں ۔اس لئے ہم نہایت شکر گزار ہیں ۔اب میں نہیں جانتا اس کے بعد کسی اور پیغام میں اگلا موضوع سات نرسنگوں کا ہو گا ۔لیکن مہروں میں عملی طور پر ہر چیز موجود ہے کلیسیائی زمانے آگے آئے اور ہم نے انہیں پہلے جگہ دی جو سب سے اہم کام تھا۔ لیکن اب مہروں کے کھلنے سے نظر آیا ہے کہ کلیسیا کہاں جا رہی ہے اور اس کا اختتام کیسے ہو گا ۔اب میرا خیال ہے کہ آسمانی باپ ہم پر یقیناًمہربان رہا ہے اور ہمیں اس نے دکھایا ہے کہ ہمارے پاس کیا ہے۔

7 4-527میں پرانی تحریروں کو دیکھ رہا تھا جن پر میں نے بہت سال پہلے منادی کی تھی میں نے کلام سناتے ہوئے وہی کچھ بیان کیا تھا جو میں اس وقت درست سمجھتا تھا ۔ یہ حقیقت سے بہت دور کی بات تھی ۔تب میں نے پہلی چاروں مہروں کو بیس منٹ کے پیغام میں بیان کر دیا تھا۔ میں نے مکاشفہ کے چاروں گھڑ سواروں کو اکٹھے بیان کرتے ہوئے کہا تھا ،،پہلا گھوڑاسفید بن کر نکلا ۔غالبا یہ ابتدائی دور تھا ۔اگلا گھوڑا کال میں چلا گیا ،، اور باقی باتیں بھی میں نے اسی طرح کی تھیں۔

لیکن میرے عزیزو جب کلام حقیقت میں منکشف ہوا تو یہ اس سے سینکڑوں میل دور تھا۔اس لئے مناسب ہے کہ ہم دیکھیں اور انتظار کریں ۔پھر شاید اس کا مناسب وقت یہی ہو بہت سی باتیں کہی گئی ہوں گی جو کئی دوسرے لوگوں کے لئے نا قابل قبول ہوں گی لیکن میرا ایمان ہے کہ جب خاتمہ کا وقت آئے گا اور ہم اپنے خداوند سے ملیں گے تب آپ کو معلوم ہو گا کہ یہ سچ تھا ۔یہ درحقیقت سچ ہے۔

8 6-527اب جو لوگ دوسرے شہروںیا دوسرے مقامات سے دوسری ریاستوں یا دیگر ممالک سے آئے ہیں میں آپ کے خلوص کی کتنی تعریف کروں کہ آپ نے اپنی چھٹیاں گزارنے کے لئے اتنا سفر کیا ہے اور ان میں سے کچھ کے پاس تو قیام کے لئے جگہ بھی نہیں ۔میں یہ اس لئے جانتا ہوں کیونکہ میں نے قیام کے لئے جگہ حاصل کرنے میں کچھ لوگوں کی مدد کی ہے کچھ کے پاس تو کھانے کے لئے پیسے بھی نہ تھے لیکن وہ پھر بھی آ گئے تھے اس امید پر کہ خدا ان کی فکر کرنے کے لئے کوئی کرشمہ دکھائے گا ۔اس پر اتنا بڑا ایمان رکھتے ہوئے انہوں نے پروا نہیں کی کہ انہیں کھانے کو کچھ یا قیام کو جگہ ملیگی یا نہیں ،انہوں نے ان باتوں کو وقوع میں آتا دیکھنے کی کوشش کی ،آپ جانتے ہیں کہ یہ بڑا جرات مندانہ اقدام ہے اور ہر شخص سو فصد درست ہے۔

میں اپنے شرعی بھائی سے ملا جو اس گرجا کی تعمیر کا کام کرتا رہا تھا میں اسے بتا رہا تھا کہ میں اس کے کام کو کتنا سراہتا ہوں ۔میں معمار نہیں ہوں نہ اس کام کے متعلق کچھ جانتا ہوں لیکن میں اتنا جانتا ہوں کہ مربعی کو نہ کیسا ہوتا ہے اور کیا یہی درست طریقہ سے بنا ہے یا نہیں۔

9 2-528اور اس نے کہا ،،آپ نے شاید اس سے پہلے ایسا وقت کبھی نہیں دیکھا ہو گا کہ آدمی کیسی ہم آہنگی کے ساتھ مل کر کام کر رہے تھے ۔بھائی وڈ،بھائی رابرسن اور باقی سب لوگ کس طرح اپنے فرائض ادا کر رہے تھے اور جس بھائی نے سمعی آلات ،یعنی عوام سے خطاب کے لئے نظام گرجا گھر میں فٹ کیا تھا ۔۔۔انہوں نے کہا ،،ہر چیز بالکل درست کام کر رہی ہے ،،جس چیز کی بھی ضرورت ہوتی تھی اسے کرنے کے لئے آدمی تیار کھڑا ہوتا تھا ۔پس اس سارے پرواگرم میں خدا کا ہاتھ موجود تھا اس کے لئے ہم نہایت شکر گزار ہیں۔

کلیسیا کے بہت سے لوگوں مثلا بھائی ڈاچ اور سسڑ ڈاچ جو یہاں بیٹھے ہیں ،نے بڑے بڑے عطیات دےئے ،بہت سے لوگوں نے اس کام میں بھاری عطیات پیش کئے اور میں سوچتا ہوں کہ اس وقت کسی چیز کی کمی نہ رہی تھی کیونکہ جو کچھ رہ گیا وہ بھی ادا ہو گیا ۔اس لئے ہم اس پر شکر گزار ہیں۔

10 4-528یاد رکھئے ،یہ آپ کا گرجا گھر ہے ،اس لئے کہ آپ مسیح کے خادم ہیں یہ اسی مقصد کیلئے تعمیر کیا گیا تھا۔ یہ خادم تیار کرنے کیلئے کھلا دروازہ ہے اور جو خادم پہلے ہی مسیح کی خدمت کر رہے ہیں وہ آ کر یسوع مسیح کی رفاقت سے خود کو محفوظ کر سکتے ہیں ۔میں چاہتا ہوں کہ آپ یہ جان لیں کہ یہاں سب کو خوش آمدید کہا جاتا ہے ۔اور جب کبھی آپ مجھے مسح کی حالت میں تنظیم پر سے پردہ اٹھاتے سنتے ہیں تو اس وقت بھی میں آپ کے پاسبان یا کلیسیا کے کسی بھائی بہن کے خلاف نہیں بول رہا ہوتا ،کیونکہ بہر حال خدا کے لوگ ہر تنظیم میں موجود ہیں ،لیکن خدا تنظیم کو قبول نہیں کرتا۔ وہ تنظیم میں موجود کو لوگوں کو انفرادی طور پر قبول کرتا ہے ۔یہ تنظیم کو نہیں لیتا کیونکہ جب لوگ خود کو تنظیم کے بندھنوں میں جکڑ لیتے ہیں تو پھر انہیں اس کلیسیا کی باتوں کے علاوں اور کچھ دکھائی نہیں دیتا ۔کیا آپ سمجھ گئے ہیں؟ اس طرح دوسرں سے ان کی رفاقت ٹوٹ جاتی ہے، اور یہ نظام ہی ہے جس سے خدا خوش نہیں ،یہ دنیاوی طریقہ ہے اور ہر گز خدا کا مقرر کیا ہوا نہیں ہے ۔

11 پس میں کسی فرد کے خلاف نہیں ہوں ،خواہ کوئی کیتھولک ہو یا یہودی ،چاہے میتھوڈسٹ ہو، بپٹسٹ ،پریسبیڑین ،خواہ کسی بھی تنظیم سے ہو یا کسی بھی تنظیم سے نہ ہو ،یا چاہے غیر تنظیمی شخص ہو ۔ خدا کے فرزند ان سب میں

موجود ہیں۔ سمجھے ؟ کئی دفعہ میں سوچتا ہوں کہ وہ وہاں اس مقصد کے لئے ہیں کہ روشنی دکھائیں اور ہر طرف سے برگزیدوں کو کھینچ لیں ۔ اور اس عظیم دن میں ہم دیکھیں گے کہ خداوند یسوع مسیح کی کلیسیا ہوا میں ملاقات کے لئے بلائی جائے گی ،اور ہم سب خداوند سے ملنے کے لئے اٹھائے جائیں گے ،اور میں اسی گھڑی کی راہ دیکھ رہا ہوں۔

ابھی بہت سی باتیں بیان کی جاسکتی ہیں ،اور آج رات چونکہ اختتامی عبادت ہے ،اس لئے جیسا کہ عام معمول ہے ،سب لوگ شفائیہ عبادت کی توقع رکھتے ہیں اور اس شفائیہ عبادت میں بڑے بڑے کاموں کی امید میں بڑے اظطراب کا شکار ہیں ۔آج رات بھی میں ویسی ہی کیفیت محسوس کر رہا ہوں کہ ہر شخص یہ امید لگائے ہوئے ہے کہ کچھ وقوع میں آئے گا ،اور ان مہروں کے کھلنے کے دوران ہر رات ایسا ہی ہوا ہے ۔

12 3-529اب میں اسے حقیقی معنوں میں واضح کرنا چاہتا ہوں ۔ہر بار ان مہروں کے متعلق جو بھی بات سامنے آئی ہے ،ان سے متعلق ہر بات جس کا میں یقین کرتا تھا اور جو دوسرے لوگوں سے پڑھی تھی ،کمرے میں جو کچھ ظاہر ہوا اس کے بالکل برعکس تھی ۔اور اس موقع پر میرا ذہن ۔۔۔آج صبح میں نے شفائیہ عبادت اس لئے کرائی تھی کہ میرا انسانی ذہن میری سوچ کے انداز سے بالکل ہی دور ہو گیا تھا میں نے پردے کھینچ کر اور روشنی جلا کر ایک کمرے میں بند رہنے کی کوشش کی ہے (اور اس کو آٹھواں دن ہے) حتی کہ میں کہیں جانے کیلئے اپنی کار میں بھی نہیں بیٹھا ۔مجھے کچھ بھائیوں کیساتھ روپے پیسے کے معاملات کیلئے جو اس گرجا کیلئے قرض لیے گئے تھے ،دستخط کرنے بینک تک جانا پڑا ،لیکن میں سیدھا واپس آیا اور مطالعہ کرنے کیلئے بیٹھ گیا ۔اور عجیب بات یہ ہے کہ کسی ایک آدمی نے بھی بات نہیں کی ۔عام طور پر لوگ بار بار دستک دیتے اور درواز کھولتے اور کرتے ہیں لیکن اس بار ایسا کوئی کام نہیں ہوا ۔یہ عین خدا کی قدرت کا کام ہے ۔

13 5-529بھائی وڈ جن کے ہاں میں کھانا کھایا کرتا ہوں ،عام طور پر ان کا گھر کاروں سے بھرا ہوتا ہے اور اس عرصہ کے دوران آٹھ دس آدمی ان کے ہاں قیام کرنے کے لئے آنے والے تھے مگر ان میں سے ایک بھی نہیں آیا۔

خداوند کے مجھ کمزور خادم پر جو فضل آج صبح ہوا اسے میں کبھی بھول نہیں سکتا۔جب میں نے اپنے ذہن کے مطابق ایک آدمی کے سوال کا جواب دے دیا اور میں سمجھ رہا تھا کہ میں نے ٹھیک کیا ہے، کہ اچانک میں نے محسوس کیا کہ جیسے میں نے کسی بچے سے کوئی چیز چھین لی ہو میں خود کو مجرم محسوس کرنے لگا لیکن سمجھ میں نہ آرہا تھا کہ کیا مسئلہ ہے۔ میں نے دل میں سوچا ،، شاید یہی وجہ تھی کہ میں اس شفائیہ عبادت کیلئے اتنا اصرار کر رہا تھا، شاید کوئی اتنا مایوس بیمار ہو جس کیلئے ابھی دعا کرنے کی ضرورت ہو۔۔۔۔،، اور میں نے سامعین سے پوچھا ۔چند منٹ بعد یہ ظاہر ہو گیا ۔کسی نے کہا ،،کیا آپ اپنا متن پڑھنا پسند کریں گے ؟،، اور اس وقت میں نے کاغذ کا ایک پرزہ اٹھایا اور اسے دوبارہ پڑھ کر دیکھا اور پھر کتاب کی طرف دھیان کیا ،اور اس سوال سے بالکل مختلف تھا جس کا جواب میں نے دیا تھا ۔سمجھے؟

14 2-530شاید میں اسے آپ کو منتقل کر دیتا۔ جب روح اندر آ جاتا ہے تو وہ ذہن مسیح کا ہوتا ہے ۔آپ اپنی سوچ سے اتنے دور ہو جاتے ہیں کہ آپ کے اپنے ذہن میں۔۔۔۔۔میں اس کی وضاحت بیان نہیں کر سکتا کیونکہ یہ میرے لیے ممکن نہیں ۔سمجھے؟ میں ایسا نہیں کر سکتا کوئی بھی شخص یہ نہیں کر سکتا ۔ایلیاہ نامی شخص کس طرح خدا کی حضوری کے تحت پہاڑ پر کھڑا ہوا اور آسمان سے آگ نازل کر دی ،پھر آگ کے بعد بارش ہوئی ایک بار اس نے آسمانوں کو بند کر دیا اور ساڑھے تین سال تک بارش نہ ہوئی پھر وہ واپس گیا اور اسی دن بارش کو بلا لیا؟ اور اسی مسح کے تحت چار سو جھوٹے نبیوں کو قتل کیا اور پھر ایک عورت سے خوفزدہ ہو کر چلاتا ہوا بیابان میں بھاگ گیا۔ سمجھے؟ایزبل نے قسم کھائی تھی کہ وہ اس کی جان لے گی ۔جبکہ اخی اب اور دوسرے لوگ وہاں موجود تھے اور انہوں نے خدا کی حضوری کو اور عظیم معجزہ کو وقوع میں آتے دیکھا تھا۔

15 3-530اس وقت روح اسے چھوڑ چکا تھا اپنی سوچ کے قدرتی انداز سے وہ نہیں جانتا تھا کہ کس طرح سوچے ۔سمجھے؟ وہ اپنے لئے نہیں سوچ سکتا تھا۔یاد رکھئے کہ فرشتہ نے اسے سلا دیا او ر آرام کرنے دیا ،پھر اسے جگا کر ایک چپاتی کھلائی ۔پھر اسے دوبارہ سلا دیا اور آرام کرنے دیا ،اور اسے پھر جگا کر ایک اور چپاتی کھلائی ،ہم نہیں جانتے کہ چالیس دن تک اس شخص کے ساتھ کیا ہوا ۔پھر اسے ایک غار میں بٹھا دیا گیا اور خدا نے اسے بلایا۔

16 کسی ما فو ق الفطر ت طریقہ کی وضاحت ۔۔۔ کرنے کوشش نہ کریں یہ آپ سے نہیں ہو سکتا ۔سمجھے ؟ آپ کے کرنے کا صرف ایک ہی کام ہے کہ آگے بڑھتے جائیں ۔جہاں تک ہو سکا میں اپنا اطمینان کرنے کی کوشش کروں گا، لیکن آج سے لے کر میں اسے کبھی نہیں آزماؤں گا ۔سمجھے ؟ آپ مطلق طور پر یا ایمان رکھیں یا نہ رکھیں اور تھوڑی دیر بعد آپ دیکھیں گے کہ ایسا کیوں ہے ۔

میں نے دیانتدار رہنے کی کوشش کی ہے ۔خدا یہ جانتا ہے ۔اور آج صبح اس سوال کا جواب بھی اپنی طرف سے پوری پوری دیانتداری سے دینے کی کوشش کر رہا تھا ۔ میں نے صرف آیت کا پہلا حصہ پڑھا تھا اور یہ کافی نہ تھا ،لیکن پاک روح سمجھ رہا تھا کہ میں ۔۔۔۔

دیکھئے گزشتہ دو یا تین دن تک کیا ہوتا رہا ہے ۔میں نے آج صبح سات ہزار کو سات سو کہہ دیا تھا اور لوگوں نے

اس نکتہ کو پکڑ لیا تھا ۔اس سے نظرآتا ہے کہ آپ لوگ توجہ سے سن رہے تھا۔

17 اب ایک دوسرے مقام پر میں نے برہ کی جگہ کبوتر کہہ دیا تھا لیکن میں نے اسے درست طور سے حاصل کر لیا اور اس دوسرے معاملہ پر میں توجہ نہ کر سکا ،مگر روح القدس نے حاضر ہو کر میرا ذہن اس کی طرف پھیردیا ۔یہ دوہری تصدیق ہے کہ یہ باتیں سچ ہیں ۔خدا نگرانی کر رہا ہے کہ یہ باتیں ٹھیک بیان ہوں ۔یہ سچ ہے ۔وہ چاہتا ہے کہ آپ جانیں کہ یہ سچائی ہے ۔وہی ان باتوں کا بھجنے والا ہے کیونکہ ان کو سکیھنے کی جیسی ضرورت آپ کو ہے ایسے ہی مجھے بھی تھی ۔اس لئے ہم اس علم کے حاصل ہو جانے پر خداوند کے نہایت شکر گزار ہیں کہ ہم کس دور میں رہ رہے ہیں ،ہم کلیسیا کے اٹھائے جانے سے پہلے کے انتہائی آخری زمانہ میں زندگی گزار رہے ہیں ۔ابھی تک ہم باتیں ہی کرتے رہے ہیں اس لئے آئیے خداوند سے اس کے کلام پر پھر برکت طلب کریں ۔

18 5-531ہمارے آسمانی باپ ،اب وہ عظیم رات اور وہ عظیم گھڑی آگئی ہے جب ایک عظیم کام ظہور میں آیا ہے ۔یہ سب لوگوں پر چھایا رہا ہے اور اے باپ ، میری دُعا ہے کہ آج تو ایسا کرے کہ لوگ بغیر شک کے سایہ کے اپنے دلوں اور ذہنوں میں سمجھ لیں کہ خدا ابھی تک تخت پر ہے اور ابھی وہ اپنے لوگوں پر مہربان ہے اور جس گھڑ ی کا انتظار دُنیا مدتوں سے کر رہی تھی اب قریب آرہی ہے۔ اس لئے کہ دنیا نجات کے لئے پکار رہی ہے ۔ہم دیکھ سکتے ہیں کہ اجرام فلک اسے واپس لانے کے لئے تیار ہیں ۔ہم دیکھ سکتے ہیں کہ اجرام فلک کلیسیا کو مسیح کی حضوری میں واپس لانے کے لئے تیار ہیں ۔ہم دیکھ سکتے ہیں دلہن صورت پکڑ رہی ہے ،وہ شادی کا جوڑا پہن کر تیار ہو رہی ہے۔ ہم روشنیوں کو پھڑ پھڑاتے دیکھ رہے ہیں ۔ ہم جانتے ہیں کہ ہم اختتام کے قریب ہیں ۔

آسمانی باپ ،اب جب کہ ہم اس نہایت عظیم واقعہ پر منادی کرنے ور سکھانے کے لئے آگے بڑھنے والے ہیں جو دو ہزار سال پہلے جلال میں واقع ہوا اور عظیم و پیارے رسول یوحنا کو دیا گیا تھا اور آج رات ہم اس پر بولیں گے تو روح القدس کو بھیج کہ وہ اپنی مکاشفہ کی قدرت کے ساتھ آئے تاکہ اس بات کو ہم پر منکشف کرے جو وہ ہمارے علم میں لانا چاہتا ہے جیسے گزشتہ راتوں کے دوران اس نے کیا ہے ہم یسوع مسیح کے نام میں اپنے آپ کو تیرے کلام کے ساتھ تیرے سپرد کرتے ہیں ۔ آمین ۔

19 3-532اب آپ بائبلیں کھولنے کے خواہش مند ہوں گے یہ ایک چھوٹی سی آیت ہے کتاب مقدس کی چھوٹی سی آیت ،لیکن یہ ساتویں مہر ثابت ہوئی ہے ۔گزشتہ رات ہم چھٹی مہر پر بول رہے تھے ۔پہلی مہر میں مخالف مسیح متعارف ہوا اس کا زمانہ شروع ہوا اور ہم نے دیکھا کہ وہ کس طرح نکلا ،جو حیوان خدا کی قدرت کے ساتھ متعارف ہوا وہ کس طرح مخالف مسیح کا مقابلہ کرنے کے لئے اس کے ساتھ چلا ۔میں نہیں سمجھتا کہ اس کے متعلق کسی کے ذہن میں کوئی سوال ہو گا ۔

پھر جب ہم اس میں سے گزرتے گئے تو ہم نے دیکھا کہ اس کلیسیائی زمانے کے بعد ایک دم ساری تصویر ہی بدل گئی ۔اب کوئی حیوان نہ نکلا۔ سمجھے؟ لیکن یہ متعارف ہوتا رہا ،اور کلیسیاکے اٹھائے جانے کے بعد بھی چلتا رہا اور مصائب کے دور تک پہنچا ۔یہ کس طرح کلیسیائی زمانوں کے عین مطابق ثابت ہوئیں ۔مجھے ایک نقطہ یاشوشہ بھی ایسا نظر نہیں آیا جو پوری طری زمانوں اور وقتوں کے مطابق نہ نکلا ہو ۔ذرا سوچئے ۔اس سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا کرنے والا خدا ہی تھا ۔سمجھے؟ انسانی ذہن اس کی پیمائش نہیں کر سکتا۔

20 5-532اب ہمیں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ خداوند نے ہمیں کلام مقدس کا وہ نوشتہ دیا ہے جو یسوع نے کہا تھا کہ وقوع میں آئے گا ہم نے اسے کس طرح معلوم کیا ہے ؟ پھر اس نے وہاں مخاطب ہو کر ان باتوں کو ظاہر کیا اور چھپے کی چھپے مہروں کو ہدف تک لے کر آیا لیکن اس نے ساتویں کو حذف کر دیا ۔سمجھے ؟ پھر جب مہریں کھولی گئیں تو غور کریں کہ خدا نے ساتویں مہر کی کسی علامت کو بھی ظاہر کرنے سے احتراز کیا ۔ سمجھے ؟ یہ ایک کامل بھید ہے جو خدا کے پاس ہے ۔ اب ہم بائبل میں سے ساتویں مہر کو پڑھنے جا رہے ہیں ۔یہ مکاشفہ 8باب میں ہے ؛

جب اس نے ساتویں مہر کھولی تو آسمان پر آدھے گھنٹہ تک خاموشی چھائی رہی۔(اس کے متعلق بس اتنا ہی لکھا ہے)۔

21 1-533اب ہم اس پر غور کریں گے اور کوشش کریں گے کہ زیادہ دیر نہ لگے کیونکہ آج رات آپ میں سے اکثر لوگ گھروں کو جانے کے لئے شاہراہوں پر سفر کریں گے ۔میں نے آج صبح دوبارہ ایک شفائیہ عبادت کرانے کا سوچا ،جس سے آپ صبح جا سکیں گے ،آپ کو انتظار نہیں کرنا پڑے گا ۔خود مجھے بھی اپنے گھر اپنی رہائش گاہ ایری زونا کے ٹیوسان جانا ہے ۔اگر خداوند کی مرضی ہوئی تو میرے گھرانے کا خیال ہے کہ جون کہ مہینے میں چند دنوں کے لئے ہم پھر یہاں آئیں گے ۔اور شاید میں بھی اسی وقت آپ سب لوگوں سے یہاں ملوں گا ۔

22 2-533میری آئندہ طے شدہ عبادت نیو میکسیکو کے البوکرکو میں ہے ۔میرا خیال ہے کہ میں 9,10,11 کو وہاں ہوں گا یعنی جمعرات اور مبارک جمعہ وہاں ہو گا ۔ میرے پاس ساری چیز کا ہونا ضروری تھا ، میرے اور بھی کئی پروگرام تھے جہاں میں اس وقت تک اسے پورا نہ کر سکا ، پس جمعرا ت کی رات اور جمعہ کو میں نیو میکسیکو کے البوکرکو میں ہوں گا ۔ اس کے بعد نزدیک ترین پروگرام شمالی کیرولینا کے سدرن پانیز میں "نصف شب کا شور" پر میرے اچھے دوستوں کے

ساتھ ہوگا ۔ اس وقت وہ فون پر سن رہے ہیں جس کی اطلاع انہوں نے تار بھیج کر دی ہے ۔لٹل راک میں یسوع نام کے لوگوں کے ایک گروپ کے پاس جانے کا وقت بھی قریب آرہا ہے ان کے ساتھ پچھلے موسم میں کاؤ پیلس میں عبادات ہوئیں تھیں ۔ وہ آرکنساس کے لٹل راک میں کنونشن کرنے والے ہیں ۔ وہ پچھلے سال سے اس خواہش کااظہار کرتے رہے ہیں کہ ممکن ہو تو تمام عبادات یا کم از کم ایک رات کا وقت دیا جائے اس لئے وہ ایک رات کے لئے تو لازمی طور پر تیاری کریں گے ۔

23 4-533میں نے کچھ نہ جانتے ہوئے انہیں کہہ دیا کہ وہ امکان کے طور پر تشہیر کریں ، پھر انہیں کچھ دیر بعد معلوم ہو جائے گا ۔کیا اس نے ابھی فون پر بات کی تھی ؟ ٹھیک ہے ۔ کیا کہہ رہا تھا ؟ [بھائی برینہم مجوزہ عبادت کے بارے میں کسی شخص سے بات کرتے ہیں ۔۔ایڈیٹر] (گرم موسم بہار میں بھول رہا تھا ۔ کیا مئی کی چوبیس تاریخ ؟ چوبیس سے اٹھائیس جون) اب یہ امکانی اعلان ہے ۔ یعنی اگرخداوند کی مرضی ہوئی تو ۔

دیکھئے یہی سبب ہے کہ میں ان کاموں کو کرنا پسند کرتا ہوں آپ کچھ دیر بعد سیکھیں گے ۔ سمجھے؟ جب میں کسی جگہ جاتا ہوں تو یہ جان کر وہاں قدم رکھنا پسند کرتا ہوں کہ خدا نے مجھے وہاں جانے کو کہا ہو ۔پھر اگر کسی جگہ دشمن سر اُٹھائے تو میں کہتا ہوں " میں یہاں خداوند یسوع کے نام سے آیا ہوں ' فورا پیچھے ہٹ جا "۔ سمجھے ؟ یوں ہمیں اپنے میدان کا علم ہوتا ہے ۔ سمجھے؟ جب خدا آپ کو کسی جگہ بھیجتا ہے تو آپ کی حفاظت کرتا ہے ۔ لیکن اگر آپ اپنے ہی خیال کے ساتھ جائیں تو پھر میں کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ شاید خدا وہاں نہ ہو اس لئے جہاں تک ممکن ہو میں یقین کر لینا چاہتا ہوں میں نے ایسے بہتوں کو لیا ہے جنہیں لینے کو خدانے نہیں کہا تھا لیکن میں ہر ممکن حد تک یقین کرنا پسند کرتا ہوں ۔ اب خداوند آپ سب کو برکت دے ۔

24 2-534اب غور کریں کہ یہ صرف ایک ہی آیت ہے ،اس سے ذرا پہلے ہم ایک چھوٹی سی اور بات بھی کرنا پسند کریں گے ۔اگر آپ غور کریں تو ہم ساتویں باب کو نظر انداز کر گئے ہیں۔ چھٹا باب چھٹی مہر پر ختم ہوتا ہے لیکن چھٹی اور ساتویں مہر کے درمیان کچھ اور بھی واقع ہوا ہے ۔سمجھے ؟ یہ کتنے پیارے انداز میں اپنی درست جگہ پر رکھا گیا ہے ،یعنی چھٹی اور ساتویں مہر کے درمیان اگر آپ ساتویں باب پر غور کریں ،ہم دیکھتے ہیں کہ چھٹے اور ساتویں کے درمیان ایک وقفہ ہے ۔ مکاشفہ کی کتاب کے چھٹے اور ساتویں باب کے درمیان ایک وقفہ ہے ،اور یہ وقفہ چھٹی اور ساتویں مہر کے درمیان دیا گیا ہے ۔اب ہم اس پر غور کرنا چاہتے ہیں ۔اس مختصر عرصہ پر غور کرنا بڑا اہم ہے ۔

25 4-534یاد رکھئے کہ مکاشفہ کے چوتھے باب کے بعد کلیسیا اٹھا لی جاتی ہے ۔جب چاروں گھڑ سوار نکل جاتے ہیں تب کلیسیا اٹھا لی جاتی ہے ۔سمجھے؟ کلیسیا کے ساتھ جو کچھ بھی ہوا مکاشفہ کی کتاب کے چوتھے باب تک ہوا ،جو کچھ مخالف مسیح کی تحریک کے دوران ہوا ،وہ چوتھے باب تک گیا جونہی مکاشفہ کی چوتھی مہر (جو مسیح اور مخالف مسیح دونوں کے لئے ہے) ختم ہوئی تو مخالف مسیح کو مجرم ٹھہرایا گیا اور ساتھ ہی اس کی فوج بھی ،اور مسیح بھی اپنی فوج کے ساتھ آ گیا۔

یہ پرانی جنگ ہے جو وقت کے آغاز سے پہلے شروع ہوئی ۔اس وقت شیطان اور اس کے فرشتوں کو نکال دیا گیا ۔پھر وہ زمین پر آگئے اور جنگ دوبار شروع ہو گئی ۔کیونکہ حوا نے اس حد کو توڑ دیا جہاں وہ خدا کے کلام کے پیچھے محفوظ تھی اور اسی گھڑی سے شیطان نے خدا کے کلام پر جنگ جیت لی ،اس لئے کہ خدا کی رعایا کے ایک کمزور فرد نے رکاوٹ توڑ دی تھی ۔

26 6-534بالکل یہی طریقہ ہے جس سے شیطان نے ہر بار یہ جنگ جیت لی ہے کیونکہ خدا کی رعایا کے ایک فرد نے کلام کے راستہ سے رکاوٹ ہٹا ڈالی ۔اور یہ کام اس آخری کلیسیائی زمانے میں ایک تنظیمی نظام کے ذریعے کیا گیا ہے جسے زندہ خدا کی حقیقی پاک کلیسیا جس کے ساتھ ایک ببر سوار ہے ایسا نہیں کرے گی کہ کلام کو قبول کرکے پھر کلیسیا کو کلام سے ہٹا کر عقائد پر لگا دے

اب آپ میں سے کتنے لوگ جانتے ہیں کہ رومن کیتھولک کلیسیا رسومات پر تعمیر کی گئی ہے ؟ کیا وہ اسے تسلیم کرتے ہیں ؟ قطعی طور پر ۔وہ یقیناًاسے تسلیم کرتے ہیں ۔اس سے کیتھولک کلیسیا کے احساسات کو ذرا بھی تکلیف نہیں پہنچتی کیونکہ وہ خود بھی یہ جانتے ہیں ۔ تھوڑا عرصہ پہلے ہی انہوں نے ایک نئی بات کا اضافہ کیا کہ مقدسہ مریم زندہ اٹھا لی گئی تھی ۔آپ کو یاد ہو گا کہ تقریبا اب سے د س سا ل پہلے انہوں نے یہ کہا۔ کتنوں کو یہ بات یاد ہے ۔اخبارات اور تمام ۔۔۔۔۔۔۔۔یقیناًیہ ایک نیا عقیدہ ہے ۔دیکھئے یہ سب رسومات ہیں ،کلام نہیں ۔سمجھے ؟

27 2-535حال ہی میں ایک شخصی گفتگو کے دوران ایک کاہن نے کہا " مسٹر برینہم ، خدا اپنی کلیسیا کے اندر ہے "۔

میں نے کہا " خدا اپنے کلام کے اندر ہے "۔

اُس نے کہا " ہمیں بحث نہیں کرنی چاہیے "۔

میں نے کہا " میں بحث نہیں کر رہا ، میں عرض کر رہا ہوں "۔ خدا اپنے کلام کے اندر ہے ۔ یہ سچ ہے ۔ کلام کہتا ہے " جو کوئی اس میں کسی چیز کا اضافہ کرے یا اس میں سے کچھ نکال ڈالے۔۔۔"

اس نے جواب دیا " ہاں ، مسیح نے اپنی کلیسیا کو اختیار دیا تھا اور کہا تھا کہ جو کچھ تم زمین پر باندھو گے آسمان پر باندھا جائے گا "۔

میں نے کہا " یہ عین سچائی ہے"۔

اُس نے کہا اسی اصول پر ہم کہتے ہیں کہ ہمیں گناہ معاف کرنے کا اختیار ہے اور ۔۔۔"

میں نے کہا " اگر آپ اسے اس طرح کریں جیسے یہ کلیسیا کو دیا گیا تھا اور جیسے انہوں نے کیا تو میں اسے قبول کروں گا ۔ اگر آپ اس طرح کریں کہ یہاں پانی ہے کہ آپ اپنے گناہوں کی معافی کے لئے یسوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لیں نہ کہ کوئی اور آدمی آپ سے کہے کہ آپ کے گناہ معاف ہوگئے ہیں " ۔ سمجھے ؟ یہ عین اسی طرح ہے۔

28 535-6پینتی کوست کے روز پطرس کو ان کنجیوں کے ساتھ دیکھئے ۔ یاد رکھیں جن کنجیوں کی وہ بات کرتے ہیں وہ پطرس کے پاس تھیں اور انہوں نے کہا " بھائیو ہم کیا کریں کہ نجات حاصل کریں ؟"۔

پطرس نے کہا " توبہ کرو اور تم میں سے ہر ایک اپنے گناہوں کی معافی کے لئے یسوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لے"۔

" کس لئے ؟"

" گناہوں کی معافی کے لئے اور پھر تم روح القدس انعام میں پاؤ گے کیونکہ یہ وعدہ تم اور تمہار ی اولاد اور ان دور کے لوگوں کے لئے بھی ہے جن کو خداوند ہمارا خدا اپنے پاس بلائیگا "۔ یہ سچ ہے ۔ پس یہ ہمیشہ کے لئے طے ہے ۔ یہ مکمل ہے ۔ لیکن آپ دیکھتے ہیں کہ مخالف مسیح اندر آگیا جیسا کہ ہم نے تصویر کشی کر کے اُسے دیکھایا ہے ۔ عزیزو ، یہ مکاشفہ ہے ۔ ذرا سوچئے کہ ان تمام برسوں میں ہم اسے جنبش کرتا دیکھتے رہے ہیں اور اب یہ مطلق طور پر براہ راست خداوند یوں فرماتا ہے ۔

29 536-2اب ہم غور کریں تو یہ واقعہ ہمیں چھٹے اور ساتویں باب کے درمیان دکھائی دیتا ہے ۔ مکاشفہ کا ساتواں باب ایک واقعہ کو ظاہر کرتا ہے ۔ یہ یہاں فضول مقصد کے لئے نہیں ہے ۔ اسے ان کے درمیان بغیر مقصد کے نہیں رکھا گیا ۔ سمجھے ؟ یہ یہاں ایک مقصد کے تحت ہے، یہ ایک مکاشفہ ہے جو ایک چیز کو ظاہر کرتا ہے ۔ غور کریں کہ یہ کیسی پر اسرار چیز ہے اور وعددی لحاظ سے کلام میں کیسے عین منطبق ہو رہی ہے ۔ کیا آپ خدا کے علم اعداد پر یقین رکھتے ہیں ؟اگر نہیں تو پھر آپ یقیناًکھوئے ہوئے ہیں ۔ آپ یقیناًکلام میں گم ہو جائیں گے ۔ اگر آپ چار یا چھے یا کسی بھی عدد کو عددی الفاظ کی ترتیب سے ایک طرف رکھ دیں گے تو آپ کو ایسا منظر نظر آئے گا جس میں کسی درخت کی چوٹی پر گائے بیٹھی گھاس چرتی نظر آئے گی۔

آپ یقیناًباہر نکل جائیں گے ،کیونکہ خدا نے ایسے نہیں کیا تھا ۔ خدا کا پورا کلام مکمل طور پر اعداد کے ساتھ چلتا ہے ۔ جی جناب ۔ یہ کامل ہے اور کوئی تصنیف اس کی طرح کی نہیں ہے ۔ اس لئے یہ حسابی لحاظ سے بھی کامل ہے۔

30 آٹھویں باب میں ساتویں مہر کا صرف منظر پیش کیا گیا ہے لیکن وہاں اور کچھ نہیں ظاہر کیا گیا ۔ ساتویں مہر میں کوئی چیز ظاہر نہیں کی گئی ۔ اب مکاشفہ سات باب کے ساتھ اب کوئی کام نہیں ہے ساتویں مہر کے کھولنے میں مکمل خاموشی ہے ۔ میں کچھ مقامات سے بیان کرنے کی کوشش کروں گا ، لیکن اگر میرے پاس وقت ہوتا تو میں پیدائش کی کتاب سے لے کر دکھاتا کہ ساتویں مہر کی بات کہاں بیان کی گئی ہے ۔ اس مہر نے پیدائش کی کتاب میں انتہائی ابتد ا کے وقت سے حرکت شروع کی تھی ۔

کیا آپ کو یاد نہیں کہ آج صبح یہ باتیں کس طرح منظر پر آئیں ۔ آج رات انہیں سامنے آتا دیکھیں اور آپ معلوم کریں گے کہ جونہی ساتویں مہر آتی ہے تو سلسلہ کٹ جاتا ہے ۔ یسوع مسیح خود بولتا رہا ہے اور اس نے آخری وقت کے متعلق بتایا ہے اس نے چھے کی چھے مہریں بیان کی ہیں لیکن جونہی وہ ساتویں مہر پر پہنچا تو رک گیا ۔ یہ بات ہے ۔ سمجھے؟ یہ ایک عظیم چیز ہے ۔

31 536-6اب ہم تھوڑی دیر ساتویں باب پر گفتگوکریں گے تا کہ اسے چھٹی اور ساتویں مہر کے درمیان پُل بنا سکیں ، کیونکہ یہی واحد مواد ہے جسے لے کر ہم ٹھیک طور سے آگے بڑھ سکتے ہیں اور وہ یہ کہ چھٹی اور ساتویں مہر کے درمیان اسرائیل کو بلایا جاتا ہے ۔

اب یہاں میرے یہواہ وٹنس کے پیارے دوست بھی بیٹھے ہیں ۔ یا یہ کہ وہ کبھی یہواہ وٹنس رہے ہیں ۔ شاید ان میں سے کچھ اب بھی یہواہ وٹنس ہی ہونگے ۔ وہ ہمیشہ ان ایک لاکھ چوالیس ہزار کو مسیح کی آسمانی دلہن بیان کرتے رہے ہیں (مسٹر زسل نے ایسا کیا تھا)۔ سمجھے؟ یہ دلہن نہیں ہے ۔ اسکا کلیسیائی زمانے کے ساتھ ہر گز کوئی تعلق نہیں ۔ یہ قطعی طور پر اسرائیل ہیں ۔(ہم چند منٹ تک اسے پڑھیں گے) ۔

یہ مہروں کے درمیان کا واقعہ ایک بلاہٹ ہے اور کلیسیا کے اٹھائے جانے کے بعد مصائب کے دور کے دوران ایک لاکھ چوالیس ہزار یہودیوں پر مہر کی گئی ۔ سمجھے؟ اس کا کلیسیا ئی زمانے کے ساتھ ہر گز کوئی تعلق نہیں ہے ۔ اوہ، یہ

کیسی کاملیت کے ساتھ کلام کے ساتھ ہم آہنگ ہے ۔ دانی ایل کے ستر ہفتوں میں سے آخری ساڑھے تین سال دانی ایل کے لوگوں کو دے دئیے گئے۔ سمجھے؟ غیر قوموں کو نہیں بلکہ دانی ایل کے لوگوں کو ، اور دانی ایل یہودی تھا ۔

32 2-537یاد رکھیں کہ اسرائیل صرف اپنے نبیوں کا یقین کرتا ہے ، جب وہ ثابت ہو جاتے ہیں اور ابتدائی رسولی کلیسیا کے زمانے کے بعد تمام کلیسیائی زمانوں میں پروٹسٹنٹ کلیسیا میں کوئی نبی بر پا نہیں ہوا ۔ مجھے بتائیے کہ وہ کون تھا ، اور مجھے دکھائیے، یہ کبھی نہ تھا ۔ ابتدائی رسولی زمانہ میں اگبس نام کا ثابت شدہ نبی ان کے درمیان موجود تھا ۔ لیکن جب غیر قومیں خدا کی میراث میں شامل ہوئیں اور پطرس کو (جیسا کہ ہم نے گزشتہ رات پڑھا تھا) خداوند نے بتایا کہ وہ اپنے نام کی خاطر غیر قوموں کے لوگوں میں سے اپنی دلہن لے رہا ہے اس کے بعد پولوس نے غیر قوموں کی طرف رخ کیا پھر تاریخ کے صفحات پر کبھی نظر نہیں آیا کہ غیر قوموں میں کوئی نبی ہوا ہو۔

33 3-537اب آپ تواریخ کا مطالعہ کر کے تلاش کر سکتے ہیں ۔ کیوں ؟ اس لئے کہ یہ عین کلام کے بر عکس ہوتا ۔ جب پہلا جاندار نکلا تو یہ ایک ببر شیر تھا ۔ یہ نبی کا کلام تھا ۔ اس کے بعد محنت اور قربانی تھی ۔ اس کے بعد انسان کی چالاکی تھا لیکن آخری زمانہ کے لئے ہمارے ساتھ وعدہ کیا گیا ہے کہ سب غلط راہنمائی اور نامکمل کاموں کو پورا کر کے کلیسیا کی طرف واپس آنے کے لئے ساتویں فرشتہ کا پیغام خدا کے تمام بھیدوں کو مکمل طور پر ظاہر کر دے گا اور ہم نے ان سب کو سمجھ لیا ہے ۔ہم دیکھتے ہیں کہ یہ پوری طرح کلام کے ساتھ م مطابقت رکھتا ہے۔ یہی سبب ہے ۔

34 4-537اب کیا ، آپ تصور کر سکتے ہیں کہ یہ شخص کب منظر پر آتا ہے اور جب وہ آئے گا تو اتنا حلیم ہوگا کہ کلیسیائیں عرصہ تک اسے سمجھ نہ سکیں گی ۔ کیا آپ کلیسیاؤں کا تصور کر سکتے ہیں جو ابھی تک اصلاح کاروں کی روایات کے ماتحت ہیں ، کیا وہ کبھی خدا سے نبی حاصل کر سکیں گی جو سختی کے ساتھ ان کی تعلیمات اور تنظیموں کے خلاف ہو ۔

اب اسے صرف ایک ہی شخص پورا کر سکتا ہے ، روئے زمین پرصرف ایک ہی روح ہے جسے میں جانتا ہوں اور وہ اس زمانہ کا ایلیاہ ہی ہو سکتا ہے اور کلام میں بتایا گیا تھا کہ ایسا ہوگا جو اور کچھ نہیں بلکہ مسیح کا روح ہے ۔ جب مسیح آیا تو وہ پورای طرح معمور تھا ، وہ ایک نبی تھی ، وہ نبیوں کا خدا تھا ۔ کیا آپ میری بات سمجھ گئے ہیں ؟

35 2-538دیکھئے کہ انہوں نے مسیح کے ساتھ کس طرح نفرت کی ۔ لیکن وہ اسی طرح آیا جیسے کلام نے اس کے آنے کا بتا رکھا تھا اور جیسا کہ وہ نبی تھا ، انہوں نے دلوں کے خیالات بتانے کو ناپاک روح کہہ کر کفر بکا اور خدا کی بادشاہی سے دور کر دئیے گئے۔ انہوں نے اسے قسمت کا حال بتانے والا یا شیطان کہا۔ قسمت کا حال بتانے والی روح شیطانی ہوتی ہے ۔ یقیناًایسا ہی ہے ۔ کیا آپ یہ جانتے ہیں ؟ عین اسی طرح ہے ۔ قسمت کا حال بتانا نبی کی نقل ہے ، جو خدا کے نزدیک مطلق کفر ہے۔

36 3-538اب غور کریں کہ یہ کیسی کامل صورت میں دانی ایل کے آخری ساڑھے تین سال کے کلام کے ساتھ موافقت رکھتا ہے ۔ غور کریں کہ اسرائیلی ایمانداروں کو پرانے عہد نامہ میں بتایا گیا ہے وہ صرف اپنے نبیوں پر ایمان لائیں ، اس کے بعد کہ جب وہ نبی ثابت ہو جائیں ۔ " اگر تمہارے درمیان کوئی روحانی یا نبی ہو تو میں خداوند تمہارا خدا خو د کو اس پر ظاہر کروں گا اور خواب اور رویا میں اس کے ساتھ کلام کروں گا "۔ یعنی وہ خوابوں کی تعبیر بیان کرے گا ۔ اگر کوئی شخص خواب دیکھے تو نبی اس قابل ہو گا کہ اس کی تعبیر بیان کر سکے اور اگر وہ رویا دیکھے گا تو اسے بیان کرے گا ۔ " میں خوابوں اور رویا کے ذریعے خود کو اس پر ظاہر کروں گا ۔ لیکن اگر اس کی با ت پوری نہ ہو تو تم اس کی نہ سننا "۔ یہ سچ ہے ۔ " دور ہو جاؤ اسے چھوڑ دو " سمجھے؟

37 5-538اب اسرائیلی ہمیشہ اسی کا یقین کریں گے اور کیا آپ سمجھ نہیں رہے کہ ایسا کیوں ہے ؟ اب میں چاہتا ہوں کہ آج رات آپ یہ سبق اچھی طرح حاصل کر لیں ۔ کیوں ؟ کیونکہ انہیں خدا سے یہ حکم ملا ہوا ہے ۔ مجھے اس سے کوئی غرض نہیں کہ آپ اپنی بغل میں بائبل دبائے انہیں کتنی بائبلیں مہیا کرتے ہیں ۔ مگر وہ نبی کے علاوہ کسی چیز کو قبول نہیں کریں گے ۔ یہ بالکل درست ہے کیونکہ صرف نبی ہی وہ شخص ہوتا ہے جو الہیٰ کلام کو لے کر اس کے مقام پر کھ سکتا ہے اور ایک ظاہر شدہ نبی بن سکتا ہے وہ اس کا یقین کریں گے ۔ یہ سچ ہے ۔

38 1-539جیسا کہ میں بنٹن کی بندرگاہ پر ایک یہودی سے گفتگو کر رہا تھا جب جان رائن کو بینائی حاصل ہوئی جو تمام عمر نا بینا رہا تھا ۔ وہ مجھے داؤد کے شہر میں لے گئے اور یہ ربی لمبی داڑھی کے ساتھ میرے پاس آکر کہنے لگا" آپ نے کس اختیار کے ساتھ جان رائن کو بینائی عطا کی ہے ؟ "

میں نے کہا " خدا کے بیٹے یسوع مسیح کے نام سے "۔

اس نے کہا " خدا نہ کر ے کہ وہ اس کا بیٹا ہو"۔ پھر اس نے کہا "آپ لوگ خدا کے تین ٹکڑے کر کے اور اس سے تین خدا بنا کر کسی یہودی کو نہیں دے سکتے ۔ آپ بت پرستوں کا ٹولہ ہیں ۔ میں نے کہا " میں اسے تین حصوں میں نہیں کاٹتا "۔ میں نے کہا " ربی ، کیا آپ کے لئے یہ عجیب نہ ہوگا کہ آپ اپنے نبیوں میں سے ایک پر ایمان رکھیں جس نے کوئی چیز غلط بیان کی ؟ "

اس نے کہا " ہمارے نبی کوئی بات غلط نہیں بتاتے "۔ میں نے کہا " یسعیاہ 6:9 میں سے کس کی بات بیان کر رہا تھا

؟ " اس نے کہا " مسیح کی "

میں نے کہا " تب مسیح بھی ایک انسان ہوگا ۔ کیا یہ درست ہے ؟ "

اس نے کہا " جی ہاں، یہ درست ہے "۔

میں نے کہا " مجھے دکھائیے کہ یسوع نے اسے کہاں چھوڑا "۔ پھر میں نے کہا " مسیح نبی کا خدا سے کیا رشتہ ہوگا ؟ " اس نے کہا " وہ خدا ہوگا"۔

میں نے کہا " یہ درست ہے ۔ اب آپ اس کے سرے پر پہنچ گئے ہیں "۔ میری ایسی مدد ہوئی کہ میرے سامنے اس یہودی کی آنکھوں سے آنسو اس کے چہرے پر بہنے لگے ۔ اس نے کہا " میں پھر کبھی آپ کی بات سنوں گا "۔

میں نے کہا " ربی، کیا آپ اس پر ایمان لاتے ہیں ؟ " اس نے کہا دیکھئے خدا ان پتھروں سے ابرہام کے لئے اولاد پیدا کر سکتا ہے "۔ (میں سمجھ گیا کہ وہ نئے عہد نامہ میں سے بول رہا تھا)۔

میں نے کہا " یہ سچ ہے ربی، اب آپ اس کے بارے میں کیا کہتے ہیں ؟ "

اس نے کہا اگر میں اس کی تبلیغ کروں گا تو میں وہاں نیچے ہوں گا "۔ (آپ جانتے ہیں کہ ان کا مقام وہاں پہاڑی کے اوپر ہے) ، " میں نیچے گلی میں روٹی کے لئے بھیک مانگ رہا ہوں گا "۔

میں نے کہا " میں وہاں روٹی کے لئے بھیک مانگنے کے بجائے ۔۔۔" (آپ جانتے ہیں کہ یہودی اب بھی اپنے ہاتھ دولت پر رکھتے ہیں ۔ سمجھے؟ ") میں اس کے بجائے۔۔۔ " (اس کا نام سونے کے حروف میں لکھا تھا)۔ میں نے کہا " اس کے بجائے میں تو وہاں نمکین بسکٹ اور چشمے کی شاخ کا پانی پی رہا ہوں گا اور مجھے علم ہوگا کہ میں خدا کے ساتھ ہم آہنگ اور سچا ہوں گا بجائے اس کہ میں یہاں ہوں اور ایک عمارت پر میرا نام سونے کے حروف میں لکھا ہو اور مجھے علم ہو کہ میں خدا سے دور ہوں اور اسے جان نہیں سکتا "۔ اس نے مزید میری کوئی بات نہ سنی اور اندر چلا گیا ۔

39 2-540یہ بات ہے ۔ آپ خدا کو دو یا تین ٹکڑوں میں کاٹ کر اسے باپ، بیٹااور روح القدس کہہ کر اسے تین خدا بنا کر کسی یہودی کے ہاتھ میں نہیں دے سکتے ۔ اس کا اپنا حکم ہے کہ " میرے حضور تو غیر معبودوں کو نہ ماننا ، میں خداوند تیرا خدا ہوں "۔ یسوع نے کیا کہا تھا ؟ اس نے کہا تھا " سن اے اسرائیل ، میں خداوند تیرا خدا ہوں "۔ خدا ایک ہے ، تین نہیں ۔ آپ یہودیوں کو یہ کبھی نہیں دے سکتے ۔ کوئی نبی کبھی تین خداؤں کی بات نہیں کرے گا ۔ آپ ایسا کبھی نہ سنیں گے ۔ جی نہیں ۔ یہ بات بت پرست غیر اقوام سے آئی ہے ۔ جی جناب ۔

40 3-540غور کریں ، مگر یہ نبی آئیں گے ۔ مکاشفہ گیارہ باب کے دو نبی آئیں گے ۔ ہم نے اس میں سے کچھ پڑھا ہے اور آپ سے میں چاہتا ہوں کہ جب آپ ٹیپ وغیرہ سے سنیں تو اس کو پڑھیں ۔ وہ نبیوں کے نشان کے ساتھ پوری طرح ثابت شدہ نبی ہوں گے ۔ تب بنی اسرائیل ان کی سنیں گے۔

اب اے میرے یہواہ وٹنس والے دوستو، اب یہ جان لو کہ ان ایک لاکھ چوالیس ہزار کا دلہن کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے ۔ اس کی حمایت میں کلام کا ایک نقطہ بھی نہیں ہے ۔ نہیں جناب، یہ دلہن نہیں ہیں ۔ یہ یہودی ہیں ، یعنی وہ برگزیدہ جو دانی ایل کے ستر ہفتوں کے آخری ساڑھے تین سالوں میں بلائے گئے ہیں۔

اب جو میں ان باتوں کو دہرائے جا رہا ہوں ، تو یہاں موجود لوگوں کے لئے نہیں بلکہ اس لئے کہ یہ ٹیپ پوری دنیا میں جاتے ہیں ۔ کیا آپ سمجھ گئے ہیں ؟ آپ سمجھ گئے ہیں ۔ میرا ان کو دہرانا اس مقصد کے لئے ہے ۔

41 5-540غور کریں کہ انہیں کس طرح اندھا ہونا پڑا ۔ کیا آپ دیکھتے ہیں کہ خدا کو کس طرح یہودیوں کی آنکھیں بند کرنا پڑیں تاکہ وہ یسوع کو پہچان نہ سکیں ؟ اگر انہیں علم ہو جاتا ، اگر وہ اس نشان کو جان جاتے جو اس نے دکھایا تھا ، اگر وہ اپنے درست مقام پر ہوتے جیسے وہ شریعت کے تحت اس وقت تھے جب خدا نے انہیں ایک نبی کے بارے میں بتایا تھا تو وہ یسوع کو دیکھ لیتے اورپکار اٹھتے کہ "یہ مسیح ہے ۔ ایسا کیوں ہوا؟

42 6-540اس دور کے لوگوں میں سے جن کے نام برہ کی کتاب حیات میں لکھے ہوئے تھے ، جیسے اس کے رسول اور کچھ اور لوگ تھے ، انہوں نے اسے دیکھا اور پہچان لیا ۔ باقیوں نے کیوں نہ پہچانا ؟ سمجھے ؟ اس لئے کہ وہ اندھے کئے گئے تھے ۔ وہ اسے نہیں سمجھ سکتے تھے ، وہ ابھی تک نہیں سمجھتے اور وہ اس وقت تک نہیں سمجھ سکتے جب تک وہ ایک قوم کی حیثیت سے پیدا نہ ہوں ۔ کلام نا کام نہیں ہو سکتا ۔ یاد رکھئے ، کلام ناکام نہیں ہوسکتا ۔ اس سے کوئی غرض نہیں کہ آپ کتنے مضطرب ہیں ، اور کیا کچھ واقع ہوا ہے ، لیکن کلام پھر بھی ناکام نہیں ہو سکتا ، یہ اسی طرح ہوگا جیسے خدا نے کہا تھا ۔ سمجھے ؟

43 1-541اب ہم محسوس کرتے ہیں کہ ان چیزوں کو وقوع میں آنا چاہیے۔ یہی سبب ہے کہ وہ اس وقت یسوع کو پہچان نہ سکے جو اس نے پوری طرح اپنے نبی ہونے کی شناخت کرائی ۔ حتیٰ کہ نوجوان سامری عورت جب اسے کنویں پر نظر آئی ۔۔۔ پہلے وہ کبھی سامریہ نہیں گیا تھا ۔ وہ اچانک اس طرف چل پڑا اور کہا کہ مجھے اس راستہ سے ہو کر جانا ضرور ہے ۔ وہ ادھر چلا گیا اور وہیں اس عورت سے ملاقات ہو گئی اور وہ اپنی اس حالت میں بھی اس زمانہ کے کاہنوں اور مذہبی لوگوں

کی نسبت انجیل کو قبول کرنے کے لئے بہتر حالت میں تھی ۔ اس نے یقیناًاسے قبول کر لیا لیکن دیکھئے کہ ان کی تمام تردید کے باوجود ان کے ایک سرکردہ آدمی نے کہہ دیا کہ ہم جانتے ہیں تو خدا کی طرف سے استاد بنا کر بھیجا گیا ہے ۔

44 2-541تھوڑا عرصہ پہلے کہ بات ہے کہ جنوبی ریاستوں میں سے میں بہترین ڈاکٹروں میں سے ایک کے ساتھ اس کے دفتر میں گفتگو کر رہا تھا ۔ وہ لوئی ویل میں بڑا اچھا سپیشلسٹ ہے اور بڑا خوش طبع شخص ہے ۔ میں نے اس سے کہا " ڈاکٹر صاحب ، میں آپ سے ایک سوال پوچھنا چاہتاہوں "۔ اس نے کہا " جی فرمائیے"۔

میں نے کہا میں نے آپ کا طبی نشان آپ کے عملے کے پاس دیکھا ہے کہ ایک بلی کے ساتھ کایک اژدہا لپٹا ہوا ہے ۔ یہ کس چیز کی علامت ہے ؟ "

اس نے کہا " میں نہیں جانتا "۔

میں نے کہا " یہ اس بات کی علامت ہے : یہ الہیٰ شفا کی علامت تھی جب موسیٰ نے بیابان میں ایک پیتل کے سانپ کو بلی پر ٹانگا تھا ، یہ محض ایک علامت تھی ، یہ حقیقی مسیح کی محض علامت تھی "۔ اب آج کل دوائی الہیٰ شفاء کی علامت ہے ۔ اگر چہ ان میں سے اکثر اس پر ایمان رکھتے ہیں (حقیقی اچھے ڈاکٹر اس پر ایمان رکھتے ہیں) لیکن کچھ اس پر ایمان نہیں رکھتے ، لیکن ان کی اپنی شناختی علامت قادر مطلق خدا کی قدرت کی گواہی دیتی ہے خواہ وہ اس پر ایمان لانا چاہیں یا نہ چاہیں ۔ یہ سچ ہے ۔ طب کی شناختی علامت میں ایک بلی پر ایک سانپ لٹکا ہوا ہے ۔

45 4-541اب ان یہودیوں پر غور کریں ۔ ان لوگوں کی آنکھوں پر اندھے پن کے چھلکے چڑھے ہوئے تھے ۔ وہ اس سے باز نہ رہ سکتے تھے ۔ یہ وہاں تھا اور خدا نے اسے وہیں رکھا اور وہ اس زمانہ تک اسی حالت میں رہیں گے جس میں ان دو نبیوں کے آنے کا وعدہ کیا گیا ہے ۔ آ پ جتنے چاہیں مشنری بھیجتے رہیں ، جو چاہیں کر لیں لیکن اسرائیل اس وقت تک کبھی تبدیل نہ ہوں گے جب تک یہ نبی منظر پر نہیں آتے اور یہ غیر قوموں کی کلیسیا کے اٹھائے جانے کے بعد ہوگا ۔ بیل کے زمانہ میں ببر شیر کی بلاہٹ کو کوئی نہیں لا سکتا تھا اس لئے کہ خدا نے اپنے کلام میں کہہ دیا تھا کہ بیل کی روح بھیجی گئی اور اصلاح کاری کے زمانہ میں ایک انسان کو بھیجا گیا ۔ سمجھے ؟ وہ بس اسی چیز کو قبول کر سکتے ہیں ۔ ابھی تک ان کی آنکھیں اندھی ہیں ۔ اس کی ساری وجہ بس یہی ہے لیکن وہ زمانہ آ رہا ہے جب غیر قوموں کا کام ختم ہو جائے گا ۔ ایک درخت تھا جس کی جڑیں یہودی تھیں اسے کاٹ دیا گیا اور اس جنگلی زیتون پر غیر قوموں کی دلہن یعنی دلہن کے درخت کو جس کا میں ذکر کیا کرتا ہوں کو کاٹ کر خدا کی حضور ی میں پہنچا دیا جائے گا تو خدا غیر ایماندار غیر قوموں کو یعنی سوئی ہوئی کنواریوں کو سمیٹ کر ایک طرف کر دے گا اور وہ دوبارہ پیوند کاری کرے گا ۔ اس نے ایسا کرنے کا وعدہ کیا تھا اور اس وقت تک آپ کو جاننے کی ضرورت ہے کہ آپ کہاں جا رہے ہیں ۔ اگر آپ جانتے ہیں تو اچھی بات ہے ۔ اگر آپ نہیں جانتے تو پھر آپ اندھیرے میں ٹھوکریں کیوں کھاتے پھر رہے ہیں ۔

46 2-542یہودی اس دور کے دوران تبدیل ہوں گے ۔۔۔ کلیسیائی زمانہ کی طرح ۔ اس وقت ممسوح وعدہ کے زیر اثرَ وہ مسیح کو قبول کریں گے مگر اس وقت تک نہیں جب تک غیر قوموں کی کلسیا موجود ہے اب ہم دیکھ سکتے ہیں مکاشفہ 11باب کے وہ نبی کس قسم کے پیغام کی منادی کریں گے ۔ اب آپ صاف طور پر دیکھ سکتے ہیں کہ وہ کیا کریں گے ۔ اس لئے کہ یہودیوں کا بقیہ ، یا ایک لاکھ چوالیس ہزار پہلے سے مقرر شدہ لوگ خدا کی مُہر حاصل کریں گے ۔

47 4-542آیئے ذرا پڑھ کر دیکھیں ۔ اب غورسے سنئے گا ۔ اب اگر آپ کے لئے ممکن ہو تو میرے ساتھ پڑھئے کیونکہ میں تھوڑی دیر بعد اس کا ذکر کروں گا ۔ یہ ساتواں باب ہے جو چھٹی اور ساتویں مہر کے درمیان ہے ۔

اب باتوں کے بعد ۔۔۔ (ان باتوں کے بعد ، یعنی ان مہروں کے بعد چھٹی مہر کھلنے کے بعد ، جو کہ مصیبت کا دور ہے ۔ کیا اب تمام لوگ سمجھ گئے ہیں ؟ چھٹی مہر کھولی گئی اور مصائب کا دور شروع ہو گیا اس کے بعد کیا ہوا دیکھئے۔) ۔۔۔اس کے بعد میں نے زمین کے چاروں کونوں پر چار فرشتے کھڑے دیکھے ۔ وہ زمین کی چاروں ہواؤں کو تھامے ہوئے تھے تاکہ زمین یا سمندر کسی درخت پر ہوا نہ چلے ۔ (چار فرشتے) ۔ پھر میں نے ایک اور فرشتہ کو زندہ خدا کی مہر لئے ہوئے مشرق سے اوپر کی طرف آتے دیکھا ۔ اس نے ان چاروں فرشتوں سے جنہیں زمین اور سمندر کو ضرر پہنچانے کا اختیار دیا گیا تھا بلند آواز سے پکار کر کہا کہ جب تک ہم اپنے خدا کے بندوں کے ماتھے پر مہر نہ کر لیں زمین اور سمندر اور درختوں کو ضر ر نہ پہنچا نا ۔۔ (دلہن نہیں بلکہ بندوں یعنی خادموں ، بیٹوں نہیں بلکہ بندوں ۔ اسرائیل ہمیشہ خدا کا خادم رہا ہے ۔ کلیسیا بیٹے ہیں ۔ سمجھے ؟ اسرائیل پیدائشی خادم ہے ۔ غور سے دیکھئے ہر جگہ یہی بات ملے گی ۔ ابراہام اس کا خادم تھا ۔ ہم نوکر نہیں بلکہ اس کے بچے ہیں بیٹے اور بیٹیاں ہیں)۔۔۔ جب تک بندوں کے ماتھے پر مہر نہ کر لیں ۔ (اب دیکھئے کہ ہمارا خدا ان کے ماتھے پر ہے) ۔ اور جن پر مہر کی گئی میں نے ان کا شمار سنا ۔۔۔ (اب میں چاہتا ہوں کہ ان کا ذکر نہایت غور سے سنیں ۔۔۔ کہ بنی اسرائیل کے سب قبیلوں میں سے ایک لاکھ چوالیس ہزار پر مہر کی گئی ۔

48 1-543وہ پوری طرح ان کا نام لیتا ہے ۔ اب اگر یہاں کوئی بر طانوی اسرائیلی صاحب تمیز بیٹھا ہو تو ذرا سنئیے کہ یہ کس طرح اس کی ہوا نکالتا ہے ۔

یہودہ کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر ۔۔۔(وہ اسے قبیلہ کہتا ہے ۔۔۔

روبن کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر مہر کی گئی ۔

روبن کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر (اب یہاں اپنے قبیلہ کو دیکھئے)۔

اورآشرکے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر

نفتالی کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر

منسی کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر

شمعون کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر

لاوی کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر

اشکار کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر

زبولون کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر

یوسف کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پر

اور بنیمن کے قبیلہ میں سے بارہ ہزار پرمہر کی گئی ۔

49 1-544اب یہ بارہ قبیلے ہیں اور ہر قبیلہ میں سے بارہ ہزار لئے گئے ہیں ۔ بارہ ہزار ضرب بارہ کتنا ہوتا ہے ؟ ایک لاکھ چوالیس ہزار ۔ اب غور سے دیکھئے کہ یہ سب اسرائیل کے قبیلے تھے ۔ اب دھیان کریں ۔ اب اس کے بعد ایک اور گروہ آتا ہے ۔ اب دلہن جا چکی ہے ۔ یہ ہم جانتے ہیں لیکن اس گروہ کو ظاہر ہوتا ہوا دیکھئے۔

اب ان باتوں کے بعد جو میں نے نگاہ کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ہر ایک قدم اور قبیلہ اور امت اور اہل زبان کی ایسی بڑی بھیڑ جسے کوئی شمار نہیں کر سکتا سفید جامے پہنے اور کھجور کی ڈالیاں اپنے ہاتھوں میں لئے ہوئے تخت اور برہ کے آگے کھڑی ہے اور بڑی آواز سے چلا چلا کر کہتی ہے کہ نجات ہمارے خدا کی طرف سے ہے جو تخت پر بیٹھا ہے اور برہ کی طرف سے اور سب فرشتے اس تخت اور بزرگوں اور چاروں جانداروں کے گرد اگردکھڑے ہیں ۔ پھر وہ تخت کے آگے منہ کے بل گر پڑے اور خدا کو سجدہ کر کے کہا آمین ۔ حمد و تمجید اور حکمت اور شکر اور عزت اور قدرت ابدالا آباد ہمارے خدا کی ہو ۔ آمین اور بزرگوں میں سے ایک ۔۔۔ (اب وہ بزرگوں کے سامنے ہے جیسے کہ ہم نے اسے تمام مہروں میں دیکھا ہے) ۔۔۔ اور بزرگوں میں سے ایک نے مجھ سے کہا یہ کون لوگ ہیں ۔۔۔

50 2-544اب ، یوحنا جو ایک یہودی تھا ، اس نے اپنے لوگوں کو پہچان لیا ۔ اس نے انہیں قبائلی صورت میں دیکھ لیا ۔ کیا یہ درست ہے ؟ اس نے انہیں پہچان لیا اور ہر ایک قبیلے کا نام لیا لیکن جب اس نے ان کو دیکھا تو الجھن میں پڑ گیا اور بزرگ یہ جان گیا اس لئے اس نے کہا : ۔ ۔۔ یہ کون ہیں جو سفید جامے پہنے ہوئے ہیں اور کہاں سے آئے ہیں ؟ (اب یوحنا جواب دیتا ہے) ۔ میں نے اس سے کہا کہ اے میرے خدا ! تو ہی جانتا ہے ۔۔۔(یوحنا ان کو نہیں جانتا تھا ۔ سمجھے ؟ تمام امتیں ، اہل زبان اور قومیں) ۔۔۔ اس نے مجھ سے کہا یہ وہی ہیں جو اس بڑی مصیبت میں سے نکل کر آئے ہیں ۔۔۔ انہوں نے اپنے جامے برہ کے خون سے دھو کر سفید گئے ہیں ۔ اسی سبب سے یہ خدا کے تخت کے سامنے ہیں اور اس کے مقدس میں رات دن اس کی عبادت کرتے ہیں اور جو تخت پر بیٹھا ہے وہ اپنا خیمہ ان کے اوپر تانے گا ۔ اس کے بعد نہ کبھی ان کو بھوک لگے گی نہ پیاس اور نہ کبھی ان کو دھوپ ستائے گی نہ گرمی ۔کیونکہ جو برہ تخت کے بیچ میں ہے وہ ان کی گلہ بانی کرے گا اور انہیں آب حیات کے چشموں کے پاس لے جائے گا اور خدا ان کی آنکھوں کے سب آنسو پونچھ دے گا ۔

51 1-545اب ہم ساتویں مہر کے پاس پہنچ گئے ہیں ۔ کیا آپ نے ملاحظہ کیا کہ وہ ۔۔۔ پہلے ہم نے اسرائیل سے شروع کیا اور پھر ہم صاف شدہ کلیسیا کو دیکھتے ہیں ، یہ دلہن نہیں بلکہ مصائب سے صاف ہو کر نکلی ہوئی کلیسیا ہے ، یہ وہ بے شمار مخلص دل ہیں جو اس بڑی مصیبت سے صاف ہو کر نکلے ہیں ۔ یہ دلہن نہیں کیونکہ وہ تو اٹھائی جا چکی ۔ یہ کلیسیا ہے ۔

اب ہم معلوم کرتے ہیں کہ یسوع نے کہا کہ اس کے کچھ دیر بعد ان میں سے ہر ایک تخت عدالت کے سامنے کھڑا ہوگا ۔ اب ہمیں پتہ چلا ہے کہ یہودی لوگ زندہ خدا کی مہر سے مہر بند کئے گئے تھے ۔ زندہ خدا کی مہر کیا ہے ؟ اب میں کسی کے احساسات کو مجروح کر نا نہیں چاہتا ، میں صرف اسے بیان کر رہا ہوں ۔ سمجھے ؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ بہت سے عالم جنہوں نے اس کے بارے میں لکھا ہے وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ خون سے دھلا ہوا یہ گروہ دراصل دلہن ہے ؟ کیا آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ بہت سے علما ء کا خیال ہے کہ یہ ایک لاکھ چوالیس ہزار دلہن ہے ؟ کوئی چیز یہاں غلط بیان کی گئی ہے اس لئے درست چیز کا قائم کرنا ضروری ہے ۔

52 3-545ہمار ے ایڈونٹسٹ بھائی کہتے ہیں کہ خدا کی مہر سبت کے دن کو منانا ہے (کیا آپ جانتے ہیں) ، میں چاہوں گا کہ مجھے کلام کا کوئی ایک شوشہ بھی دکھایا جائے جس سے ثابت ہو کہ سبت کے دن کو منانا خدا کی مہر ہے

۔ دیکھئے ، یہ تصور کسی انسان نے قائم کیا ہوگا لیکن اگر آپ افسیوں 30:4 کو دیکھیں تو لکھا ہے " خدا کے پاک روح کو رنجیدہ نہ کرو جس سے تم پر مخلصی کے دن تک کے لئے مہر ہوئی ہے" جی جناب ۔

جب شفاعت کا کام مکمل ہو جاتا ہے اور مسیح اپنوں کو نجات دینے آتا ہے ۔۔۔ آپ پر مہر ہو چکی ہوتی ہے ، نہ صرف اگلی بیداری تک ۔ جب تک ایک بار آپ پر روح القدس کی مہر ہو جاتی ہے تو یہ خدا کا ایک مکمل کام ہے کہ اس نے آپ کو قبول کر لیا ہے اور اب کوئی آپ کو اس سے دور نہیں کر سکتا ۔ آپ کہیں گے " اچھا ، میں نے اسے حاصل کیا تھا پھر میں دور چلا گیا " ۔ جی نہیں ، آپ نے اسے حاصل نہیں کیا تھا ۔ خدا کہتا ہے کہ یہ مخلصی کے دن تک جاتا ہے ۔ اب آپ خدا کے ساتھ اس پر بحث کریں جس نے کہا تھا " مخلصی کے دن تک ۔۔۔

53 5-545غور کریں کہ یہ یہودی اب چناؤ کے مطابق بقیہ ہیں ، اُس چناؤ کے مطابق جو یہودیوں کے درمیان ایلیاہ کی خدمت کے وقت ہوا ، جب خدا نے اپنے ہاتھ سے سات ہزار ایمانداروں کو بچایا ۔ اب اس بقیہ کے لئے مقرر وقت آ رہا ہے اور اس وقت ایک لاکھ چوالیس ہزار کا چناؤ کیا جائے گا ، کیونکہ اس وقت جو پیغام ان کو دیا جائے گا اسے ایک لاکھ چوالیس ہزار قبول کریں گے ۔ اب اگر آپ کہیں " ایک منٹ بھائی صاحب ، میں اس چناؤ کے بارے میں نہیں جانتا ۔ میں نے یہ کبھی نہیں پڑھا " ۔ اچھا ٹھیک ہے ، آئیے دیکھتے ہیں کہ یہ سچ ہے یا نہیں ۔ آئیے متی کی انجیل میں سے تلاش کر کے دیکھتے ہیں کہ ہمیں اس سلسلہ میں سے کوئی بات ملتی ہے ۔ اب مجھے یقین ہے کہ میں درست کہہ رہا ہوں ۔ (میں نے یہ حوالہ لکھا ہوا نہیں تھا لیکن یہ ابھی میرے ذہن میں آیا ہے)۔ آئیے ذرا آخر میں تیس آیت کو دیکھیں جہاں سے ہم نے کل رات پڑھا تھا ، چھٹی مہر کے آخر میں تیس آیت کو دیکھئے۔

54 2-546آئیے اب اسے پڑھ کر دیکھیں کہ ہم کہاں پہنچتے ہیں ۔ 31 آیت کو (سمجھے ؟) وہ ابن آدم کو جلال کے ساتھ آتا دیکھیں گے ۔ اب 31 آیت کو پڑھتے ہیں :

اور وہ اپنے فرشتوں کو نرسنگے کی زور دار آواز کے ساتھ بھیجے گا اور وہ اس کے برگزیدوں کو آسمان کے اس کنارے سے اس کنارے تک چاروں کونوں سے جمع کریں گے ۔

55 3-546برگزیدہ باہر آجا ئیں گے ۔ یہ کیا ہے ۔ مصیبت کے دور میں خدا اپنے بر گزیدوں کو بلائے گا اور یہ برگزیدہ اس وقت کے دوران بلائے جانے والے یہودی ہیں ۔ بائبل یہ بتاتی ہے ۔ پولوس نے بھی بیان کیا ہے ۔ اس چناؤ کے مطابق ایک لاکھ چوالیس ہزار لوگ ہوں گے جو ان کروڑوں لوگوں میں سے پیغام کو قبول کریں گے ۔ ایلیاہ کی نبوت کے وقت فلسطین میں لاکھوں لوگ موجود تھے لیکن ان میں سے صرف سات ہزار بچائے گئے تھے ۔ اب جبکہ لاکھوں یہودی اپنے وطن میں اکٹھے ہو رہے ہیں اور ایک قوم بن رہے ہیں ، چناؤ کے مطابق وہاں لاکھوں لوگ موجود ہوں گے لیکن صرف ایک لاکھ چوالیس ہزار لئے جائیں گے ۔ وہ پیغام کو سنیں گے ۔

56 5-546غیر قوموں کی کلیسیا میں بھی یہی بات ہے ۔ ان میں ایک دلہن ہے جو برگزیدہ ہے اور اسے چناؤ کے مطابق بلا یا جائے گا ۔ غور کریں ، یہ کلیسیا کی کامل تشبیہ ہے ۔ برگزیدہ ایمان لاتے ہیں ، دوسرے ایمان نہیں لاتے ۔ آپ یہ بتا سکتے ہیں ۔ آپ کسی آدمی کو سچائی بتائیں اور اسے کلام سے ثابت کریں اور پھر ظاہر ہوگا کہ " میں اس پر ایمان نہیں رکھتا "۔

اسے حماقت کے ساتھ استعمال نہ کریں ۔ یسوع نے اس سے منع کیا تھا ۔ اس نے کہا تھا " سچے موتی سؤروں کے آگے مت ڈالو" سمجھے ؟ پھر کہا " انہیں چھوڑ دو ایسا نہ ہو کہ وہ انہیں پاؤں تلے روندیں اور پلٹ کر تمہیں پھاڑیں "۔ وہ آپ کا مذاق اڑائیں گے ۔ انہیں چھوڑ دو ۔ اگر اندھا اندھے کو راہ دکھائے گا تو دونوں گڑھے میں گریں گے ۔

57 2-547تھوڑا عرصہ پہلے کی بات ہے کہ ایک آدمی میرے پاس آیا ۔ وہ بہت سے لوگوں کے ساتھ الہی شفا پر بحث کرتا رہا تھا ۔ جب وہ میرے پاس آیا اور بولا " میں آپ کی الٰہی

ا شفا پر ایمان نہیں رکھتا " میں نے کہا " اس پر بحث کا کچھ فائدہ نہیں ہوگا کیونکہ میرے پاس ایسی کوئی چیز نہیں " پھر میں نے کہا " مگر خدا کامل ہے "۔ اس نے کہا " شفا جیسی کوئی چیز نہیں ہے "۔

میں نے کہا " آپ نے یہ کہنے میں بڑی دیر کر دی ہے ۔ آپ نے یہ کہنے کے لئے بہت طویل انتظار کیا ہے ۔ آپ کچھ سال پہلے یہ بحث کر سکتے تھے لیکن اب اور زمانہ ہے ۔ اب لاکھوں لوگ اس کے گواہ ہیں "۔ سمجھے ؟ میں نے کہا " دوست آپ نے یہ کہنے میں بہت دیر کر دی ہے "۔

اس نے کہا" پھر بھی، میں اس پر ایمان نہیں رکھتا ۔ مجھے اس سے کوئی غرض نہیں کہ آپ کیا کرتے ہیں "۔ میں نے کہا یقیناً آپ ایمان لا ہی نہیں سکتے "۔ سمجھے ؟ اس نے کہا " آپ مجھے اندھا کر دیں ۔ اگر آپ کے اندر پولوس کی طرح روح القدس ہے تو مجھے اندھا کر دیں "۔

میں نے کہا " میں آپ کو کیا اندھا کروں ، آپ پہلے ہی اندھے ہیں ۔ آپ کے باپ نے آپ کو سچائی کی طرف سے اندھا کر دیا ہے ۔ آپ پہلے ہی اندھے ہیں "۔

اور اس نے کہا " میں ایمان نہیں لاؤں گا ۔ مجھے کوئی پرواہ نہیں کیا آپ کیا کر سکتے ہیں ، آپ جتنے بھی ثبوت پیش

کردیں ، میں پھر بھی اس پر ایمان نہیں لاؤں گا " میں نے کہا " یقیناً، کیونکہ یہ غیر ایمانداروں کے لئے نہیں تھا ، یہ صرف ایمانداروں کے لئے تھا "

58 6-547یہ کیا تھا ؟ دیکھئے ، ایسے وقت آپ کو معلوم ہو جاتا ہے کہ چناؤ گزر چکا ہے ۔ اسے حما قت کے ساتھ استعمال نہ کریں ۔ یسوع نے بھی یونہی کیا تھا ۔ اس نے کہا " انہیں چھوڑ دو ۔ اگر اندھا اندھے کو راہ دکھائے گا تو کیا دونوں گڑھے میں نہ گریں گے ؟ " لیکن جب وہ ایک کسی کے سامنے آیا تو اس نے شعلہ پکڑ لیا ۔ یہ کیا تھا ؟ وہاں ایک برگزدہ بیج پڑا تھا جو فورا ظاہر ہو گیا ۔ یہ جب پطرس کے پاس آیا تو وہاں بھی ایک برگزیدہ بیج موجود تھا اور اس نے بھی اسے پہچان لیا " جن کو باپ نے مجھے دیا ہے ۔۔۔ (فعل حال مکمل) ، جن کو باپ نے مجھے دیا ہے وہ میرے پاس آ جائیں گے "۔ اوہ عزیزو! یہ مجھے بہت پسند ہے ۔ دیکھئے ایماندار ہی اس پر ایمان لا تے ہیں ۔ غیر ایماندار اس پر ایمان نہیں لاسکتے ۔ اسی طرح اگر کوئی شخص سانپ کی نسل اور دوسری باتوں پر بحث کرنا چاہیے اور آپ اسے سمجھانے کی کوشش کریں تو وہ نہیں سنے گا ۔ اس سے دور ہو جائیں ۔ ایسوں کو چھوڑ دیں ۔ دیکھئے ، خدا کبھی بحث نہیں کرتا نہ ہی اس کے فرزندوں کو کرنی چاہیے۔ سمجھے ؟

59 2-548غور کریں ، خدا کے یہ ایک لاکھ چوالیس ہزار بر گزیدہ یہودی ،حیوان ، اس کی تنظیم بندی، مجسموں ، یا کسی اور چیز کے آگے نہیں جھکے ۔ اگر چہ ان کی قوم اس کے ساتھ عہد با ندھے گی ، اسرائیل عہد باندھے گا ، لیکن یہ ایک لاکھ چوالیس ہزار ایسا نہیں کریں گے ۔ یہ برگزیدہ ہیں ۔

بالکل یہی چیز غیر قوموں کی کلیسیا میں بھی ہے ۔ یہ ایک برگزیدہ گروہ ہے آپ انہیں اس طرح کی چیز کی طرف نہیں کھینچ سکتے۔ وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے ۔ نہیں جناب ۔ ایک دفعہ جب وہ روشنی سے واقف ہو چکے تو اسی وقت فیصلہ ہو چکا ۔ وہ اسے واقع ہوتا دیکھتے ہیں اور پھر اسے منکشف اور ثابت ہوتا دیکھتے ہیں ، اور پھر وہ بائبل میں تلاش کر کے دیکھتے ہیں کہ کلام پورا ہو رہا ہے ۔ آپ انہیں مزید بے وقوف بنانے کی کوشش نہ کریں ، کیونکہ وہ اس پر ایمان لا چکے ہیں ۔ یہی ساری بات ہے ۔ اگر چہ وہ اس کی وضاحت نہ کرسکتے ہوں لیکن و ہ جانتے ہیں کہ وہ اسے حاصل کر چکے ہیں ۔ جیسے میں کہا کرتا ہوں کہ بہت سی ایسی باتیں ہیں جن کی میں وضاحت نہیں کر سکتا لیکن میں جانتا ہوں کہ وہ حقیقت ہیں ۔ سمجھے ؟

60 4-548ٹھیک ہے ۔ یہ وقت چھٹی اور ساتویں مہر کے درمیان تھا جب اس نے ان لوگوں کو بلایا جن کا ذکر یسوع نے متی 31:24 میں کیا تھا جسے ہم نے تھوڑی دیر پہلے پڑھا ہے ۔ سمجھے؟ یہاں نرسنگے یا دو گواہ ہیں ۔ جب نرسنگا بجایا جا تا تو کیا فضل کے دور کے دو گواہوں کا نرسنگا یہودیوں کے لئے ہےء؟ اس میں ایک نرسنگا پھونکا جاتا ہے ، آپ غور کریں تو یہ ایک نرسنگا تھا ۔ وہاں کہتا ہے " اور نرسنگا پھونکنے کو ہوگا "۔ اب اس 31 آیت کو دیکھئے:

اور وہ اپنے فرشتوں کو ۔۔۔ (ایک نہیں دو کو) ۔۔۔ نرسنگے کی زور دار آواز کے ساتھ بھیجے گا ۔۔۔ یہ کیا ہے ؟ جب خدا بولنے کو تیار ہوتا ہے تو ایک نرسنگے کی آواز آتی ہے اس کی یہ آواز ہمیشہ جنگ کے لئے بلاہٹ ہوتی ہے ۔ سمجھے ؟ خدا بولتا ہے ۔ یہ فرشتے نرسنگے کی آواز کے ساتھ آئیں گے ۔

اور آپ دیکھتے ہیں کہ آخری فرشتے کے پیغام کے وقت نرسنگا پھونکا گیا ۔ پہلے فرشتے کے پیغام کے وقت بھی نرسنگا پھونکا گیا اور دوسرے فرشتہ کو بھیجا گیا تو نرسنگا پھونکا گیا ۔

61 6-548غو رکریں ۔ جب مہروں کا اعلان کیا گیا تو لوگوں کے ایک گروہ کو بلانے کے لئے وہ ایک عظیم الہٰی چیز کے اندر تھیں ۔ ایک نرسنگا پھونکا گیا اور سات مہریں کھولی گئیں ۔ غور کریں ، وہ آسمان کے چاروں کونوں سے اپنے برگزیدہ یہودیوں کو اکٹھا کرے گا ۔ جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں ، اس نے چھے مہروں کاذکر کیا لیکن ساتویں کا نہیں۔ یہاں اس نے کسی جگہ ساتویں مہر کا کچھ بھی بیان نہیں کیا ۔ دیکھئے 32 آیت سے برگزیدہ یہودیوں کو بلانے کے وقت سے متعلق ایک تمثیل بیان کی گئی ہے ۔

62 اب یہاں غور سے سمجھے ۔" وہ اپنے فرشتوں کو نرسنگے کی بڑی آوازکے ساتھ بھیجے گا اور وہ اس کے بر گزیدوں کو چاروں طرف سے آسمان کے اس کنارے سے اس کنارے تک جمع کریں گے "۔ اب یسوع شروع کرتا ہے ۔ دیکھئے وہ یہاں ساتویں مہر کے متعلق کچھ بھی نہیں کہتا ۔ سمجھے ؟ اس نے پہلی ، دوسری ، تیسری، چوتھی ، پانچویں اور چھٹی مہریں بیان کیں ، لیکن غور کریں ۔

اب انجیر کے درخت سے ایک تمثیل سیکھو ۔ جب اس کی ڈالی نرم ہوتی اور پتیاں نکلتی ہیں تو تم جان لیتے ہو کہ گرمی نزدیک ہے اسی طرح جب تم ان تمام باتوں کو ہوتا دیکھو تو جان لو کہ وہ نزدیک بلکہ دروازہ پر ہے ۔

63 3-549شاگردوں نے اس سے آخری سوال یہ پوچھا تھا کہ " دنیا کے آخر ہونے کا کیا نشان ہوگا؟ " جب تم یہودیوں کو دیکھو۔۔۔ جب تم ان سب باتوں کو ہوتے دیکھ لو کہ اب کیا وقوع میں آنے والا ہے ۔ جب تم ان یہودیوں کو دیکھو۔۔۔ وہ یہودیوں سے ہی بات کر رہا تھا ۔۔۔

اب دھیان کریں ۔ وہ کس مجلس سے مخاطب ہے ؟ کیا غیر قوموں سے ؟ بلکہ یہودیوں سے ۔ سمجھے ؟ پھر اس نے کہا " میرے نام کے سبب سے دنیا کی تمام قومیں تم سے عداوت رکھیں گی "۔۔۔ اب جس وقت اس نے یہ کہا ۔۔۔ کیا آپ دیکھ

رہے ہیں کہ یہودیوں نے اب پتیاں نکالنا شروع کر دی ہیں ۔ جب اسرائیلی واپس آ کر اپنے ملک میں داخل ہونے لگ گئے جب وہ وہاں گئے تو کلیسیا اٹھائے جانے کو تیار ہے ، اور پرانی دنیا کے خاتمہ کے آخری ساڑھے تین سال رہ گئے ہیں ، اب وہ بے تربیتی کا شکار ہے اور نئی زمین پر ہزار سالہ بادشاہت آنے والی ہے اس نے کہا " بلکہ دروازہ پر ہے "۔

64 5-549زمین پر ایک ہزار سال خدا کے قریب ایک دن کے برابر ہیں ۔ اور ساڑھے تین سال کتنے وقت کے برابر ہوں گے ۔ خدا کے وقت میں چند سیکنڈ ۔ اسی لئے یسوع مسیح نے کہا تھا کہ وہ دروازہ پر ہوگا ۔ " میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ یہ نسل ہر گز تمام نہ ہوگی جب تک سب باتیں پوری نہ ہولیں " یہ کیا ؟ کیا چیز ختم نہیں ہوگی ؟ لوگوں نے ہمیشہ یہودیوں کو روئے زمین سے ختم کر دینے کی کوشش کی ہے ۔ وہ کبھی اسے ختم نہ کر سکیں گے ۔ لیکن غور کریں کہ یہودیوں کی جو پشت فلسطین کی طرف واپسی کو دیکھے گی وہی پشت ان باتوں کو وقوع میں آتے ہوئے دیکھے گی اور دو سال بعد ہی وہ اپنے سکے اور باقی چیزوں کے ساتھ پوری ایک ملک بن گیا ۔ وہ اب موجود ہے ۔

65 2-550عزیزو، اب ہم کہاں پر ہیں ؟ مہریں کھل گئی ہیں اور اب ہم اس درمیانی وقت میں ہیں ۔ یہ موجود ہے ۔ کیا آپ سمجھ رہے ہیں کہ ہم کہاں جا رہے ہیں ؟ مجھے امید ہے کہ آپ سمجھ گئے ہوں گے ۔ میری تعلیم کچھ نہیں ہے۔ میں اتنا جانتا ہوں کہ بات کیا کر رہا ہوں ۔ شاید آپ کو سمجھانے کے لائق میں اس کی وضاحت نہ کر پا رہا ہوں لیکن مجھے امید ہے کہ خدا الجھے ہوئے لفظوں کو الگ کر کے درست کر دیگا اور آپ کو دکھا دے گا کہ یہ کیا ہے کیونکہ ہم دروازہ پر ہیں ۔ ہم اسی وقت میں ہیں ۔

اب غور کریں ۔ دیکھئے کہ اب وہ اپنا رخ یہودیوں کی طرف کرتا ہے اور بتا رہا ہے کہ آخری دنوں کیا کچھ ہوگا ۔ اب ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ان کے قبیلے بکھرے ہوئے ہیں ۔ وہ ڈھائی ہزار سال تک بکھرے رہے ہیں ۔ ان کے چار ہواؤں کے رخ پر بکھر جانے کی نبوت کی گئی تھی ۔ کیا آپ کو یہ علم ہے ؟ ہم یہ جانتے ہیں ہم اس حوالہ کو تلاش کر کے پڑھنے نہیں جائیں گے کیونکہ ایک اور نہایت اہم بات آپ کے سامنے لانا چاہتا ہوں اس سے پہلے کہ آپ بھی تھک جائیں اور میں بھی نڈھال ہوجاؤں ۔

66 4-550غور کریں ہم ہر ایک قبیلہ کو جانتے ہیں ۔ آپ اسے قبیلوں کا علم تواریخ کہیں یا علم ارضیات ۔ قبیلوں کے مقامات اب یکجا نہیں ہیں ۔ وہ ہر طرف بکھرے ہوئے ہیں جو یہودی یروشلیم میں اکٹھے ہو رہے ہیں وہ خود بھی اپنے قبیلوں کو نہیں جانتے ۔ ان کے قبیلہ وار جھنڈے یا نشانیاں نہیں ہیں ۔ لیکن وہ یہ جانتے ہیں کہ وہ یہودی ہیں ۔ ان کے حق نبوت کی گئی تھی کہ وہ دنیا میں اس حال میں ہوں گے ۔ ان کی کتابیں ضائع ہو چکی ہیں ۔ وہ اب نہیں جانتے ۔ وہ کہتے ہیں " آپ کو ن سے قبیلہ سے ہیں ؟ "

میں نہیں جانتا " " کون سے قبیلہ ۔۔۔"

" میں نہیں جانتا "۔ ایک بینیمن سے ہے تو دوسرا کسی اور سے ، تیسرا کسی اور سے ۔ وہ نہیں جانتے کہ وہ کہاں کے ہیں ۔ جنگوں کے دوران اور دو ہزار پانچ سو سالوں کے دوران ان کے شجرے ضائع ہو چکے ہیں ۔وہ صرف ایک ہی بات جانتے ہیں کہ ہم یہودی ہیں ۔ بس یہی کچھ ہے ۔ وہ جانتے ہیں کہ وہ اپنی سر زمین میں واپس آ چکے ہیں ۔ دیکھئے ، اگرچہ وہ اپنے قبیلوں کو نہیں جانتے مگر خدا جانتا ہے ۔ مجھے یہ بات پیاری لگتی ہے ۔ آپ جانتے ہیں ۔ خدا نے یہاں تک کہا تھا کہ تمہارے سر کے بال بھی گنے ہوئے ہیں ۔ دیکھئے ، خدا کسی چیز کو ضائع نہیں ہو نے دیتا ۔ " میں اسے آخری دن پھر اٹھا کھڑا کروں گا "۔ اگر چہ ان کے قبائلی جھنڈے گم ہوگئے ہیں اور وہ نہیں جانتے کہ کوئی کون ہے ، اور وہ فلاں یا فلاں ہیں ۔ وہ نہیں جانتے کہ وہ بنیامین کے قبیلہ سے ہیں یا روبن کے قبیلہ سے ۔ اشکار کے قبیلہ سے یا کسی اور سے لیکن تو بھی خدا انہیں یہاں بلاتا ہے ۔

67 2-551اب غور کریں کہ مکاشفہ 7باب میں ہم نے ہر قبیلہ میں سے بارہ ہزار کا ذکر پڑھا ہے ۔ ان سب میں سے جو چنے گئے ہیں ۔ اوہ، میرے عزیزو ۔ وہ کیا ہیں ؟ وہ قبیلوں کی ترتیب میں ہیں ۔ بے شک ابھی وہ اس ترتیب میں نہیں ہیں لیکن کچھ پھر ہوں گے ۔ وہ قبائلی ترتیب میں ہیں ۔ قبائلی ترتیب میں کیا ہوگا ؟ تمام یہودی نہیں بلکہ ایک لاکھ چوالیس ہزار برگزیدہ یہودی ہی قبائلی ترتیب میں رکھے جائیں گے ۔

اور میرے عزیزو۔ آپ کو یہ بتانا مجھے بہت پسند ہے ۔ ہم اسے چھیڑیں گے نہیں لیکن کلیسیا کو ٹھیک ترتیب میں ہونا چاہیے۔

68 3-551اب میں چاہتا ہوں کہ آپ بڑے دھیان سے غور کریں اور ایک منٹ میرے ساتھ پڑھیں ۔یہاں ایک بات ہے جو شاید آپ نے قبیلوں کی بلاہٹ میں پہلے کبھی نوٹ کی ہو ۔تھوڑی دیر پہلے میں نے آپ کو مکاشفہ سات باب پڑھنے کو کہا تھا ۔ میرے ساتھ پڑھیے اور ان قبیلوں کودیکھئے۔ مکاشفہ سات باب میں دان اور افرائیم غائب ہیں اور باقیوں کے ساتھ شمار نہیں کئے گئے ۔کیا آپ نے یہ ملاحظہ کیا ؟ ان کی جگہ یوسف کو دے دی گئی ہے ۔ کیا آپ نے اس پر غور کیا ۔دان اور افرائیم یہاں موجود نہیں ہیں ۔ ان کی جگہ پر لاوی اور یوسف کو رکھا گیا ہے ۔دان اور افرائیم کی جگہ پر ۔کیوں ؟ ہمیشہ یاد رکھنے والا خدا اپنے کلام کے تمام وعدوں کو ہمیشہ یاد رکھتا ہے۔ (اوہ، میں اس پر پیغام دینا چاہوں گا ۔سمجھے ؟) ۔ کبھی کبھی ایسا لگتا ہے لیکن خدا کوئی بات نہیں بھولتا ۔جیسے خدا نے موسیٰ کو بتا یا تھا ، اسرائیل چارسو سال سے

مصر میں تھے ،انہیں نکالنے کا یہی وقت تھا ۔ خدا نے ابرہام کو بتایا تھا کہ اس کی اولاد چار سو سال تک غیر ملک میں پردیسی رہے گی اور پھر خدا انہیں زورآور ہاتھ سے نکال لے جائے گا ۔لیکن اس وقت خدا نے موسیٰ سے کہا کہ " میں نے اپنے وعدہ کو یاد رکھا اور اب میں نیچے آیا ہوں تاکہ اسے پورا کر دکھاؤں "۔ خدا کبھی بھولتا نہیں ۔ وہ اپنی نعمتوں کو تو بھول جاتا ہے لیکن برکتوں کو کبھی نہیں بھولتا ۔وہ جو بھی وعدہ کرتا ہے اس پر قائم رہتا ہے ۔ اسی لئے یہ دونوں غائب ہوگئے ۔

69 1-552اب، اگر آپ غور کریں ۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے ساتھ اسے پڑھیں ۔ استثنا 29باب کی 20 آیت کو دیکھئے ۔ یہاں پر ان قبیلوں کے غائب ہو جانے کی وجہ لکھی ہے ۔ ہر کام کے لئے اس کا سبب موجود ہوتا ہے ۔استثنا کی کتاب میں سے ہم 29باب کی 20آیت کو پڑھیں گے ۔ خداوند اسے سمجھنے میں ہماری مدد فرمائیں ۔ اب استثنا 29: 16سے پڑھنا شروع کریں گے ۔ اب موسیٰ کو بولتے ہوئے سنئے:

تم خود جانتے ہو کہ ملک مصر میں ہم کیسے رہے اور کیونکر اُن قوموں کے بیچ سے ہو کر آئے جن کے درمیان سے تم گزرے اور تم نے خود ان کی مکروہ چیزیں اور لکڑی اور پتھر اور چاندی اور سونے کی مورتیں دیکھیں جو ان کے ہاں تھیں ۔۔۔ (ہر کسی کے پاس کوئی نہ کوئی چیز موجود تھی ۔ کسی کے پاس سینٹ سسلیاہ کی مورتی تھی ۔ آپ اس طرح کی چیزوں کو جانتے ہیں ۔سمجھے ؟) ۔۔۔ سو ایسا ۔۔۔ (غور سے سنئے) ۔۔۔ سو ایسا نہ ہو کہ تم میں کوئی مرد یا عورت یا خاندان یا قبیلہ ایسا ہو جس کا دل آج کے دن خداوند ہمارے خدا سے برگشتہ ہو اوروہ جاکر ان قوموں کے دیوتاؤں کی پرستش کرے یا ایسا نہ ہو کہ تم میں کوئی ایسی جڑ ہو جو اندر ائن اور نگدونا پیدا کرے اور ایسا آدمی لعنت کی یہ باتیں سن کر دل ہی دل میں اپنے آپ کو مبارکباد دے اور کہے کہ خواہ میں کیسا ہی ہٹی ہو کر تر کے ساتھ خشک کو فنا کر ڈالوں تو بھی میرے لئے سلامتی ہے ۔

70 2-552دیکھئے، لوگ کہتے ہیں " وہ اپنے آپ کو مبارک کہتا ہے " آپ جانتے ہیں کہ اب لوگ چھوٹی سی صلیب یا کچھ اور بنا کر گلے میں ڈال لیتے ہیں ، یہ بھی ویسی ہی بات ہے ۔ سمجھے ؟ کیا آپ سمجھ نہیں رہے کہ یہ بت پرستوں کی تاثیر ہے۔ " ایسا آدمی دل ہی دل میں اپنے آپ کو مبارکباد دے۔۔۔

۔۔۔یا وہ پانی کی جگہ شراب پیتا رہے ۔۔۔ (ذرا سوچئیے۔ وہ کہتے ہیں " اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ جب تک آپ گرجا گھر جاتے رہیں گے آپ ٹھیک ہیں) ۔ ۔۔۔ پر خداوند اسے معاف نہیں کرے گا بلکہ اس وقت خداوند کا قہر اور اس کی غیرت اس آدمی پر برانگیختہ ہوگی اور سب لعنتیں جو اس کتاب میں لکھی ہیں ۔۔۔ (اس میں نہ کوئی لفظ شامل کریں اور نہ کوئی لفظ نکالیں ۔ سمجھے ؟) ۔۔۔ اس پر پڑیں گی اور خداوند اس کے نام کوصفحہ روز گار سے مٹا دے گا ۔۔۔ (یہ اس وقت تک ہے جب تک وہ زمین پر ہے۔ سمجھے ؟) ۔۔۔ اور خداوند اس عہد کی ان سب لعنتوں کے مطابق جو اس شریعت کی کتاب میں لکھی ہیں اسے اسرائیل کے سب قبیلوں میں سے بُری سزا کے لئے جدا کرے گا ۔

71 1-553اس لئے اگر کوئی آدمی کسی بت کی پرستش کرے یا کوئی بت پہنے ، یا اپنے ہی دل میں خود کو مبارک کہے اور بتوں کی پرستش کرے تو خدا کہتا ہے " وہ مرد ، یا عورت ، یا خاندان یا قبیلہ کا نام لوگوں کے درمیان سے بالکل مٹا دیا جائے گا "۔ اب ، کیا یہ درست ہے ؟ یہ کتنا سچ ہے ۔ بہت سا ل پہلے بت پرستی نے کلیسیا میں یہی کچھ کیا اور آج بھی کر رہی ہے ۔

اور اب غور کریں ۔ دیکھئے کہ مخالف مسیح نے کس طرح ایک مخالف تحریک شروع کرنے کی کوشش کی ۔کتنے لوگ جانتے ہیں کہ شیطان کس طرح خدا کی تشبیہات کی نقل کرتا ہے ؟ گناہ کیا ہے ؟ درست چیز کا الٹ ۔ جھوٹ کیا ہے ؟ سچ کی غلط تفسیر ۔ زنا کاری کیا ہے ؟ درست اور قانونی عمل کا غلط استعمال ۔ سمجھے ؟

72 3-553اب اس کوشش میں ایک نام مٹا دیا جاتا ہے ۔ کیا آپ نے غور کیا کہ کلیسیائی زمانوں میں اسی حیوان نے جو مرے ہوئے لوگوں کی مورتیوں کی پرستش کرتا تھا خداوند یسوع مسیح کے نام کو مٹا کر اسی کی جگہ باب ، بیٹے اور روح القدس کے نام دے دئیے۔ اسی طرح کی لعنت اس سے پہلے بھی دی جا چکی ہے ۔ دان اور افرائیم نے یہ کام اسرائیل کے ایک دغا باز بادشاہ یربعام کی ریاکاری کی پیروی میں کیا

اب 1 ۔ سلاطین 12باب میں دیکھیں ۔ میں جانتا ہوں کہ یہ کیا ہے ۔یہاں وہ پس منظر ہے جس پر ہم انحصار کر سکتے ہیں ، اس کے لئے جسے ہم دیکھ رہے ہیں ۔ 1۔ سلاطین میں سے میں چاہتا ہوں کہ 25سے 30 آیت تک پڑھیں ۔ تب یربعام نے افرائیم کے کوہستانی ملک میں تعمیر کیا اور اس میں رہنے لگا اور وہاں سے نکل کر اس نے فنوایل کو تعمیر کیا اور یربعام نے اپنے دل میں کہا (دیکھئے ، یہ اس کے دل کا خیال تھا) ۔۔۔ کہ ااب سلطنت داؤد کے گھرانے میں پھر چلی جائے گی ۔

(آپ دیکھ سکتے ہیں کہ وہ خوفزادہ تھا، کیونکہ لوگ باہر نکل سکتے تھے) ۔ اگر یہ لوگ یروشلم میں خداوند کے گھر میں قربانی گزراننے کو جایا کریں تو ان کے دل اپنے مالک یعنی یہوداہ رجعام کی طرف مائل ہوں گے اور وہ مجھ کو قتل کر کے شاہ یہوداہ رجعام کی طرف پھر جائیں گے ۔ اسلئے اس بادشاہ نے مشورت لے کر سونے کے دو بچھڑے بنائے اور لوگوں سے کہا یروشلیم کو جانا تمہاری طاقت سے باہر ہے۔ اے اسرائیل اپنے دیوتاؤں کو دیکھ جو تجھے ملک مصر سے

نکال لائیے اور اس نے ایک کو بیت ایل میں قائم کیا اور دوسرے کو عدن میں رکھا اور یہ گناہ کا باعث ٹھہرا کیونکہ لوگ اس ایک پرستش کرنے کے لئے دان تک جانے لگے ۔

73 1-554سمجھے ؟ اس نے ایک بت افرائیم کے علاقے بیت ایل میں اور دوسرا دان میں نصب کیا اور لوگ ان کی پوجا کرنے کے لئے جانے لگے اور اب جب کہ ہم تقریبا ہزار سالہ بادشاہت میں داخل ہونے والے ہیں تو خدا کو اب بھی وہ وعدہ یاد ہے ۔ قبیلوں میں ان کا شمار ہی نہ ہوگا ۔آمین۔ خدا کو جلال ملے ۔ جس طرح خدا ہر اچھے وعدے کو یاد رکھتا ہے اسی طرح ہر بُرے وعدے کو کو بھی یاد رکھتا ہے عزیزو، اسی طرح میں اس پر ایسا ایمان رکھتا ہوں کہ میں نے ہمیشہ اس کلام پر قائم رہنے کی کوشش کی ہے خواہ یہ کتنا ہی عجیب دکھائی دیتا ہے ۔ وہ پوری طرح یاد رکھتا ہے ۔ دیکھئے، وہ اس کے بارے میں کبھی کچھ نہیں سوچیں گے ، انہوں نے اس وقت بھی کچھ نہیں سوچا تھا ۔ وہ سوچتے تھے " دوسرے اس کے ساتھ مل گئے ہیں "۔ ٹھیک ہے ، لیکن یہاں وہ ہزار سالہ بادشاہت کے دور میں اندر بیٹھے ہیں جب کہ ان کے قبیلوں کے نام اس میں سے مٹا دئیے گئے ہیں ، اس لئے کہ انہوں نے بتوں کی پرستش کی جس پر خدا نے لعنت کی تھی ۔ کیا اس نے کہا نہیں تھا کہ وہ ایزبل کی بیٹیوں کو جان سے مارے گا جو خدا کی حضوری سے ابدی جدائی ہے ؟ اس پر ہرگز بھروسہ نہ کرو ۔ اس سے دور ہو جاؤ ۔ پس خدا یاد رکھتا ہے ۔

74 2-554لیکن کیا آپ نے غور کیا کہ یہ وہاں مٹائے جانے کے لئے ہی تھا ؟ کیوں ؟ آسمان کے نیچے کوئی ایسی قربانی نہ تھی جو اسے روح القدس دے سکتی جس سے وہ ان باتوں کو جان سکتا ، لیکن اس نے اسے اپنے خود غرض ذہن کی سوچ کے مطابق کیا ۔ لیکن حزقی ایل ہزار سالہ بادشاہت کی رویا میں ان کو پھر مکمل صورت میں دیکھتا ہے ۔ اگر آپ اسے پڑھنا چاہتے ہوں تو وقت بچانے کے لئے اب بس لکھ لیں ۔ حزقی ایل 1:48-7، اس کے علاوہ 23تا 29آیات کو بھی پڑھئے ۔ حزقی ایل نے تمام قبیلوں کو ترتیب وار دیکھا ۔

75 3-554مکاشفہ 14باب میں یوحنا نے بھی انہیں قبیلوں کی ترتیب میں دیکھا ۔ یہ درست ہے ،۔ ہر قبیلہ اپنی جگہ پر تھا ۔کیا واقع ہوا ۔ کیا آپ کو یاد ہے کہ اس نے کہا " آسمان کے نیچے " یعنی اس کا نام قبیلہ کی حیثیت سے مٹا دیا جائے گا ۔جب تک وہ آسمان کے نیچے تھا تب تک کچھ نہ ہوگا اور یہ ایک لاکھ چوالیس ہزار ابھی قبائلی حصہ میں ہیں ۔ یہ سچ ہے۔ لیکن آپ دیکھتے ہیں کہ ان کی آنکھیں بند تھیں ، وہ بیلوں اور بروں کی قربانیوں پر ہی قائم تھے ۔ سمجھے ؟

اب دھیان کریں ۔ اس نے صفحہ روزگار سے ان کا نام مٹا دیا ۔ لیکن اگر غیر قوموں کے لوگ روح القدس کے زمانہ میں اس کی مخالفت کرتے تو ان کا نام کتاب حیات سے یکسر مٹا دیا جاتا اور ان کے لئے اس جہاں میں معافی کی کوئی گنجائش تھی نہ آنے والے جہاں میں ۔ کیا یہ سچ ہے ؟ یہ مقام ہے جہاں ہم کھڑے ہیں ۔ بھیڑوں اور بکروں کے ماتحت اسرائیل کو ایک مقام حاصل تھا ، جب تک وہ اس زمین پر تھے ان کے قبیلے شامل نہیں تھے ۔ وہ تب تک کبھی شامل نہیں کئے جا سکتے تھے ۔

76 2-555جب خدا نے ایک لاکھ چوالیس ہزار کو بلایا تو دان اور افرائیم کم تھے ۔یہ سچ ہے ۔ انہیں وہاں شمار نہیں کیا گیا اور دان اور افرائیم کی جگہ پر یوسف اور لاوی کو رکھا گیا ۔ اب آپ اس پر نگاہ کر سکتے ہیں کہ یہ آپ کے سامنے ہے ۔سمجھے ؟ اور یہ خدا کا وہ وعدہ ہے جو اس نے ہزاروں سال پہلے کیا تھا ۔

اب کیا واقع ہوتا ہے ؟ انہیں مصیبت کے دور کے دوران صاف کیا گیا ۔ اب اگر خدا اس کنواری کو جو اچھی عورت تھی لیکن اپنی مشعل کے لئے تیل ساتھ لینے میں ناکام رہ گئی تھی ، اگر خدا اسے سز ا کے ذریعے صاف کرے گا تو پھر وہ ان دو قبیلوں کے لئے بھی یہی کچھ کرے گا ،وہ ان کو بھی مصائب کے دور میں صاف کرے گا ، اس لئے کہ یہ ایک صفائی ہے ، یہ عدالت ہے ۔ لیکن آپ دیکھتے ہیں کہ اس کے بعد ۔۔۔

77 4-555اب یہاں دیکھیے ۔ اسرائیل کی صفائی کے عمل کے بعد ایک لاکھ چوالیس ہزار نکل کر آتے ہیں اور ساتھ ہی بے وقوف کنواری بھی صاف ہو کر نکل آتی ہے اور اسے سفید جامہ دیا جاتا ہے ۔ سمجھے ؟ یہ کتنی کامل ہے ، کتنی خوبصورت بات ہے جس طرح یعقوب کو مصیبت کے دورسے گزرنا پڑا ۔۔۔ سمجھے ؟ یعقوب مصیبت کے دور سے گزرا ۔ یعقوب نے برائی کی تھی لیکن اسے صفائی کے دور سے گزرنا پڑا کیونکہ اس نے اپنے بھائی عیسو کے ساتھ برائی کی تھی ۔ سمجھے ؟ اس نے پہلوٹھے کا حق لینے کے لئے بھائی کو دھوکا دیا ۔ لیکن اسے پاک کئے جانے کے دور سے گزرنا پڑا ، اس سے پہلے کہ اس کا نام یعقوب سے تبدیل کر کے اسرائیل رکھا جا تا ،جو کہ آج کے زمانہ میں خدا کی تشبیہہ کا نمونہ تھا ۔

78 6-555اب ہم مکاشفہ 8باب کی پہلی آیت کی طرف آتے ہیں ۔(میں جانتا ہوں کہ آپ تھک گئے ہیں ۔ اب صرف چند منٹ اور سننے کی کوشش کریں اور میری دُعا ہے کہ آسمان کا خدا ہماری مدد فرمائے۔)

ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ ساتویں مہر تمام چیزوں کے وقت کا خاتمہ ہے۔ یہ سچ ہے ۔ سات مُہروں کی کتاب (جس میں نجات کا سارا منصوبہ بنائے عالم سے پیشتر مہر بند کیا گیا تھا) میں لکھی ہوئی تمام باتوں کا یہاں اختتام ہے۔یہ اختتام ہے۔ یہ دنیا کی تمام جدوجہد کا اختتام ہے۔ یہ فطرت کی مشقتوں کا اختتام ہے۔ یہ ہر چیز کا اختتام ہے۔ یہاں نرسنگوں کا کام ختم ہو جائے گا ۔ یہ پیالوں کا اختتام ہے ۔ یہ زمین کا اختتام ہے حتیٰ کہ یہ وقت کا بھی اختتام ہے ۔وقت ختم ہو

جائیے گا ، یہ بائبل کہتی ہے ۔ مکاشفہ کی کتاب 10باب کی 1تا 7 آیات ہیں ۔ وقت ختم ہو جاتا ہے ۔ فرشتہ نے کہا " اب اور دیر نہ ہوگی " اس روز یہ عظیم بات وقوع میں آئیے گی ۔ اس ساتویں مہر کے آخر پر ہر چیز کا اختتام ہو جائیے گا ۔

79 2-556غور کریں کہ یہ کلیسیا ئی زمانوں کا بھی اختتام ہے ۔ یہ سات مُہروں کا بھی اختتام ہے ،یہ نرسنگوں کا اختتام ہے ۔ یہ غضب کے پیالوں کا اختتام ہے ،حتیٰ کہ یہ ساتویں مہر ہزار سالہ بادشاہت کے آغاز کے ساتھ مل جائیے گی۔ یہ اسی طرح ہے جیسے ہم کوئی ہوائی ہوا میں چھوڑتے ہیں ۔وہ پھٹتی ہے اور اوپر چلی جاتی ہے ۔پھر وہ دوبارہ پھٹتی ہے اور اس میں سے پانچ ستارے نکلتے ہیں ۔ ان میں سے ایک ستارہ پھٹتا ہے اور اس میں سے مزید پانچ ستارے نکلتے ہیں لیکن بالآخر وہ ختم ہو جاتا ہے ۔ اسی طرح سے ساتویں مہر دنیا کے وقت کا خاتمہ کر دیتی ہے ۔ یہ چیز ہر کام کے لئے وقت کا خاتمہ کر دیتی ہے۔ یہ وقت کا اخیر ہے۔ ساتویں مہر پر آ کر ہر چیز کا اختتام آ جاتا ہے ۔

80 4-556اب، خدا یہ کس طرح کرنے جا رہا ہے اور یہ ایسی بات ہے جو ہم نہیں جانتے، کیا ایسا ہی نہیں ؟ ہم یہ نہیں جانتے ۔ یہ تمام چیزوں کے لئے وقت اور ہزار سالہ باد شاہت میں داخلہ ہے۔

غور کریں ، اس مہر کا کھلنا اتنا عظیم تھا کہ اس کے باعث آسمان پر آدھے گھنٹہ تک خاموشی چھائی رہی ۔ یہ کتنی عظیم ہے ؟ یہ کیا ہے؟ آسمان خاموش ہو گیا ۔ آدھے گھنٹہ تک کسی چیز نے اپنی جگہ سے جنبش نہ کی۔

اب، اگر آپ ایک اچھا وقت گزار رہے ہیں تو آدھا گھنٹہ کوئی طویل وقت نہیں ہوتا ۔لیکن موت اور زندگی کے درمیان تذبذب ہزار سالہ دور جیسا لگتا ہے یہ اتنی عظیم چیز تھی کہ یسوع نے کبھی اس کا ذکر نہ کیا اور نہ ہی کسی اور نے کیا ۔ یوحنا بھی اس کی کفیت نہ لکھ سکا ۔ اسے لکھنے سے منع کر دیا گیا تھا ۔ اس نے اس کے بارے میں کچھ بھی نہ لکھا ۔ بلکہ یہ خاموشی ہی ہے۔

81 1-557اور چوبیس بزرگوں نے جو خدا کے حضور کھڑے اپنی بربطیں بجاتے ہیں اور اپنی بربطیں بجانا روک دیں ۔ فرشتوں نے آسمان پر گانا بند کر دیا ۔ مقدس کروبیوں کو اور سرافیم کو ذہن میں لائیں جن کو یسعیاہ نے ہیکل میں دیکھا ۔ ان کے چھے چھے بازو تھے ۔ ان میں سے ہر ایک دو سے اپنے چہرے ،دو سے اپنے پاؤں کو ڈھانپے قدوس ، قدوس خداوند خدا قادر مطلق ہے"۔ یہاں تک کہ جب مقدس میں داخل ہوئیے تو انکی ہیبت سے ہیکل کے ستون ہل گئیے۔ یہ سرافیم بھی خاموش ہو گئیے ۔ فرشتوں نے گانا روک دیا ۔ جو خدا کی حضوری میں اڑتے ہوئیے " قدوس قدوس ،قدوس پکارتے تھے وہ خاموش ہو گئیے ۔نہ فرشتوں کا گانا ، نہ ستائش ،نہ قربان گاہ کی خدمت ، کچھ بھی نہ رہا ۔ آسمان پر آدھے گھنٹہ تک خاموشی ، سناٹا اور سکوت چھا گیا ۔ مخلصی کی کتاب کی ساتویں مہر کے بھید کو جب کھو لا گیا تو آدھے گھنٹہ تک آسمانی لشکر خاموش ہو گئیے اور سناٹا چھا گیا ۔ اس پر غور کریں ،لیکن یہ ٹوٹ گیا ۔ برہ نے اسے توڑ ڈالا ۔ کیا آپ جانتے ہیں یہ کیا تھا ؟ مجھے یقین ہے کہ وہ اس پر حیران تھے ۔ وہ نہیں جانتے تھے ۔یہ ہو گیا اور وہ خاموش ہو گئیے ۔ کیوں ؟ یہ کیا ہے ؟

82 3-557ہم میں سے کوئی یہ نہیں جانتا ، لیکن میں آپ کو اپنا مکاشفہ بتانے جا رہا ہوں ۔ لیکن میں تعصب کی طرف مائل نہیں ہوں ۔ اگر میں ایسا ہوں تو پھر میں اس سے بے بہرہ ہوں۔ سمجھے ؟ مجھے ٹیڑھی نظر ، یا اندھی تقلید یا تصوراتی چیزیں نہیں دی گئیں۔ میں نے کئی ایسی باتیں بیان کی ہیں جو کچھ لوگوں کے لئے عجیب ہو سکتی ہیں لیکن جب خدا ان کے پیچھے آکھڑا ہوتا ہے اور انہیں ثابت کر کے انہیں سچائی قرار دے دیتا ہے تب یہ خدا کا کلام ہوتا ہے ۔ ورنہ یہ عجیب ہو سکتا ہے ۔ سمجھے ؟

جیسے میں حقیقت میں آج رات اس پلیٹ فارم پر کھڑا ہوں اسی طرح یہ مکاشفہ مجھ پر ظاہر کیا گیا ۔ یہ ایک سہ پہلو معاملہ ہے ۔ میں اس کے ایک پہلو پر خدا کی مدد سے آپ کے سامنے بولوں گا ۔ آئیے پہلے وہاں چلیں ۔ یہ وہ مکاشفہ ہے جو میں آپ کو بتانا چا ہتا ہوں ۔ جو سات گرجیں یوحنا نے سنیں اور اسے لکھنے سے منع کر دیا گیا ان کے دوران کیا ہوا ۔ یہ راز ہے جو ان سات مسلسل گرجوں کے پیچھے پوشیدہ ہے۔

83 5-557ایسا کیوں ہے؟ آئیے اس 'کیوں' کو ثابت کریں ۔ یہ ایک بھید ہے جس کے بارے میں کوئی نہیں جانتا ۔ یوحنا کو اس کے بارے میں لکھنے سے حتیٰ کہ کوئی علامت تک لکھنے سے منع کر دیا گیا۔ کیوں ؟ اسی لئے آسمان پر کوئی سر گرمی نہ رہی اس سے بھید ظا ہر ہو سکتا تھا ۔ کیا اب آپ سمجھ رہے ہیں ؟ اگر یہ اتنی عظیم چیز ہے تو پھر اسے شامل کرنا چاہیے کیونکہ یہ واقع ہوگی ، لیکن جب سات گرجیں ۔۔۔

اب دیکھئیے، جب سات فرشتے اپنے نرسنگے پھونکنے کے لئے آگے آئیے تو ایک گرج پیدا ہوئی ۔جب بنی اسرائیل اکٹھے ہوئیے تو ایک نرسنگا تھا ۔ جب مزید کوئی وقت نہ ہوگا ،یعنی آخری نرسنگا ، تب بھی ایک گرج ہوگی ، لیکن یہاں گرج کی سات مسلسل آوازیں ہیں ۔ ایک۔ دو ۔ تین۔ چار۔ پانچ ۔چھ۔ سات۔ یہ مکمل سات کا عدد ہے ۔ سات لگا تار گرجیں ۔ یہ لگاتار گنتی ایک۔ دو ۔ تین۔ چار۔ پانچ ۔چھ۔ سات۔اس وقت آسمان اسے لکھ نہیں سکتا تھا ۔ آسمان اسے نہیں جان سکتے تھے ، یہ اتنا عظیم کام تھا کہ اسے فرشتوں سے بھی پوشیدہ رکھا گیا تھا ۔ مگر کیوں ؟

اگر شیطان اسے جان لیتا تو وہ بہت بڑا نقصان پہنچا سکتا تھا ۔ یہ ایک ہی بات تھی جو وہ نہیں جانتا ۔ اب شیطان جس چیز میں چاہے مداخلت کر سکتا ہے ، ہر نعمت کی نقل کر سکتا ہے (مجھے امید ہے کہ آپ سیکھ رہے ہیں)،لیکن

وہ اس راز کو نہیں جان سکتا تھا ۔ حتیٰ کہ یہ کلام میں بھی نہیں لکھا ہے ۔ یہ ایک مکمل بھید ہے ۔ فرشتوں نے ، ہر چیز نے خاموشی اختیار کر لی ۔ اگر وہ ایک حرکت بھی کرتے تو کوئی چیز باہر نہیں نکل سکتی تھی ۔ اس لئے وہ خاموش ہو گئے ۔ بر بطیں رک گئیں ہر چیز رک گئی ۔

84 2-558سات خدا کا تکمیل کا عدد ہے ۔ یہ ایک سے لے کر سات تک مکمل ترتیب ہے ۔ سات گرجیں اسی طرح ترتیب وار اکٹھی سنائی دیں جیسے کسی لفظ کے ہجے ہو تے ہیں ۔ غور کریں کہ اس وقت یوحنا نے لکھنے کا ارادہ کیا لیکن خدا نے کہا " اسے مت لکھ "۔ یسوع نے اسے کبھی بیان نہ کیا ۔ یوحنا اسے نہیں لکھ سکتا تھا ۔ فرشتے اس کے بارے میں کچھ نہیں جانتے تھے۔

یہ کیا ہے ؟ یہ وہی بات ہے جس کے مطلق یسوع نے کہا تھا کہ یہ آسمان کے فرشتے بھی نہیں جانتے ۔ سمجھے ؟ وہ خود بھی یہ نہ جانتا تھا ، اس نے کہا کہ یہ صرف خدا ہی جانتا ہے۔ لیکن اس نے ہمیں بتایا کہ جب نشان ظاہر ہونے لگیں ۔۔۔ (کیا اب آپ کہیں پہنچ رہے ہیں ؟ ٹھیک ہے) غور کریں ہم نشانوں کو ظاہر ہوتے دیکھ سکتے ہیں ۔ سمجھے؟ اگر شیطان کو یہ چیز معلوم ہو جاتی تو ۔۔۔

85 4-558اگر آپ چاہتے ہوں کہ کچھ وقوع میں آئے ۔۔۔ اب ، آپ کو اس کے لئے میرے الفاظ قبول کرنا ہوں گے ۔ اگر میں کسی کام کی منصوبہ بندی کر رہا ہوں گا تو میں کسی بھی دوسرے شخص کے بتانے سے اسے زیادہ بہتر جانتا ہوں گا۔ جب کوئی دوسرا شخص کچھ کہے گا تو شیطان بھی اسے سن لے گا ۔ سمجھے؟ جب تک خدا روح القدس کی قدرت سے میرے ذہن کو بند رکھے گا تب تک شیطان اسے میرے ذہن سے معلوم نہ کر سکے گا ، پس یہ صرف میرے اور خدا کے درمیان رہے گا ۔ اگر میں لوگوں کے درمیان کوئی کام کرنے کی کوشش کروں گا تو شیطان اس تک پہنچنے اور مجھے گرانے کے لئے سر توڑ کوشش کرے گا ۔ لیکن اگر مجھے خدا کی طرف سے کوئی مکاشفہ حاصل ہو اور میں اس کے بارے میں کچھ نہ کہوں تو یہ صورتحال مختلف ہو تی ہے ۔

یاد رکھیں ، شیطان نقل کرنے کی کوشش کرے گا ۔ وہ ہر اس کام کی نقل کرنے کی کوشش کرے گا جو کلیسیا کرے گی ۔ اس نے یہ کوشش کی ہے ۔ ہم نے دیکھا ہے کہ اس نے مخالف مسیح میں ہو کر ایسے کیا ہے لیکن یہ ایک ایسی چیز ہے جس کی وہ نقل نہیں کر سکتا ۔ وہ اس کا کوئی بہروپ نہیں بنا سکتا کیونکہ وہ اسے نہیں جانتا ہے ۔ اسے جاننے کا اس کے پاس کوئی طریقہ نہیں ۔ یہ تیسری خدمت ہے ۔ وہ اس کے بارے میں کچھ نہیں جانتا ۔ سمجھے؟ وہ اسے سمجھ نہیں سکتا ۔

86 3-559لیکن اس کے نیچے ایک بھید پوشیدہ ہے ۔ خدا کو بلند ترین جلال ملے ۔ میں اپنی تمام باقی زندگی اس طرح نہیں سوچ سکتا جب میں نے یہ دیکھا ۔۔۔ اب میں نہیں جانتا کہ یہ کیا ہے ۔ میں اس سے اگلا قدم جانتا ہوں ۔ لیکن میں یہ نہیں جانتا کہ یہ کیا ہے اور میں اس کی وضاحت کیسے کروں ۔ یہ زیادہ طویل نہیں ہے ۔ جب یہ سامنے آیا تو میں نے لکھ لیا ۔ اگر آپ اسے یہاں دیکھ سکیں : " رک جاؤ ! یہاں سے ذرا بھی آگے نہیں جانا"۔

میں جنونی بننے پر مائل نہیں ہوں ۔ میں بالکل سچائی بیان کر رہا ہوں ۔ اس چھوٹے جوتے کی کہانی کو یاد رکریں جو میں نے اکثر بیان کی ہے ۔ جب روح کسی اگلے شخص کی طرف بڑھتا اور ان کے تحت الشعور کی باتیں معلوم کر لیتا ، تو اس کے بعد ایک بھیڑ اس کی نقل پیش کرنے لگ گئی ۔ جب مجھے یہ نعمت ملی کہ جب کسی بیمار کا ہاتھ پکڑوں تو میرے ہاتھ میں ارتعاش پیدا ہو جائے ، تو اسے دیکھ کر ہر شخص کے ہاتھ میں ارتعاش پیدا ہونے لگ گیا ۔ لیکن آپ کو یاد ہوگا کہ جب خدا مجھے اوپر لے گیا اور کہا " تیسری نعمت ہے،اور اسے کوئی سمجھ نہ سکے گا "۔ کیا آپ کو یاد ہے؟ میری کوئی رویا کبھی نا کام نہیں ہوئی ۔ وہ کام سچائی ہیں۔

87 5-559کیا آپ کو سات فرشتوں کے جھرمٹ والی رویا یاد ہے ؟ چارلی، کیا آپ موجود ہیں ؟ کچھ واقع ہو رہا ہے ، میں نے آپ کو یہ بتا یا تھا ۔ اس ہفتے یہ آپ سب کے اردگرد رہا ہے اور مجھے فکر ہے کہ کیا آپ نے اس پر غور کیا ہے ۔ کیا آپ کو سات فرشتوں کے جھڑمٹ والی رویا یا د ہے جب میں یہاں سے ایری زونا کے لئے روانہ ہوا تھا ؟ کیا آپ کو " صاحبو! یہ کون سا وقت ہے ؟" والا پیغام یاد ہے ؟ کیا یہ آپ کو یاد ہے ؟

غو ر کریں کہ ایک دھماکہ ہوا اور سات فرشتے ظاہر ہو گئے۔ کیا یہ سچ ہے ؟ ایک ہی زور دار دھماکے کے ساتھ سات فرشتے نمودار ہو گئے۔

میں نے برے کو اس وقت دیکھا جب اس نے پہلی مہر کھولی ، اس وقت بھی میں نے دھماکے کی سی آواز سنی اور چار جانداروں میں سے ایک نے کہا آ اور دیکھ ۔ غور کریں ، ایک گرج سے سات مہر بند پیغام ظاہر ہو ئے جو آخری زمانہ یعنی اس زمانہ سے پہلے منکشف نہیں ہو سکتے تھے ۔ کیا آپ میرا مطلب سمجھ گئے ہیں ؟

88 1-560اب کیا آپ نے اس ہفتہ کے پر اسرار حصہ ملاحظہ کئے ہیں ؟ یہ وہی چیز ہے ۔ یہ وہی چیز ہے جو ہمیشہ رہا ہے ۔ یہ انسان نہیں تھا ۔ یہ خدا وند کا فرشتہ تھا ۔

دیکھئے۔ اس کے تین گواہ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ ایک ہفتہ یا ایک ہفتہ سے کچھ زیادہ دن پہلے کا واقعہ ہے میں پہاڑو ں پر تقریبا میکسکو کے قریب دو بھائیوں کے ساتھ جو یہاں موجود ہیں گیا ہوا تھا ، اس وقت میں اپنی پتلون کی ٹانگ

سے ایک کانٹا نکال رہا تھا کہ ایک زور دار دھماکہ ہوا جس نے پہاڑوں کو ہلا دیا ۔ یہ بالکل سچ ہے ۔ میں نے بھائیوں کو کچھ نہ بتایا لیکن انہوں نے کچھ مختلف سمجھا اور خدا وند نے مجھ سے کہا " اب تیار ہو جا ۔ مشرق کو جا "۔

یہ اس رویا کی تعبیر تھی۔ سمجھے ؟ " تیرے علم کے لئے یہ ہے کہ برادر سوتھیمن جس شکار کے پیچھے گیا تھا ابھی اسے حاصل نہیں کر پایا "۔ ہم اسے اس بھائی کے لئے حاصل کرنے کی کوشش کر رہے تھے اور خداوند نے کہا " تیرے لئے یہ نشان ہے کہ آج رات وہ اسے نہیں کر پائے گا ۔ آج تجھے ان فرشتوں کی ملاقات کے لئے خود کو پاک کرنا چاہیے"۔ اور میں نے اسے اپنے ساتھ کھڑے محسوس کیا ، کیا آپ کو بھی یاد ہوگا ۔ میں مغرب میں تھا اور فرشتے مشرق کی طرف سے آ رہے تھے ۔ جب وہ میرے قریب پہنچے تو میں بھی ان کے ساتھ اوپراٹھا یا گیا ۔ کیا آپ کو یاد ہے ؟

89 560-3بھائی فریڈ اور بھائی نارمن یہاں موجود ہیں جو اس کے گواہ ہیں ۔ جب ہم نیچے جا رہے تھے تو میں نے اس بھائی پر زور دیا کہ یہ ٹھہر کر اس شکار کو حاصل کرے ۔ بھائی سوتھیمن ، کیا میں سچ کہہ رہا ہوں ؟ جی ہاں ، وہ اس وقت یہاں موجود ہیں ۔ میں نے مجبور کیا تھا لیکن خداوند نے کہا " وہ اسے حاصل نہیں کرے گا "۔ میں نے کچھ نہ کہا ، اور چلتا رہا ۔ اس دن سائبان کے ساتھ کوئی چیز بیٹھی ہوئی تھی ۔ بھائی سوتھیمن ، آپ کو یاد ہوگا کہ جونہی کچھ باتیں ظاہر کی گئیں تھیں میں نے آپ کو اور بھائی نارمن کو بتائی تھیں ۔ بھائی نارمن کہاں ہیں ؟ وہ پیچھے موجود ہیں ۔ میں نے ان کو قسم دلائی تھی کہ وہ ان باتوں کا کسی سے ذکر نہ کریں ۔ کیا یہ سچ ہے ؟ کیا میں رُخ بدل کر اس خیمہ سے دور چلا گیا تھا ؟ کیا یہ سچ ہے ؟ کیونکہ یہ وہی بات تھی جو بتائی جا چکی تھی۔ جو پہلے بتائی گئی تھی ۔ اور میں جانتا تھا کہ جب تک یہ وقوع میں نہ آ جائے میں لوگوں کو نہیں بتا سکتا تاکہ یہ لوگوں کی سمجھ میں آ جائے ۔

90 560-4کیا آپ نے اس ایک فرشتہ پر غور کیا جو میں نے کہا تھا کہ عجیب تھا ؟ وہ مجھے باقی سب سے اہم دیکھائی دے رہا تھا ۔ کیا آپ کو یاد ہے ؟ وہ ایک جھرمٹ کی صورت میں تین ایک طرف اور ایک اوپر تھا اور مجھ سے آگے اگر بائیں سے دائیں گنتی کی جائے تو وہ ساتواں فرشتہ تھا ۔ وہ زیادہ روشن تھا اور باقی سبھوں سے زیادہ قابل توجہ تھا ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ میں نے بتا یا تھا کہ وہ سینہ تانے مشرق کی طرف اڑ رہا تھا ۔ کیا آپ کو یہ بات یاد ہے ؟اور میں نے کہا تھا " انہوں نے مجھے اوپر اٹھا لیا " کیا آپ کو یہ بھی بات یاد ہے ؟

91 561-1وہ یہاں ہے ۔ یہ ساتویں مہر ہی ہے جس پر میں اپنی تمام عمر حیرت زدہ رہا ہوں ۔ آمین۔ باقی مہریں میرے لئے بہت عظیم مطلب رکھتی ہیں لیکن آپ نہیں جانتے کہ یہ ساتویں میرے لئے کیا کچھ تھی ۔ کیونکہ فونکس کی عبادت کے بعد میں نے زندگی میں ایک بار دعا کی تھی ، میں خدا کے آگے رویا ، جو لوگ میرے ساتھ تھے وہ جانتے ہیں ۔ میں پہاڑوں میں پڑا رہا میں ایک صبح اٹھا اور درہ سنیبو چلا گیا ۔ یہ بہت اونچا نا ہموار پہاڑی سلسلہ ہے میں وہاں اوپر گیا ہوا تھا اور وہاں پیدل چڑھنے کا راستہ تھا جو لیمن ماؤنٹین تک جاتا تھا جو تیس میل کا سفر ہے اور اس پر تیس فٹ موٹی برف کی تہہ ہوتی ہے ۔

92 561-2میں صبح سویرے دن نکلنے سے پہلے اس تنگ راستہ پر چکنی چٹانوں کے پاس سے گزر رہا تھا کہ ایک طرف کو میں نے جانے کی رہنمائی محسوس کی ۔ میں مڑا اور بہت اونچی نوکیلی چٹانوں کے پاس پہنچ گیا ، اوہ خدایا یہ سینکڑوں فٹ بلند تھیں اور میں ان چٹانوں کے بیچ گھٹنوں کے بل جھک گیا ۔ میں نے اپنی بائبل کو ، اس چھوٹی سی ڈائری کو رکھ دیا اور کہا

" اے خدا وند خدا ، اس رویا کا کیا مطلب ہے ؟ " پھر میں نے کہا " خدا وند ، کیا اس کا مطلب میری موت ہے ؟ " (آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے بتا یاتھا کہ اس کا مطلب میری موت ہو سکتا ہے کیونکہ ایک ایسا زور دار دھماکہ ہوا کہ میں نے خود کو ٹکڑوں میں بٹتے محسوس کیا تھا ۔ آپ کو یاد ہوگا ۔ کتنے لوگوں نے یہ آواز سنی تھی ؟ یقیناًآپ سب واقف ہیں) ۔ اور میں سمجھتا تھا کہ اس کا مطلب میری موت ہو سکتا ہے اور پھر اپنے کمرے میں میں نے کہا" خداوند یہ کیا تھا ۔ اس کا کیا مطلب ہے ؟ کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ میں مرنے والا ہوں ؟ اگر ایسا ہے یہ تو ٹھیک ہے میں اپنے گھرانے کو نہیں بتاؤں گا ۔ اگر میرا کام ختم ہو گیا ہے تو مجھے رخصت کر "۔ اب یہ کیا تھا ؟ اور خداوند نے ایک گواہی کو بھیجا اور بتایا کہ اس کا یہ مطلب نہیں ہے بلکہ یہ میرے کام میں مزید اضافہ ہے (آپ کو یاد ہو گا کہ میں نے آپ کو یہ بتایا تھا) ۔

93 اوہ کیا آپ یہ سمجھ گئے ؟ اور درہ سابنیو میں بیٹھے ہوئے ۔۔۔آسمانی باپ جانتا ہے جیسے سچائی کے ساتھ آپ نے اسے پوارا ہوتے دیکھا ہے ، وہ فرشتے عین نیچے آئے اور ہر پیغام کو یکساں طور پر منکشف کیا ۔ پھر آپ جانتے ہیں کہ یہ خدا کی طرف سے ہے یا نہیں ۔ یہ پہلے رویا کے وسیلے بتایا گیا تھا ۔ میں عبادت کے ختم ہونے تک آپ کو نہیں بتا سکتا تھا کیونکہ مجھے اس سے منع کیا گیا تھا۔

اس صبح درہ سابینو میں ٹھہرے ہوئے ، میں اپنے ہاتھ اٹھائے کھڑا تھا اور ہوا نے میرے پرانے سیاہ ہیٹ کو نیچے گرا دیا تھا ۔ میں نے دعا میں ہاتھ اٹھائے کھڑے ہوئے کہا " خداوند خدا ، اس کا کیا مطلب ہے ؟ میں اس کو سمجھ نہ سکا خداوند مجھے کیا کرنا چاہیے ؟ اگر میرے ابدی گھر جانے کا وقت آگیا ہے تو مجھے اسی جگہ سے اٹھا لے تاکہ وہ مجھے کبھی لاش نہ کہہ سکیں ۔ اگر میرا وقت آگیا ہے تو میں نہیں چاہتا کہ کوئی مجھ پر ماتم کرے ۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے گھر والے یہی سمجھیں کہ میں سیر کو نکلا تھا اور وہ مجھے تلاش نہیں کر سکے مجھے کہیں چھپا لے ۔ اگر میرا رخصت ہونے کا وقت آگیا ہے تو مجھے رخصت ہونے دے ۔ شاید کسی دن جوزف یہاں میری بائبل پڑی ہوئی دیکھ لے اور اس کو اسے

استعمال کرنے دے ۔ خداوند اگر میرا وقت پورا ہو گیا ہے تو مجھے رخصت کر "۔

94 562-1میں اپنے ہاتھ پھیلائے ہوئے تھا کہ کوئی چیز میرے ہاتھ سے ٹکرائی ۔ میں سمجھ نہ سکا ۔ میں بتا نہیں سکتا ۔ کیا میں سو گیا تھا ؟ میں نہیں جانتا کیا میں بے خود ہو گیا تھا ؟ کیا یہ کوئی رویا تھی ؟ میں آپ کو نہیں بتا سکتا ۔ میں صرف ایک ہی بات کہہ سکتا ہوں ۔۔۔ یہ ان فرشتوں جیسی ہی کوئی چیز تھی وہ میرے ہاتھ سے ٹکرائی اور میں نے دیکھا تو یہ ایک تلوا رتھی جس کا دستہ موتیوں کا اور بہت خوب صورت تھا ۔ اس پر سنہری حفاظتی خول تھا اور اس کا پھل چاندنی کی طرح شفاف نہایت چمکدار تھا ۔ عزیزو، یہ انتہائی خوب صورت ہے "۔ پھر میں نے سوچا " ارے ، میں تو ہمیشہ ایسی چیزوں سے خوف ذدہ رہتا ہوں "۔ اور یہ تلواری تھی ۔ پھر میں نے سوچا " میں اسے کیا کروں گا ؟" اور اسی وقت ایک زور دار آواز چٹانوں سے ٹکراتی ہوئی آئی کہ " یہ بادشاہ کی تلوار ہے "۔ اور پھر میں اس کفیت سے نکلا ۔" بادشاہ کی تلوار ۔۔۔"

اگر وہ کہتا " ایک بادشاہ کی تلوار ۔۔۔" مگر اس نے کہا تھا " بادشاہ کی تلوار " اور یہ بادشاہ تو صرف ایک ہی ہے یعنی خدا اور اس کی ایک ہی تلوار ہے یعنی اس کا کلام جس سے میں زندہ ہوں ۔ اور خدا میری مدد کرے ، وہ اپنی پاک میز پر اپنے پاک کلام کے ساتھ کھڑا ہے ۔ یہ اس کا کلام تھا ۔آمین۔

95 562-4اوہ، ہم کیسے دن میں زندگی گزار رہے ہیں ، یہ کیسی عظیم بات ہے ۔ کیا آپ اس راز اور بھید کو سمجھ گئے ہیں جب یہ مجھ سے دور ہو گئی تو کسی چیز نے میری طرف آکر کہا " جوزف نہ کر " اب ، میں نے کوئی آواز سنی تھی ، جیسے کوئی میرے اندر سے بولا تھا ۔ میں آپ کو اسی طرح سچائی کے ساتھ بتا رہا ہوں جیسے یہ واقع ہوا تھا ۔ کوئی چیز ٹکرائی اور کہا "خوف نہ کر ۔ " یہ تیسری خدمت ہے "۔ تیسری خدمت ، کیا یہ آپ کو یاد ہے ؟ اس نے کہا " جو کچھ تو وضاحت کرنے کی کوشش کر رہا تھا اس کے بہت سے نقال پیدا ہوگئے ۔ مگر اس کی کوئی وضاحت کرنے کی کوشش نہ کر " ۔ کیا آپ کو یاد ہے ؟ یہ ٹیپ پر ریکارڈ ہو کر ہر جگہ پہنچ چکی ہے ۔ یہ آج سے تقریبا چھے یا سا ت سال پہلے کی بات ہے ۔ خداوند نے کہا " اس کی وضاحت کرنے کی کوشش نہ کر " یہ تیسری خدمت ہے ، لیکن میں تجھ سے اس میں ملا قا ت کیا کروں گا "۔ کیا یہ ٹھیک ہے ۔ اس نے کہا تھا "اس کی وضاحت کی کوشش نہ کرنا "۔

96 563-1میں ایک بچے کا جوتا پکڑے کھڑا تھا جب خداوند نے مجھ سے کہا " پہلی بار کھینچ ، اور جب تو ایسا کرے گا تو مچھلی کانٹے کے پیچھے بھاگے گی " پھر اس نے کہا " پھر اپنے دوسری بار کھینچ کر دیکھ" اس نے کہا " کیونکہ تب محض چھوٹی سی مچھلی ہوگی "۔ اس نے کہا " تب تو تیسری بار کھینچے گا تو یہ آئے گی "۔

اور خادم میرے گرد جمع تھے اور کہہ رہے تھے : " بھائی برینہم ، ہم جانتے ہیں کہ آپ ایسا کر سکتے ہیں ۔ بھائی برینہم ، ہالیلویاہ "۔ (اسی جگہ میں ہمیشہ خادموں کے درمیان گھر جاتا ہوں ۔ دیکھئے میں لوگوں کو پسند کر تا ہوں مگر وہ ہر چیز کی وضاحت جاننا چاہتے ہیں)۔

97 563-3اور میں نے کہا " اچھا، اوہ ، تمام ۔۔۔؟۔۔۔ میں نے کہا " یہ میں نہیں جانتا "۔ میں نے کہا میں نے مچھلی پکڑنے کا طریقہ سمجھ لیا ہے ۔ اب جو پہلا کام آپ کریں گے اس کا طریقہ یہ ہے ۔ جب آپ اردگرد مچھلیاں ہی مچھلیاں دیکھیں تو کانٹے کو جھٹکا مار دیں "۔ (یہ مچھلی پکڑنے کا عین طریقہ ہے)۔ پس میں نے کہا " کانٹے کو جھٹکا دے "۔ اب آپ سمجھتے ہیں کہ جب میں نے کانٹے کو پہلا جھٹکا دیا تو اس کے پیچھے مچھلیاں آئیں لیکن وہ چھوٹی چھوٹی تھیں ۔دوسرے بھی بالکل اسی طرح پکڑ رہے تھے ۔ پھر میں نے کہا " اب میں دوبارہ ڈور پھینکوں گا ۔۔۔" اور میں نے اس کنارے پر جھٹکے سے کھینچا اور ایک مچھلی آگئی لیکن یہ کانٹے کے اوپر چمڑے کی مانند دکھائی دیتی تھی ۔ وہ بہت ہی چھوٹی تھی اور جب میں وہاں کھڑا تھا تو کسی نے مجھ سے کہا " میں نے تجھے اس طرح کرنے سے منع نہ کیا تھا " اور میں نے رونا شروع کر دیا ۔ ساری ڈوری میرے گرد لپٹ گئی تھی اور میں سر جھکائے کھڑا رو رہا تھا ۔ میں نے کہا " اے میرے خدا ، مجھے معاف کر دے ، میں ایک احمق شخص ہوں ، خداوند مجھے معاف کر دے "۔ میرے پاس یہ ڈوری تھی اور جو کچھ میرے پاس تھا وہ چھوٹا سا بچے کا جوتا تھا اور وہ ڈوری میری انگلی جیتنی موٹی تھی ، یعنی تقریبا نصف انچ موٹی تھی اور جوتے کا تسمہ اس جوتے میں ڈالنے کی کوشش کر رہا تھا اور ایک آواز نے کہا " تو پینتی کاسٹل فرزندوں کو اعلیٰ روحانی باتیں نہیں سکھا سکتا " پھر اس نے کہا " انہیں بس چھوڑ دے "۔

98 563-5پھر اس نے مجھے اوپر اٹھا لیا اور مجھے اٹھا کر اس نے بلندی پر ایسی جگہ پہنچا دیا جہاں کوئی عبادت ہو رہی تھی، یہ کوئی سائبان یا بڑا گرجا دیکھائی دیتا تھا ۔ میں نے نگاہ کی اور کیا دیکھتا ہوں کہ ایک چھوٹا سا صندوق ہے ، پہلو کی طرف ایک چھوٹی سی جگہ ہے اور میں نے دیکھا کہ روشنی میرے اوپر کسی سے مخاطب ہے ،یہ وہی روشنی تھی جو آپ تصویر میں دیکھتے ہیں ۔ وہ گھومتی ہوئی میرے پاس سے اس سائبان کے پاس چلی گئی اور کہا " میں تجھ سے یہاں ملوں گا " اور اس نے کہا " یہ تیسری خدمت ہوگی ۔ ،اور یہ تو کسی کو نہیں بتائیے گا "۔ اور درہ سابینو میں اس نے کہا " یہ تیسری خدمت ہے " اس کے ساتھ تین بڑے کام بھی ہیں جن میں سے ایک کل منکشف ہوا اور دوسرا آج منکشف ہوا ہے اور تیسری چیز ایسی ہے جس کا میں ترجمہ نہیں کر سکتا کیونکہ وہ کسی نا معلوم زبان میں ہے ۔ لیکن میں وہاں ٹھیک طرح سیدھا اس کی طرف دیکھ رہا تھا ، اور یہ تیسری خدمت ظاہر ہو رہی تھی اور خدا کا پاک روح ۔۔۔ اوہ ، عزیزو۔ یہی سبب تھا کہ پورا آسمان خاموش ہو گیا تھا ۔

99 2-564اب میرا یہاں رک جانا زیادہ بہتر ہے ۔ سمجھے ؟ میں رکاوٹ محسوس کر رہا ہوں کہ اس کے بارے میں مزید کچھ نہ بولوں ۔ اس لئے بس اتنا یاد رکھیں کہ یہ ساتویں مہر اس لئے کھولی گئی ، یہ اس سبب سے ظاہر نہ کی گئی کہ کوئی اسے جان نہ سکے ۔ میں آپ کو جتلا دینا چاہتا ہوں کہ اس کے متعلق جب میں ایک لفظ بھی نہ جانتا تھا ، وہ رویا برسوں پہلے مجھے دکھائی دی تھی ۔ کیا آپ کو یاد ہے ؟اور یہاں یہ بالکل اس دوسری کی طرح عین کلام کے اندر داخل ہوتی ہے ۔ خدا میرے دل کو جانتا ہے میں نے اس قسم کا خیال کبھی نہ سوچا تھا ،۔ اور یہ یہاں موجود تھا ۔ یہ ہماری سوچ سے آگے ہے ۔ اوہ، میرے عزیزہ ۔ یہ ثابت کرتا ہے کہ یہ خدا سے ہے ، اس لئے کہ یہ خدا کے وعدوں پر پیغام کے سرے سے لے کر پورا اترتا ہے ۔ آپ غور کریں تو وقت کا اختتام اس مہر کا پیغام دیتا ہے ۔ خداوند نے باقی چھے مہریں ظاہر کر دی تھیں ، لیکن اس نے ساتویں مہر کے متعلق کچھ بھی نہیں کہا ۔ یہ وقت کے خاتمہ کی مہر جب شروع ہوگی ، تو بائبل کے مطابق یہ مطلق طور پر ایک بھید ہوگا ۔ اسے جاننے سے پہلے ۔۔۔ یاد رکھئے کہ مکاشفہ 10:1-7 کے مطابق ساتویں فرشتے کے پیغام کے اختتام پر خدا کے تمام بھید کھول دئیے جائیں گے ۔ ہم آخری وقت میں ہیں ، ساتویں مہر کا کھلنا قریب ہے ۔

100 4-564اب سے ایک ہفتہ پیچھے گزشتہ اتوار کو مجھے کیونکر علم ہوا جب میں " حلیم بنو ، حلیم بنو، خدا چھوٹی چیزوں میں کام کرتا ہے " کے موضوع پر بول رہا تھا ، میں محسو س نہ کر سکا کہ درحقیقت یہ کس کے بارے میں بیان کر رہا تھا ، لیکن اب میں سمجھ گیا ہوں ۔ یہ بہت حلیم طریقہ سے ہے ۔ آپ کا خیال ہوگا کہ یہ کوئی ایسی چیز ہوگا جو ویٹکن پر ظاہر ہوگا ، لیکن یہ تو یوحنا اصطباغی کی طرح آیا ہے ۔ یہ ہمارے خداوند کی چر نی میں پیدائش کر طرح ہے ۔ خدا کو جلال ملے ۔ اسلئے خد ا میری مدد کرے ، گھڑی سر پر ہے ۔ ہم یہاں ہیں ۔ اوہ ، میرے عزیزو ۔ کیا اب آپ سمجھ گئے ہیں ؟ خدا کی رویا کی سچائی ہے ، سات فرشتے مجھے مغرب سے لا رہے تھے ۔ وہ مغرب سے مشرق کی طرف واپس آرہے تھے ، وہ آج رات کے اس پیغام کے لئے مجھے لا رہے تھے ۔ اوہ ، میرے عزیزو۔

101 2-565اب اس بڑی گرج کی آواز اور مقصد جو یہاں لایا گیا اس نے ظاہر اور ثابت کر دیا کہ یہ خدا کی طرف سے تھا ۔ اب اس پر غور کریں ۔ میں ان مہروں کے متعلق کچھ نہیں جانتا تھا ، یہ اسی ہفتہ کے دوران منکشف ہوئی ہیں ۔ کیا کسی نے یہ سوچا تھا ؟ کیا کسی نے ان سات فرشتوں کے بارے میں سوچا تھا ، یا اس آنے والے پیغام کا کسی نے سوچا تھا ، جس کے لئے فرشتے مجھے اٹھا کر یہاں لا رہے تھے ؟

یاد رکھیں کہ ساتواں پیامبر ۔۔۔ ساتواں فرشتہ میرے لئے سب سے زیادہ قابل توجہ تھا ۔ اب ، دیکھیں کہ وہ اس طرح سے کھڑے تھے (اب میں چاہتا ہوں کہ آپ دھیان دیں)، میں یہاں کھڑا تھا اور میں باقیوں کو دیکھ رہا تھا ، پہلے چھوٹے پرندوں کا غول آیا جو اپنے پر مار رہے تھے ۔ کیا آپ کو یاد ہے ؟ وہ سب مشر ق کی طرف اڑ رہے تھے جو کبوتروں کی مانند دکھائی دیتے تھے ۔ وہ بھی مشرق کی طرف محو پرواز تھے ۔ یہ پہلی اور دوسری خدمت تھیں ۔ پھر ان کے بعد فرشتے آئے ۔

102 4-565میں اسی جگہ کھڑا تھا جب یہ زور دار دھماکہ ہوا ، اور میں اس وقت مغرب کی طرف دیکھ رہا تھا اور فرشتے آئے اور انہوں نے مجھے اوپر اٹھا لیا ، اور میں بالکل اپنے حواس سے بیگانہ ہو گیا ۔ ان میں سے ایک مجھے لگتا تھا ، جب میں اس جھرمٹ میں داخل ہوا تو وہ میرے بائیں ہاتھ تھا ، کیونکہ اگر بائیں طرف سے ان کا شمار شروع کیا جاتا تو وہ فرشتہ ساتویں نمبر پر تھا ۔

اب سات پیامبروں کو یاد کریں ۔ کیا آپ کو بھائی جونئیر جیکسن کا سفید پتھر کے مخروط کا خواب یاد ہے جس کی تعبیر میں نے آپ کو بتائی تھی ۔ اس رات پر غور کریں جس میں چھے خواب دکھائی دئیے اور ان میں سے ہر ایک ایک ہی چیز کی طرف اشارہ کرتا تھا ۔ پھر رویا شروع ہو گئی اور مجھے مغرب میں بھیج دیا ۔ کیا جونئیر موجود ہیں ؟ وہ دیکھ رہا تھا کہ ۔۔۔ غور کریں کہ یہ کیسی کامل صورت ہے

اب مجھے توقع اور بھروسا ہے کہ آپ لوگ محسوس کرتے ہوں گے کہ میں یہ جلال اور عزت خداوند یسوع مسیح کو دیتا ہوں جو اس سارے کلام کا مصنف ہے اور آپ نے اپنی زندگی بھر مجھے کبھی اس طرح بولتے نہیں سنا ہوگا ۔ مگر یہ گھڑی قریب آ رہی ہے ۔ کیا آپ اسے سمجھ گئے ہیں ؟

103 1-566غور سے سنیں ، میں اسے آپ کے لئے یقینی بنانا چاہتا ہوں تا کہ آپ کی راہنمائی ہو سکے ۔ میں آپ سے جدا ہونے کا ارادہ کررہا ہوں ۔ میں نہیں جانتا کہ میں کدھر جاؤں گا ۔ مجھے دوسری جگہوں پر بھی انجیل کی منادی کرنا ہے ۔ اب اگر آپ یہ کہیں کہ " میں نے یہ سب افسانوی قسم کی باتیں سنی ہیں " تو میں نہیں جانتا کہ کیا کہوں ۔ میں کسی دوسرے شخص کی عدالت نہیں کر سکتا ۔ میں صرف اپنی ذات کے لئے خد ا کا جوابدہ ہوں ۔ لیکن کیا ان تمام برسوں میں خداوند کے نام سے کبھی میں نے آپ کو کوئی ایسی بات بتائی ہے جو درست ثابت نہ ہوئی ہو ؟ نہ ہی یہ بات آپ کو کوئی اور کہہ سکتا ہے ، کیونکہ میں نے ہمیشہ وہی کہا ہے جو خداوند نے مجھے بتا یا ۔

اب مجھے دیکھنے دیں کہ یہ عین مصدقہ سچائی ہے ۔ اب یاد رکھیں " اگر تم میں کوئی روحانی شخص یا نبی ہو تو میں خداوند رویا یا خواب میں اس کے ساتھ کلام کروں گا "، یعنی وہ خوابوں کا مطلب بیان کر دے گا ۔ یوسف کو یاد کریں جو خوابوں کا مطلب بتا سکتا تھا اور رویائیں دیکھتا تھا ۔ کیا یہ سچ ہے ؟

104 566-3اب غور کریں کہ جب جونئیر کو یہ خواب نظر آیا وہ خود کو ایک میدان میں دیکھ رہے تھے جہاں ایک بڑا مخروط نظر آ رہا تھا ۔ ان پتھروں پر لکھا ہوا تھا اور میں ان کا مطلب لوگوں کو بتا رہا تھا ۔ جونئیر ، کیا میں ٹھیک بیان کر رہا ہوں ؟ یہ خواب ایک سال پہلے کا ہے ۔

اب اس سے اگلی بات پر غور کریں ۔ میں نے کسی قسم کی سلاخ لے کر اسے کاٹ ڈالا اور اندر ایک سفید پتھر تھا جس پر کچھ نہیں لکھا تھا اور اس وقت میں نے مغر ب کا سفر اختیار کیا اور میں نے ان سب لوگوں سے کہا " مغرب کی طرف مت جاؤ ۔ یہاں ٹھہرے رہو اور میری واپسی کا انتظار کرو "۔ میں اس دھماکے لئے مغرب کی طرف گیا اور مشرق کیطرف اس طرح واپس آیا کہ روح القدس نے اس غیر تحریر شدہ کلام کا مطلب ظاہر کر دیا ۔ اگر یہ مکمل طور قادر مطلق خدا کا کام نہیں تو میں چاہوں گا کہ آپ معلوم کریں ۔ عزیزو، میں یہ کس کے لئے بیان کر رہا ہوں ؟ آپ کو یہ دکھانے کے لئے کہ ہم آخری وقت میں ہیں ۔

105 566-5اگر باقی سب چیزیں حرف بہ حرف کلام کے مطابق تھیں تو یہ بھی مکمل طور پر حرف بہ حرف کلام کے ساتھ ہے ۔ ہم یہاں پر ہیں ۔ عزیزو، ہم آخری گھڑی میں ہیں ۔ جلد ہی یہ وقت ختم ہو جائے گا ۔ لاکھوں لوگ اپنی زندگیاں کھو بیٹھیں گے ۔ لاکھوں لوگ جو اب خود کو نجات یافتہ خیال کرتے ہیں ، ایٹمی دور کے ایندھن میں شمار کئے جائیں گے ۔ ہم آخر ی گھڑ ی میں زندگی گزار رہے ہیں ۔ قادر مطلق خدا کے فضل ، اس کی مدد سے لوگ مسیح کی جلد آمد کو ہوتے دیکھ سکیں ۔۔۔ " بھائی برینہم ، یہ کتنا عرصہ ہوگا ؟" شاید بیس سال ہوں ، شاید پچاس سال ہوں ، یا ایک سو سال بھی لگ سکتے ہیں ، یہ میں نہیں جانتا اور شاید کل صبح آجائے ، شاید آج رات ہی آجائے، یہ مجھے معلوم نہیں ۔ اگر کوئی شخص کہے کہ وہ جانتا ہے تو وہ جھوٹا ہے ۔ سمجھے ؟ وہ نہیں جان سکیں گے ۔ یہ صرف خدا ہی جانتا ہے ۔

106 567-1اب غور سے سنیں ۔ میرا یقین کریں ۔ بخدا یہ سب روحانی طور پر مجھ پر ظاہر کی گئی ہیں ۔ میں

آپ سے سچائی کے ساتھ کہہ رہا ہوں ۔ یہ مجھ پر پاک روح نے ظاہر کی ہیں اور ان میں سے ہر بات نے بائبل میں اپنا مقام پایا ہے۔

اب میں نہیں جانتا کہ وہ کیسا بڑا بھید ہے جو اس مہر کے نیچے پوشیدہ ہے ۔ میں اسے نہیں جانتا ۔ میں اسے سامنے نہیں لا سکتا ۔میں نہیں بتا سکتا کہ یہ کیا ہے اور اس پر کیا کہا گیا ۔ لیکن میں اتنا جانتا ہوں کہ سات گرج کی آوازیں تھیں جو یکے بعد دیگرے مسلسل سات مختلف اوقات کے لئے پیدا ہوئیں ، اور اس میں سے ایک اور چیز سے پردہ اٹھا جسے میں نے دیکھا اور جب میں نے دیکھا تو میں نے اس کی تعبیر تلاش کرنے کی کوشش کی لیکن میں اسے باہر نہ لا سکا ۔ عزیزو، میں بالکل سچ کہہ رہا ہوں ۔ سمجھے ؟ ابھی وہ گھڑی نہیں آئی لیکن یہ اس دائرے میں داخل ہونے کے لئے آگے بڑھ رہا ہے ۔ یہ قریب آتی جا رہی ہے ۔ آپ کے کرنے کا ایک ہی کام ہے اور وہ یہ ہے کہ یاد رکھیں میں خداوند کے نام سے آپ سے کہتا ہوں کہ تیار ہو جائیں ، کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ کون سی گھڑی کچھ ہو جائے ۔

107 567-3اب ، جب کوئی بات ٹیپ پر آجا تی ہے ، جو کہ آگئی ہے تو اس سے میرے دس ہزار دوست مجھ سے دور ہو جائیں گے ، کیونکہ وہ کہیں گے کہ بھائی برینہم خود کو خدا کے سامنے کوئی خادم یا نبی یا کچھ اور بنانے کی کوشش کر رہا ہے ۔بھائیوں میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ غلط فہمی ہے ۔ میں آپ کو صرف وہی کچھ بتا رہا ہوں جو میں نے دیکھا اور جو مجھے بتایا گیا ، پھر بھی آپ جو پسند کریں وہی کر سکتے ہیں ۔ میں نہیں جانتا کہ کیا وقوع میں آئے گا ۔ میں یہ نہیں جانتا ، میں اتنا جانتا ہوں کہ ان سات گرجوں کے اندر وہ بھید پوشیدہ ہے ، جن پر آسمان خاموش ہو گیا تھا ۔ کیا سب لوگ سمجھ گئے ہیں ؟ یہ وہی وقت ، وہی گھڑی ہو سکتی ہے جس میں اس شخص کے منظر پر آنے کی ہم توقع کر رہے ہیں ۔ شاید جس خدمت کے وسیلے میں نے لوگوں کو کلام کی طرف واپس لانے کی کوشش کی ہے ، اسی نے بنیاد ڈال دی ہو اور اگر ایسا ہے تو پھر میں آپ کو بھلائی کی خاطر چھوڑ رہا ہوں ۔ ایک ہی وقت میں دو شخص بر پا نہیں ہو سکتے ۔ سمجھے ؟ اگر ایسا ہے تو وہ بڑھے اور میں گھٹوں ۔ میں یہ نہیں جانتا ۔ لیکن یہ اعزاز مجھے خدا سے ملا ہے کہ میں نے اتنا کچھ پردہ سے باہر آتے دیکھا ہے (سمجھے ؟) یہ عین سچائی ہے ۔

108 567-5مجھے یقین ہے کہ آپ نے اس ہفتہ کے دوران واقع ہونے والے کاموں کو ملاحظہ کیا ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ آپ نے کولن گھرانے کے لڑکے پر غور کیا ہو گا جو ایک رات مرنے کے قریب تھا ، اور اس چھوٹی لڑکی پر بھی جو لیوکیمیا کا شکار تھی۔ خدا کی بادشاہی آرہی ہے اور یہ پہلے کی نسبت زیادہ منفی

سے مثبت ہوتی جا رہی ہے۔ اب اس سے لوگوں کا گلا گھٹنا نہیں چاہیے ۔ پہلے راستبازی اور اس سے تقدیس اور پھر پاک روح کے بپتسمہ کے بعد ہم اس مقام تک پہنچ گئے ہیں ۔ سمجھے ؟ ہم ہر وقت خدا کے زیادہ قریب ہو تے جا رہے ہیں ۔

اے میتھو ڈسٹ خادمو، کیا آپ دیکھ نہیں سکتے کہ آپ کا تقدیس کا پیغام اس سے کتنا بلند تھا جس کی لوتھر نے منادی کی تھی ؟ اے پینتی کاسٹلو، کیا آپ دیکھ نہیں سکتے کہ آپ کا بپتسمہ کا پیغام اس سے کتنا بلند ہے جس کی میتھوڈسٹوں نے منادی کی؟ کیا آپ میرا مطلب سمجھ گئے ہیں ؟ ہم نے بے شمار بہت آگے کی باتیں حاصل کر لی ہیں اور یہ سچ ہے لیکن اگر کوئی اس کی ناجائز تحقیر کرتا ہے اور لوگ ایسی باتیں بنا رہے ہیں جو سچائی نہیں بلکہ جھوٹ ہیں

تو میں اس سے نفرت کرتا ہوں لیکن میں ٹھو س سچائی کو پسند کرتا ہوں ۔ ہمیں اس کی کوئی پرواہ نہیں کہ اس کے راستہ میں کیسی کیسی رکاوٹیں آتی ہیں ۔ اگر یہ سچائی ہے تو بالا آخر خدا اس کے سچائی ہونے کو ظاہر کر دے گا اور اگر وہ جلد ہی ایسا نہ کرے تو پھر میری رویا غلط تھی اب آپ سمجھ سکتے ہیں کہ میں نے خود کو کس مقام پر رکھا تھا ۔

109 2-568اگر کوئی کہے" بھائی برینہم ، یہ کب ہوگا ؟" میں آپ کو نہیں بتا سکتا ۔ مجھے معلوم نہیں ہے لیکن اگر ہم زمین پر کبھی ایک دوسرے سے ملاقات کریں گے ۔ آپ معلوم کریں گے کہ اس کمرہ میں باقی تمام مہروں کا مکاشفہ خدا کی طرف سے حاصل ہو تا رہا ، لیکن اس مہر کا ایک بھید اس لئے ظاہر نہیں کیا گیا کہ سات گرج کی آوازیں سنائی دیں اور یہ مکمل حالت میں انہی کے اندر ہے ، کیونکہ اس کے بارے میں کوئی کچھ نہیں جانتا ، اسے تحریر بھی نہیں کیا گیا تھا ۔ ہم آخری وقت میں ہیں ، ہم اسی وقت میں ہیں ، میں خداکے کلام کے لئے اس کا شکر کرتا ہوں میں یسوع مسیح کے لئے اس کا شکر کرتا ہوں کیونکہ اگر وہ اسے ہمارے گناہوں کے کفارہ کے لئے نہ بھیجتا تو ہم بغیر کسی امید کے گناہوں کی دلدل میں پھنسے ہوتے ،لیکن اس کے فضل سے اس کا خون ہمیں تمام گناہوں سے پاک کرتا ہے ۔ جیسے اگر آپ رنگ کاٹ کر ایک بالٹی میں ایک قطرہ روشنائی پھینک دیں تو آپ پھر کبھی اس روشنائی کو دیکھ نہ سکیں گے ۔ جب ہم اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہیں تو انہیں یسوع مسیح کے خون میں ڈال دیا جاتا ہے ، وہ دوبارہ کبھی نہ مل سکیں گے ۔ خدا انہیں یوں بھول جاتا ہے جیسے وہ کبھی تھے ہی نہیں اور جب تک وہ قربانی ہمارے کفارہ کے لئے وہاں رکھی ہے تب تک ایسا ہی ہے ۔ سمجھے ؟ اب ہم گناہگارہ نہیں ہیں ، ہم خدا کے فضل سے مسیحی ہیں ۔

110 4-568یاد رکھیں ، شاید اپنی ذات میں ہم بے حد بُرے تھے مگر دیکھئے کہ خدا کا فضل ہم پر ظاہر ہوا ہے اور اس نے ہمیں وہ بنا دیا ہے جو آج کے دن ہم ہیں ، یعنی مسیح اور بھائی بہنیں ۔

یہ ہفتہ میرے لئے بہت مصروف رہا ہے ۔ میں تھک گیا ہوں ، میرا ذہن تھک گیا ہے ، کیونکہ میں نے اتنی محنت کی ہے جیتنی میں کر سکتا تھا ۔ ہر روز کوئی عجیب بات سامنے آتی رہی ہے ۔ میں خوشی خوشی کمرے میں داخل ہوتا اور جب چند منٹ وہاں ٹھہرتا تو کوئی ایسی بات دیکھتا جو پوری طرح مجھے چکرا کر رکھ دیتی ۔ میں وہاں جاتا اور اپنے مسوادات تیار کرتا ۔ میں ڈاکٹر اور یاہ سمتھ کی کتب اٹھاتا اور اس کے علاوہ دیگر تمام مصنفین کی کتابیں اور ان سب کا مطالعہ کرتا ۔ میں کہتا " اب یہ چھٹی مہر ہے ۔ یہ چوتھی مہر ہے ۔ اب یہ آدمی کیا کہتا ہے ؟ " اور وہ کہتا " وہ بھی کہتا کہ یہ ایسے ہے یا ایسے ہے اور مجھے یوں لگتا کہ میں نے درست چیز معلوم نہیں کی ہے ۔

111 1-569اور پھر میں سوچتا " خداوند ، یہ کیا ہے ؟ " اور میں کچھ دیر فرش پر ادھر سے ادھر پھرتا رہتا ۔ میں جھکتا اور دعا کرتا ، پھر اٹھ کر بائبل لیتا اور بیٹھ کر پڑھنے لگتا اور پھر فرش پر پھرنے لگتا اور پھر اچانک جب میں پر سکون ہو جاتا تو یہ منکشف ہو جاتی ۔ تب میں فورا قلم پکڑ تا اور لکھنے لگ جاتا ، جو کچھ میں دیکھ اور کر رہا ہوتا یا جو کچھ مجھے نظر آ رہا ہوتا تھا اسے میں قلم بند کر لیتا تھا ۔ پھر دن کا باقی حصہ میں تلاش کرنے اور دیکھنے میں گزارتا کہ یہ سب کچھ کلام کے موافق ہے یا نہیں ۔ کلام کہتا ہے " سب باتوں کو ثابت کرو" ۔ سمجھے ؟

میں اسے تلاش کرتا اور دل میں کہتا " بہت سے لوگ رویائیں دیکھتے ہیں ۔ بہتوں کو مکاشفات ملتے ہیں " ۔ لیکن اگر کوئی چیز کلام کے بر عکس ہو تو اسے ترک کر دیں ۔ یہ درست ہے اسے ترک کر دیں ۔

112 3-569پھر میں کسی بات کو آگے لے کر بڑھتا ۔ کسی نقطہ کو آگے لے کر بڑھتا اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر نشان لگاتا جاتا ۔ میں سوچتا " جماعت یہ سن کر بہت خو ش ہوگی کیونکہ اس کا تعلق یہاں اور یہاں مل رہا ہے ۔ اب دیکھتے ہیں کہ یہ یہاں پر کیا کہتا ہے ؟ ہاں ، یہ اس مقام پر بھی درست ہے " (سمجھے ؟) پھر میں اسے بائبل میں تلاش کرتا اور پورے ہفتہ میں اسی طرح میں نے سب کچھ تیار کر لیا ۔ اب یہ ٹیپوں پر موجود ہے آپ کو ان کی طرف خوش آمدید کہا جاتا ہے اور میں نے مسیحی رفاقت ، خدا کے فضل سے یسوع مسیح کی خاطر تمام آدمیوں کے لئے اپنے علم کے مطابق سر توڑ کوشش کی ہے ۔ میں نے اپنے علم کے لحاظ سے پو ری محنت کی ہے ۔ آپ بہترین جما عت ثابت ہوئے ہیں ۔ اس سے بہتر لوگ کبھی کسی کو نہیں ملے ۔ آپ لوگ دن کے ایک بجے ہی یہاں آ جاتے اور پانچ بجے تک کھڑے رہتے تھے جب تک کہ گرجا گھر کے دروازے کھول نہ دئیے جاتے اور لوگوں کو اندر آنے کی اجازت نہ ملتی ۔ آپ سردی میں کھڑے رہے حتیٰ کہ آپ کی ٹانگیں درد کرنے لگ جاتیں ۔ میں نے مردوں کو اٹھ کر عورتوں کو جگہ دیتے دیکھا ہے ، یا کئی لوگ خود اٹھ جاتے اور کسی دوسرے کو جگہ دیتے تھے

113 1-570میں نے دل میں کہا" خداوند یہ سب کچھ عجیب ہے " ۔ یہ ہفتہ بڑا پر اسرار گزرا ہے ۔ سارا کام ہی عجیب ہوتا رہا ہے ۔ لوگ کس طرح آتے رہے ہیں ۔ لوگ سننے کے لئے عمارت کے باہر ، کھڑکیوں میں ، دروازوں میں ، مقدس کے عقب کی طرف،غرض ہر جگہ کھڑے رہے ہیں اور جہاں تک مقرر ہونے کا تعلق ہے تو میں ہر گزمقرر نہیں ہوں ۔ میں اپنی عقل سے جانتا ہوں کہ میں کوئی مقرر نہیں ہوں ، لیکن لوگ کیوں ، اس طرح اکٹھے ہو کر میری سنتے ہیں ؟ وہ ایسا کیوں کرتے ہیں ؟ وہ میرے جیسے کسی آدمی کو سننے نہیں آتے بلکہ اس لئے آتے ہیں کہ اس میں کوئی ایسی چیز ہے جو لوگوں کو کھینچ لاتی ہے ۔ سمجھے ؟ اس میں ایسی کوئی بات موجود ہے جو لوگوں کو کھینچ لیتی ہے ۔ جب میں نے شروع کیا تھا تو میری بیوی پلیٹ فارم پر کھڑی یہ گیت گا رہی تھی ۔۔۔

مشرق و مغرب سے آئیں گے وہ

دور کے ممالک سے آئیں گے وہ

شاہ کی ضیافت میں ہوں گے شریک

بن کے مہمان اس کے آئیں گے وہ

مبارک یہ زائر ہیں کس قدر رُخ پاک پر وہ کریں گے نظر

نور الٰہی سے چمکیں گے وہ

بن کے اس کے تاج کے جواہر

فضل کے مبارک حصہ دار ہیں

114 2-570شاید آپ کے ذہن میں ہمیشہ سے یہ خواہش ہو کہ آپ یسوع مسیح کے تاج کے جواہر بن سکیں ۔ پولوس نے کلیسیا سے کہا تھا " تم اس کے تاج کے موتی اور جواہرات ہو" ہم یسوع مسیح کے تاج کے جواہر بننا چاہتے ہیں ۔ ہم کبھی کسی آدمی کو یہ عزت دینا نہیں چاہتے ۔ آپ میری نسبت سب کچھ بھول جائیں ۔ میں آپ کا بھائی ہوں ، ایک گناہگار جسے فضل سے نجات ملی ، جو زندہ رہنے کے لائق نہ تھا ۔ یہ عین سچائی ہے اور میں یہ محض انکساری کے لئے نہیں کہہ رہا بلکہ یہ حقیقت ہے ۔ میرے اندر کچھ نہیں ، کوئی خوبی نہیں ۔ لیکن خدا کے فضل نے میری بجھتی ہوئی آنکھوں کو وقت کے پردے کے پار دیکھنے کے قابل کیا۔

115 3-570میں لوگوں سے محبت کرتا ہوں ۔ جب میں چھوٹا بچہ تھا تو میں چاہتا تھا کہ کوئی مجھ سے پیار کرے اور میرے ساتھ باتیں کرے۔ لیکن میرے خاندان کے نام کی وجہ سے کوئی بھی ایسا نہیں کرتا تھا ۔ کوئی میرے ساتھ بات نہ کرتا تھا ۔ لیکن جب میں نے اپنا دل خدا کو دیا ، تب ہمارے لوگ ، جن کا پس منظر آئر لینڈ سے تھا (وہ کیتھو لک تھے) ، میں خیا ل کرتا تھا کہ شاید یہی درست ہے ۔ میں ان کی طرف گیا تو ان کا اور طریقہ تھا ، میں بیپٹسٹ کلیسیا میں گیا تو ان کا طریقہ ان سے مختلف تھا ۔ میں نے کہا " خداوند ، کوئی ایسا راستہ بھی ہوگا جو سچا ہے "۔ اور کسی نے کہا " وہ کلام ہے "۔

116 1-571میں نے اس کلام کو تھامے رکھا ہے ۔میری رویاؤں کا ہر طرف پورا ہونا دیکھئے ۔ جس روز میں اس گرجا گھر کا کونے کا پتھر بٹھا رہا تھا ، اس صبح رویا میں خدا نے جو کچھ مجھے دکھایا اسے میں نے لکھ کر کونے کے پتھر کے نیچے رکھ دیا : " وقت اور بے وقت مستعد رہ ۔ ہر طرح کی تعلیم کے ساتھ ملامت اور نصیحت کر ، کیونکہ وہ وقت آتا ہے جب لوگ صیحح تعلیم کی برداشت نہ کریں گے ، بلکہ اپنی خواہشوں کی پیروی میں کانوں کی کھجلی کے باعث بہت سے استاد بنا لیں گے اور سچائی کی طرف سے منہ پھیر کر کہانیوں پر متوجہ ہوں گے " ۔ میں نے ان دونوں درختوں کو دیکھا ہے جن کے پاس میں کھڑاہوتا تھا کہ اسی طرح کا م کر رہے ہیں ۔ یہ سچ ہے اور ہم یہاں پر ہیں ۔ یہ سچ ہے ۔

117 2-571میں ایک نیک مشورہ آپ کو دینا چاہتا ہوں ۔ کسی شخص کو " آپ کا شکریہ " مت کہیں ۔ کسی کو خادم ، یا کچھ سمجھتے ہوئے کسی فانی انسان کو ایسا مت کہیں ، اس کے پیچھے کوئی اچھی چیز ہے ، لیکن وہ خود کچھ نہیں ، مجھے اس سے کوئی غرض نہیں کہ وہ کون ہے ۔ کسی آدمی میں کوئی اچھی نہیں ہے ۔ یہ سچ ہے ۔ اگر کسی جگہ تمام نرسنگے جمع ہوں اور ان میں سے ایک پر کوئی دُھن بجانی ہو تو یہ بجانے والا آدمی ہوگا ، کیونکہ خود نرسنگے بے آواز ہوتے ہیں ۔ یہ اس آدمی کی خوبی ہے جو نرسنگا بجا سکتا ہے ، وہ نرسنگا اٹھاتا ہے اور اسے علم ہوتا ہے کہ وہ کیا کرنے جا رہا ہے ۔ نرسنگے کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ آواز اس ذہن میں سے آتی ہے جو اس کے پیچھے کام کر رہا ہوتا ہے (یہ سچ ہے) ، تمام نرسنگے ایک جیسے ہوتے ہیں ۔ تمام انسان ایک جیسے ہوتے ہیں ، تمام مسیحی ایک جیسے ہوتے ہیں ۔

118 3-571ہمارے درمیان کوئی آدمی بڑا نہیں ہے ۔ ہم تنظیم آدمی یا عظیم عورتیں نہیں ہیں ۔ ہم بھائی بہنیں ہیں ۔ سب ایک حلقے میں ایک جیسے ہیں ۔ ہم عظیم نہیں ہیں ۔ کوئی دوسرے سے زیادہ عظیم نہیں ہے ۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے ۔ بلکہ ہم سب انسان ہیں ۔ کسی بات کی تشریح کی کوشش نہ کریں ۔ کسی بات میں اضافہ کرنے کی کوشش نہ کریں بلکہ صرف یسوع مسیح کو عزت اور جلال دیتے ہوئے زندگی گزاریں ۔ کیا اب آپ سب لوگ سمجھ گئے ہیں ؟ اپنے سارے دل سے خدا کو پیار کریں ۔ کیا آپ ایسا کرتے ہیں ؟

مجھے اس سے محبت ہے مجھے اس سے محبت ہے

کیونکہ اس نے پہلے مجھ سے محبت کی

اور کلوری کی سولی پر میری نجات خرید لی

119 4-571خدا کی تعریف ہو ۔ کیا سب لوگ پورے طور پر سمجھ گئے ہیں ؟ کیا سب لوگ ایمان رکھتے ہیں ؟ کیا آپ کو یاد ہے کہ جب میں نے آغاز کرتے ہوئے کہا تھا " ہمارے پیغام پر کون ایمان لایا؟ اور خداوند کا بازو کس پر ظاہر ہوا ؟ "

کیا خدائے ذوالجلال نے اپنا رحم آپ پر منکشف کیا ہے ؟ آمین ۔

یاد رکھیں اپنے سارے دل سے خدا سے محبت رکھیں ۔ میں اب گھر واپس جا رہا ہوں ۔ خداوند کی مرضی ہوئی تو یکم جون تک واپس آؤں گا ۔ اگر خداوند نے میرے دل میں ڈالا تو میں موسم گرما کے آغاز یعنی جون کے شروع میں ہی اگر خداوندنے آنے میں دیر لگائی ، میں ایک بار پھر یہاں آکر آخری سات نرسنگوں کے پیغام کے لئے سات راتیں مقرر کروں گا ۔ کیا آپ یہ پسند کریں گے ؟ کیا آپ میرے لئے دعا کریں گے کہ خدا میری مدد فرمائے ؟ ٹھیک ہے ۔ جب تک میں آپ سے دوبارہ ملوں ، اس اچھے پرانے گیت کو یاد رکھیں :

مجھے اس سے محبت ہے مجھے اس سے محبت ہے

کیونکہ اس نے پہلے مجھ سے محبت کی اور کلوری کی سولی پر میری نجات خرید لی

اب میں چاہتاہوں کہ آپ اپنے سروں کو جھکائیں ۔ میں آپ کے لئے دعا کرنا چاہتا ہوں ۔ اس سے پہلے کہ پادری صاحب ہمیں رخصت کریں ، میں آپ کے لئے دعا کرنا چاہتا ہوں ۔

120 2-572ہمارے آسمانی باپ ، بخش دے کہ لوگ سمجھ جائیں ، کیونکہ مجھے یقین ہے کہ کوئی ایسی بات ہے جو وہی نہیں سمجھے ۔ لیکن اے باپ ، بخش دے کہ وہ مقصد کو جان لیں اور سمجھ جائیں کہ یہی تیرا ان کے لئے فضل ہے کہ تو نے ان پر یہ سب چیزیں منکشف کی ہیں ۔ ان باتوں کا علم ہو جانے پر جن کو تو نے ہم پر ظاہر کیا ہے میں تیرا شکر یہ بجا لانا چاہتا ہوں ۔

اور میں ہر اس شخص کے لئے جو یہاں موجود ہے ، ہر ایک کے لئے جو ان عبادات میں شریک ہوتا رہا ہے ، دعاکرنا چاہتا ہوں ، اگر کچھ لوگ ایسے ہوں جو ایمان نہ رکھتے ہوں ، بخش دے کہ وہ ایماندار بن جائیں ۔ میں ان سب لوگوں کے لئے دعا کرتا ہوں جو ٹیپ کے ذریعے پیغام سنیں گے اور اگر یہ بہت سے غیر ایمانداروں کے گھروں میں پہنچے اور یہ بلاشک پہنچے گا ، جو اس سے اختلاف رکھتے ہوں ، لیکن باپ میں ان سب کے لئے دعا کرتا ہوں کہ کوئی کفر کا کلمہ کہنے سے پہلے وہ بیٹھ کر کلام مقدس کے ان حوالہ جات کو دیکھیں جو بیان کیے گئے ہوں ، اور پھر تجھ سے کہیں کہ ہم پوری طرح مخلص ہیں اور جاننا چاہتے ہیں کہ یہ سچ ہے یا نہیں ۔ باپ ، میری ان کے لئے یہی دعا ہے۔

121 4-572اور خداوند میں ان لوگوں کے لئے دعا کرتا ہوں جو دیواروں کے ساتھ کھڑے ہیں ، جو باہر کھڑے ہیں ، جو کاروں میں بیٹھے ہیں ، چھوٹے بچوں کے لئے ، خداوند ان سب کے لئے دعا کرتا ہوں ۔ میری تجھ سے التجا ہے کہ تو میری دعاؤں کا جواب دے اور ان سب کو برکت دے ۔

خداوند سب سے پہلے انکوہمیشہ کی زندگی عطا کر ۔ میری دعا ہے کہ ان میں سے ایک بھی کھو نہ جائے اور اے باپ، ہم نہیں جانتے کہ یہ عظیم واقعہ کب ہوگا ، لیکن جب ہم ان نشانوں اور کلام کے واقعات کو ظاہر ہوتے دیکھتے ہیں تو یہ ہمارے دل کو خطرے کے نشان سے اوپر خبردار کرتے ہیں ۔ خدا باپ، میری دعا ہے کہ تو ہمارا مددگار ہوگا ۔ میری دعا ہے کہ ہمارے پیارے پاسبان بھائی نیول کی مدد کر ۔ خداوند، اسے فضل اور قدرت اور حکمت سے بھر پور کر تاکہ وہ جمع شدہ خوراک سے خدا کے بروں کی پرورش کر سکے میری دعا ہے خداوند کہ بیماری کو ہم سے دور رکھ بخش دے کہ جب لوگ بیمار ہوں تو وہ یاد کریں کہ خداوند یسوع کا خون موجود اور کافی ہے اور ہمارے کفارے کے لئے مذبح پر رکھا ہے او ر میری دعا ہے کہ تب وہ فوراً شفاء پا جائیں ۔ میری دعا ہے کہ شیطان کی قدرت کو ان سے دور رکھ کہ وہ انکا حوصلہ پست کر کے انہیں رسومات قائم کرنے کی آزمائش میں نہ ڈالے ۔ خداوند ، دشمن کی تمام قوتوں کو ان سے دور رکھ ۔ ہمیں اپنے کلام سے مقدس کر ۔ خداوند ، یہ سب بخش دے ۔

122 2-573اور پھر خداوند ، میری دعا ہے کہ تو میرا مدد گار ہو ۔ خداوند اب میں بوڑھا ہوتا جا رہا ہوں ۔ میں جانتا ہوں کہ اب میرے دن زیادہ نہیں ہونگے ، اور میں دعا کرتا ہوں کہ تو میری مدد کرنا ۔ خداوند ، مجھے سچا ، دیانتدار اور مخلص بنا تا کہ میں اس پیغام کو اٹھا رکھنے کے قابل رہوں جب تک اس کا اٹھا رکھنا میرے لئے مقرر ہے اور خداوند ، جب وقت آئے جب میں لیٹ جاؤں گا ، جب میں دریا میں اتروں گا اور لہریں آنا شروع کر دیں گی ، اے خدا، اس وقت مجھے اس قابل بنانا کہ میں اس قدیم تلوار کو کسی ایسے شخص کے سپرد کر سکوں جو اس کے ساتھ دیانتدار رہے اور سچائی کو قائم رکھے ۔ خداوند، یہ بخش دے ۔ اس وقت تک مضبوطی اور صحت اور ہمت عطا کر ۔ میری کلیسیا کی مدد کر ، خداوند ہم سب کو برکت دے ۔ ہم تیرے ہیں ۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ تیرا روح اس وقت ہمارے درمیان موجود ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ تو ہماری دعاؤں کا جواب دے گا ، اس لئے کہ ہم خود کو ، جب تک ہم اس زمین پر ہیں ، تیرے کلام کے ساتھ تیری خدمت کے لئے تیرے سپرد کرتے ہیں ۔ ہم یہ سب کچھ اپنے پیارے منجی یسوع مسیح کے نام میں اس کے جلال کی خاطر مانگتے ہیں ۔ آمین۔

خدا آپ کو بر کت دے ۔

مجھے (پورے دل سے) اس سے محبت ہے

کیونکہ اس نے پہلے مجھ سے محبت کی

بھائی نیول ، خدا آپ کو برکت دے ۔

123 [ابھی آپ نے اصل" سا تو یں مُہر"کا سننا مکمل کیا ہے جیسا کہ یہ پو رے طو ر پر ما رچ 24، 1963 اتوار شا م کو بر ینہم ٹیبر نیکل جیفر سن ویل ، انڈیا نا میں سنا یا گیا تھا۔ بھا ئی بر ینہم اس اصل ریکا رڈنگ کو پیش نہیں کر نا چا ہتے تھے۔ اگلی صبح مارچ 25، 1963 سو موا ر کو بھا ئی بر ینہم بھا ئی فر یڈ سا ئوتھمین اور بھا ئی جیمز میگوا ئر کے ہو ٹل کے کمر ے میں گئے جو اس وقت ٹیپ تیا ر کر نے کے ذمہ دا ر تھے

[بھائی برینہم نے بروز سوموار 25 مارچ1963 ء کو ساتویں مہر سے متعلق مزید پیغام ریکارڈ کروایا جو اس سے آگے پیش کیا جا رہا ہے ۔۔۔ ایڈیٹر]

124 1-574یہ اچھی بات ہوگی کہ شیطان اس کے بارے میں کچھ نہ جان سکے ، کیونکہ اگر وہ جان گیا تو وہ اس کی نقل کرے گا ۔ یہ اس کا کام کرنے کا طریقہ ہے ۔ اس لئے خدا نے اسے تمام دنیا سے حتیٰ کہ آسمان سے بھی یوں پوشیدہ رکھا ہے کہ اسے سمجھنے کا کوئی طریقہ نہیں ، اسے صرف خدا ہی خود ظاہر کرے گا ۔

اب میں آج رات چاہتا ہوں کہ آپ کی توجہ چھٹی مہر کی طرف مبذول کراؤں ۔ چھٹیُ مہر کے اندرسہ پرتی مقصد موجود تھا ۔ گھڑ سواروں کا بھی سہ پرتی مقصد تھا ۔ ان سب چیزوں میں سہ پرتی مقصد موجود تھا ۔ یہ بات ہمیں واپس تین اور سات کی طرف لاتی ہے ، یعنی سات مہروں ، سات پیالوں وغیرہ کی طرف۔

125 3-574اب خدا اپنے کلام کو ظاہر کرنے کے علم الاعداد میں تین اور سات کو استعمال کرتا ہے ۔ اب آپ غور کریں تو گھڑ سواروں کے ساتھ تین قسم کے گھوڑے نکلے تھے جن میں سے پہلا سفید ، دوسرا سرخ ، اور تیسرا سیاہ رنگ کا تھا اور پھر چوتھے گھوڑے میں وہ سب اکٹھے مل کر آئے ۔ دیکھئے ، یہ سہ پرتی مقصد تھا ۔

خدا نے بھی اسی طرح کیا ۔ خدا نے بھی اسی طرح کیا جب اس نے مخالف مسیح کے مقابلہ میں ببر شیر یعنی اپنے کلام کو بھیجا پھر ہم دیکھتے ہیں کہ اس نے مصیبت کے دور میں قربانی کے جانور بیل کو بھیجا اور مصیبت کے دور میں لوگ کام کرتے ، غلامی کرتے اور خود کو قربان ہونے کے لئے پیش کرتے رہے ۔

126 5-574پھر ہم دیکھتے ہیں کہ اصلاح کاری کے دور میں خدا نے انسانی عقل کو بھیجا ، تیسرے حیوان کا سر انسان جیسا تھا ، یہ ایک قوت تھی جو اصلاح کاروں کے اندر کام کرتی رہی

کیا آپ نے کبھی غور کیا ہے کہ ابھی تک لوگ اسی طرح لٹکے ہوئے ہیں جیسے اصلاح کاروں کے زمانہ میں ان کی حالت تھی ، کیونکہ وہ اس کام کو عالمانہ نظر سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں وہ اسے طریقہ سے دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں جو ان کی سیمنریوں نے سکھایا ہے ، یہ کسی زمانہ میں خدا کا طریقہ تھا مگر اب ہم اس سے بہت آگے جا چکے ہیں ۔

127 7-574اب ہم عقاب کے زمانہ میں ہیں ، جس میں مکاشفہ اور تمام دیگر بھید ظاہر کئے جائیں گے ۔ اب اس کا موازنہ مکاشفہ 10باب کی 1تا7 آیت کے ساتھ کریں تو ہم دیکھیں گے کہ مکاشفہ 10:1-7 کے مطابق آخری فرشتہ کے پیغام کے تحت خدا کے تمام بھید مکمل ہو جائیں گے ۔

ہم چھٹی مہر میں جو اب کھل چکی ہے ، یہ بھی دیکھتے ہیں کہ یہ ایک سہ پرتی مقصد رکھتی ہے ۔ وہ مقاصد یہ ہیں : سب سے پہلے یہ کہ سوئی ہوئی کنواریوں کو تلخیص کے عمل کے لئے مصیبتوں کے دور سے گزارنا ۔ اسے ایمان نہ لانے اور اس پیغام کو رد کرنے کے گناہوں سے پاک کیا جائے گا اور یہ کام مصائب کے دور میں کیا جائے گا ۔ ہم اس کی تکمیل مکاشفہ کے سات باب میں دیکھتے ہیں ۔ چھٹے اور ساتویں باب کے درمیان ان کی صفائی کا کام ہوا اور انہیں جامے دئیے گئے ۔

128 2-575اب، یہ دُلہن نہیں بلکہ یہ کلیسیا ہے ، یہ وہ خالص لوگ ہیں جنہیں شاید اس پیغام کو قبول کرنے کا موقع نہیں مل سکا ہوگا لیکن پھر بھی ان کا دل مخلص ہوگا اور خدا ان کے دل سے واقف ہے اور یہاں وہ اس عرصہ کے دوران پاک کئے جائیں گے ۔

کیا آپ نے غور کیا کہ صفائی کا ایک اور وقت بھی ہے ، یعنی قوم بنی اسرائیل کے لئے جب وہ جمع ہوں گے ۔ یہ دوسری پرت ہے ۔ خدا مصیبت کے دور میں اسرائیل کو پاک کریگا ۔ لاکھوں اسرائیلی جو جمع ہوں گے ، ان میں ایک لاکھ چوالیس ہزار برگزیدہ ہوں گے اور ان کو بھی پاک کیا جائے گا ۔ خدا اسرائیل کو پاک کر رہا ہے ۔

129 4-575غور کریں کہ تمام روئے زمین کو ہی پاک کرنا ضروری ہے ۔ ایک ایسا کام ہوگا جس سے چاند ، ستاروں اور تمام فطرت کو پاک کیا جائے گا ۔ کیا آپ سمجھ رہے ہیں کہ یہ کیا ہے ؟ زمین خود کو نیا بنا رہی ہے ، پاک ہو رہی ہے ،۔ ہزار سالہ آرہی ہے ، ہزار سالہ بادشاہت کے لئے تیار ہو رہی ہے ۔ ہزار سالہ بادشاہت آ رہی ہے ۔ دیکھئے، ہر چیز جس کے اندر کوئی گندگی موجود ہے اسے چھٹی مہر کے دوران صاف کیا جائے گا ۔ اب کیا آپ نے اس ساتویں مہر کے کھلنے پر غور کیا ہے کہ اس میں بھی سہ پرتی بھید ہے ۔ آسمان پر گرج کی سات آوازیں اس بھید کو کھو لیں گے ۔ یہ عین مسیح کی آمد کے وقت ہوگا کیونکہ یسوع نے کہا تھا کہ کوئی نہیں جان سکتا کہ میں کب واپس آؤنگا ۔

130 6-575کیا آپ دیکھتے ہیں کہ جب یہودیوں نے اس سے یہ پو چھا ؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ ہم متی 24 باب کا موازنہ چھے مہروں کے ساتھ کرتے ہیں تو وہاں ساتویں مہر غائب ہے ، کیونکہ مسیح نے بتایا تھا کہ یہ فرشتے بھی نہیں جانتے ، صرف خدا ہی جانتا ہے ۔ اس لئے حیرت کی بات نہیں ہے کہ اسے لکھا تک نہیں گیا ۔ کیا آپ نے دیکھا کہ ہر چیز خاموش ہو گئی ، کچھ وقوع میں نہ آیا ۔ فرشتے یہ نہیں جانتے ، کوئی بھی نہیں جانتا کہ وہ کب آرہا ہے ۔ لیکن یہ گرج کی سات آوازیں ہونگی جو اس وقت اس عظیم مکاشفہ کو ظاہر کر دیں گی ۔ اس لئے میرا یمان ہے کہ اگر ہم اسے نہیں جانتے ہونگے اور یہ اس گھڑی تک جانا بھی نہ جائے گا ، لیکن یہ اس روز ظاہر کر دیا جائے گا ۔ جو گھڑی اس کے لئے مقرر ہے اسی میں یہ ظاہر ہوگا ۔ اس لئے ہمارے کرنے کا کام یہ ہے کہ ہم خدا کی تعظیم اور اس کی خدمت کریں اور وہ سب کچھ کریں جو ہمیں کرنا چاہیے اور اچھے مسیحیوں کی سی زندگی بسر کریں ۔ اب یہاں ہم دیکھ رہے ہیں کہ چھٹی مہر کا بھید ہم پر کھل گیا ہے ہم اسے دیکھ رہے ہیں لیکن ہم جانتے ہیں کہ ساتویں مہر لوگوں پر افشا نہیں کی جاسکتی جب تک وہ گھڑی نہ آ جائے ۔

131 3-576اب کوئی سبب موجود تھا جس کی بنا پر سات گرج کی آوازوں کو پیدا ہونے دیا گیا ، کیونکہ اسے جانا چاہئے تھا ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ مسیح نے یعنی برہ نے خدا کے ہاتھ سے اس کتاب کو لے لیا اور ساتویں مہر کو کھولا ۔ لیکن آپ جانتے ہیں کہ یہ ایک پوشیدہ بھید ہے ۔ کوئی اسے نہیں جانتا ۔ یہ عین اس کے بیان کے مطابق ہے جو اس نے کہا تھا کہ کوئی اس کی آمد کو نہ جانے گا ، لوگ ان سات گرج کی آوازوں کو بھید کو بھی نہ جان سکیں گے ۔ یوں آپ دیکھتے ہیں کہ یہ باہم منسلک ہیں ۔ آج ہم اس کے بارے میں اتنا جان گئے ہیں کہ باقی تمام باتیں تو در پردہ ہیں مگر یہ بات در پردہ نہیں ہے لیکن جب میں کمرے میں تھا تو میں نے سنا تھا کہ کچھ نہیں لیکن ان سات گرجوں تک اسے کھلتے دیکھا اور ہم اسی مقام تک آگے بڑھ سکتے ہیں اور اب مجھے بھروسہ ہے کہ آپ میں سے ہر شخص خدا کی خدمت کریگا اور وہی کام کریگا جو درست ہے ۔ اپنی عمر بھر خدا سے پیار کریں اور اس کی خدمت کریں اور وہ آپ کی سب فکریں اپنے اوپر لے لے گا ۔

132 5-576اب ہم یہاں تکمیل تک پہنچ گئے ہیں ، خدا کے فضل سے تمام بھید جو پہلی چھے مہروں میں پوشیدہ تھے ان کی ہم تکمیل تک پہنچ گئے ہیں ، لیکن ہم سمجھتے اور جانتے ہیں کہ ساتویں مہر سب پر ظاہر کرنے کے لئے نہیں ہے ۔

اب ، مسیح کی آمد اور اس کی آمد کی گھڑی ، جب زمین بر باد کی جائے گی ۔۔۔ دیکھئے، متی 24باب میں جب شاگردوں نے اس سے سوال کیا " دنیا کے آخر ہونے کا کیا نشان ہوگا ؟ " تو اس نے انہیں اس کا جواب دیا ۔ اس نے متی 31:24میں انہیں بتایا کہ بنی اسرائیل قوم کی حیثیت سے جمع ہوں گے اور پھر اس نے تمثیل بیان کرنا شروع کر دی ۔ سمجھے ؟ یہاں ہم دیکھتے ہیں کہ " انجیر کے درخت سے ایک تمثیل سیکھو ۔ جب تم اسے کونپلیں نکالتے دیکھتے ہو تو جان لیتے ہو کہ گرمی نزدیک ہے " اور پھر کہا " جب تم ان باتوں کو ہوتے دیکھو تو جان لو کہ وقت نزدیک ہے "۔

133 7-576اسرائیل اپنے ملک میں جمع ہو رہے ہیں ۔ لیکن آپ غور کریں کہ یہاں اس نے ساتویں مہر کو چھوڑ دیا اور پھر جب اس نے ساتویں مہر کو کھو لا تو اسے دوبارہ چھوڑ اگیا ۔ سمجھے ؟ پس ہم دیکھتے ہیں کہ یہ ایک مکمل بھید ہے اس لئے کہ ابھی اس بھید کو جاننے کی گھڑی نہیں آئی ہے ، ہم یہاں تک تو جان گئے ہیں ، لیکن اس کا باقی ماندہ حصہ اسی وقت جانا جائے گا جب یسوع اپنی دلہن کے لئے دوبارہ زمین پر ظاہر ہوگا ، یا اس وقت جو کچھ بھی وقوع میں آئیگا ۔

اب آئیے اس گھڑی تک دعا کریں اور درست مسیحی زندگیاں گزاریں ، اور مسیح کی آمد کے منتظر رہیں ۔

134 1-577اور اب اگر یہ ٹیپ کہیں کچھ لوگوں کے ہاتھ لگے تو اس سے کسی قسم کا " ازم " بنانے کی کوشش نہ کریں ۔ آپ کے کرنے کا صرف اتنا کام ہے کہ خدا کی خدمت جاری رکھیں ، کیونکہ یہ بڑا بھید اتنا عظیم ہے کہ خدا نے یوحنا کو اسے لکھنے کی اجازت بھی نہ دی ۔ گرجیں پیدا ہوئیں ، خدا نے وعدہ کیا کہ اس کو کھولا جائے گا لیکن اس وقت تک اسے نہیں کھولا جا سکتا ۔

135 2-577خدا نے جو کچھ ہمیں دکھا یا ہے اس کے لئے ہم اس کے شکر گزار ہیں ۔ آٹھ دن تک میں ہر روز کمرے میں بیٹھا رہتا تھا اور جو پیغام میں نے وضاحت سے بیان کئے ہیں ،یہاں موجود بہت لوگ سمجھ جائیں گے ، اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ یہاں کوئی روحانی چیز مسلسل کام کرتی رہی اور مجھے یقین ہے کہ آپ اسے محسوس نہیں کر سکے اور یہ سب کچھ موجود ہے ، یعنی کلام مقدس کی تشریحات خدا کیطرف سے کی گئی ہیں ، کیونکہ اس کو شروع کرنے سے پہلے ہی اور اس سے پہلے کہ میں نے مغرب کی طرف کوچ کیا ، ایک دن صبح دس بجے خدا نے مجھے ایک رویا دکھائی اور میں نے جو کچھ دیکھا تھا یہاں آکر بیان کیا ، میں جانتا بھی نہ تھا کہ اس کا کیا مطلب تھا ، یہ سات فرشتوں کا جھرمٹ سا تھا ۔ یہ ہمیں یاد ہوگا ۔ یہ آپ کو " صاحبو! یہ کون سا وقت ہے ؟" والے پیغام کی ٹیپ پر ،مل سکتی ہے ۔ یہ بالکل وہی چیز ہے جسے آپ اب دیکھ رہے ہیں ۔

136 3-577میں مغرب میں تھا جب سات فرشتے ظاہر ہوئے ۔ کیا آپ کو وہ ننھے پیامبر یاد ہیں جو مشرق کی طرف اڑتے گئے ۔ ان کے بعد کبوتروں (جو کچھ بڑے پرندے ہیں) جیسے پیامبر مشرق کو گئے۔ یہ ہر وقت میرے ساتھ رہے ۔ یہ میری پہلی اور دوسری خدمت تھی ، اب تیسرے نمبر پر سات فرشتے مغرب سے انتہائی تیز اور خوفناک رفتار سے اڑتے آئے

اور مجھے انہوں نے اوپر اٹھا لیا وہ سات مہر وں کے بھید کے ساتھ مشرق کیطرف واپس آ رہے تھے ، بالکل اسی طرح جیسے بھائی جونئیر جیکسن نے خواب میں دیکھا تھا جس کی تعبیر خداوند نے مجھ پر ظاہر کی تھی اور میں نے بیان کی۔ اس مخروط کے انتہائی اندر ایک سفید پتھر تھا جس پر کچھ نہیں لکھا تھا ۔ یہی سبب ہے کہ ان فرشتوں سے پیغام حاصل کرنے کے لئے مجھے مغرب کیطرف جانا پڑا اور واپس آ کر یہاں کلیسیا میں بیان کیا ہے ۔ کیا آپ کو یاد ہے کہ میں نے کہا تھا " اس کے بعد جتنی باتیں منکشف ہوں گی یہاں کلیسیا میں بیان کی جائیں گی"۔ یہ عین اسی طرح ہے ۔

137 578-1ایک اور بات جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں ، اگر آپ " صاحبو ! یہ کون سا وقت ہے ؟" کی ٹیپ سن رہے ہیں تو آپ ملاحظہ کریں گے کہ ایک فرشتہ میرے لئے بالخصوص قابل غور تھا ۔ باقی سب یکساں دکھائی دیتے تھے ، لیکن یہ ان سے نمایا ں تھا ۔ وہ اس مخروط نما جھرمٹ میں بائیں طرف تھا اور آپ کو یاد ہوگا کہ وہ عجیب سفید پتھر جس پر کچھ نہیں لکھا تھا مخروط کے اندر تھا اور فرشتوں نے مجھے اپنے مخروط نما جھرمٹ میں اٹھا لیا ، کیونکہ خدا کے بھید صرف ان کو معلوم تھے اور اب وہ ان پیامبروں کے ساتھ جو اس مخروط کی تعبیر کرنے یا سات مہروں کے بھید جو اس مخروط کے اندر تھا کہ پیغام کو ظاہر کرنے آئے تھے ۔

138 578-2اب، جو فرشتہ میرے بائیں ہاتھ تھا ، اسے آخری یا ساتواں فرشتہ ہونا چاہیے ۔ اگر ہم انہیں بائیں سے دائیں گنناشروع کر یں، وہ مجھے بائیں طر ف نظر آ رہا تھا ، میں مغرب کی طر ف سے اسے دیکھ رہا تھا اور وہ مشرق کی طرف آ رہا تھا اس لئے وہ میرے بائیں طرف تھا ،لہٰذا ساتویں فرشتے کا پیغام بہت نمایا ں قسم کا تھا آ پ کو یاد ہوگا کہ میں نے بتایا تھا کہ اس کا سر پیچھے کو تھا ، اس کے یہ بڑے بڑے اور بہت تیز دھار تھے اور وہ سیدھا میری طرف اڑا چلا آ رہا تھا ۔ اب یہی ساتویں مہر ہے ۔ یہ اب بھی قابل غور چیز ہے ۔ ہم ابھی تک نہیں جانتے کہ یہ کیا ہے ، اس لئے کہ اس کا کھولا جانا ممنوع ہے ۔ لیکن آپ لوگ جو اس عبادت میں شریک ہوئے ہیں جانتے ہیں کہ یہ کیسی عبادت رہی ہے ۔ آخری نشست تک ہر شخص بالکل درست دکھائی دیتا تھا ۔ لوگ دوپہر کو ایک دو بجے ہی آ کر باہر کھڑے ہو جاتے تھے تاکہ جب دروازے کھلیں تو وہ سب سے آگے جگہ حاصل کر سکیں اور جو دیوارں کے ساتھ کھڑے رہتے ، انکی ٹانگیں شل ہو جاتیں ۔ یہ سب کیا ہے ؟ یہ روح القدس تھا جو ان پیامبروں کو ہمارے پاس بھیجتا رہا اور وہ اسے ہم پر منکشف کرتے رہے ۔ اور پھر یہ بھی غور کریں کہ یہ کس طرح کلام کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے ۔

139 578-4آپ کو علم ہونا چاہیے کہ یہ سچائی ہے کیونکہ اس کے وقوع میں آنے سے کئی ماہ پیشتر خداوند نے بتادیا تھا ، اور جب میں اس سے لا علم مغرب کی طرف گیا اور پھر جب واپس آیا تو اس کی تعبیر خداوند نے عطا کر دی تھی ۔

اب یاد رکھیں کہ جب میں رویا میں اوپر اٹھا لیا گیا ، اس وقت خداوند نے مجھے کچھ نہیں بتایا تھا ۔ میں خوفزدہ تھا کہ میری موت واقع ہو جائے گی ، میں ایک دھماکے میں مارا جاؤں گا ۔ آپ دیکھتے ہیں کہ وہ ایسا نہ کر سکے ۔ کمرے کے اندر اس کی تفسیر اسی طرح ظاہر ہوئی جیسے ہونی چاہیے تھی اور جیسے خداوند نے یہ مجھے بخشی اسی طرح میں نے بیان کر دی ۔ عزیزو، اب آپ دیکھ سکتے ہیں کہ رویائیں کبھی ناکام نہیں ہوئیں ، وہ ہمیشہ کامل ہوتی ہیں وہ عین سچ ثابت ہوتی ہیں ۔ رویا ،اور کلام اور تواریخ اور کلیسیائی زمانے سب آپس میں مدغم ہو گئے ہیں ۔ اس لئے میں سچائی کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ میرے بہترین علم کے مطابق اور خدا کے کلام اور رویا اور مکاشفہ کے مطابق یہ تفسیر خداوند یوں فرماتا ہے ۔

خداوند آ پ سب کو فرداً فرداً کثرت سے برکت دے جب کہ ہم کھڑے ہو کر کلیسیا کا اچھا اور پرانا گیت گائیں گے ۔ خدا آپ سب کو برکت دے ۔ آمین [سو موار کو دیے گئے اس پیغا م کا یہ آخر ی حصہ ہے۔ ایڈ یٹر]

140 579-2[بھائی بر ینہم کی ہدا ئت پر سو موار کے پیغا م کا یہ حصہ یہا ں دیا گیا تھا اور یہ اتوار شا م کی عبا دت کے پو رے گیت کا دہرایا جا نا ہے۔ ۔۔ایڈیٹر]

مجھے۔۔۔ مجھے اس سے محبت ہے (پور ے دل سے)

کیونکہ اس نے پہلے مجھ سے محبت کی

بھائی نیول ، خدا آپ کو برکت دے ۔

پیا مبر

William Marrion Branham

اور سا تو یں فر شتہ کے آوا ز دینے کے زما نہ میں۔۔۔ مکا شفہ 10:7

www.messagehub.info